چار مفید چیزوں پر مشتمل لفظی ترجمہ

لفظ بہ لفظ ترجمہ | مکمل بامحاورہ ترجمہ | مختصر حواشی | آیات کے عنوانات



مترجم: شیخ الحدیث والتفسیر حضرت علامہ مولانا الحاج مفتی ابو الصالح محمد قاسم قادری مدظلہ العالی



www.dawateislami.net

حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جواب

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آخری گزارش

گرتی دیوار سیدھی کرنے کا واقعہ اور حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اعتراض

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ

قَالَ	اَلَمْ اَقُلْ	لَّكَ	اِنَّكَ	لَنْ تَسْتَطِيْعَ	مَعِيَ
کہا	کیا میں نے نہ کہا تھا	تم سے	(کہ) بیشک تو	ہرگز طاقت نہ رکھے گا	میرے ساتھ

کہا: میں نے آپ سے نہ کہا تھا کہ آپ ہرگز میرے ساتھ

صَبْرًا ﴿۷۵﴾ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا

صَبْرًا ﴿۷۵﴾	قَالَ	اِنْ	سَاَلْتُكَ	عَنْ شَيْءٍ	بَعْدَهَا
صبر کرنے (کی)	(موسیٰ نے) کہا	اگر	میں سوال کروں تم سے	کسی چیز کے بارے	اس کے بعد

نہ ٹھہر سکیں گے ○ موسیٰ نے کہا: اگر اس مرتبہ کے بعد میں آپ سے کسی شے کے بارے میں سوال کروں

فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿۷۶﴾ فَانْطَلَقَا ۟ وقفة

فَلَا تُصٰحِبْنِيْ	قَدْ	بَلَغْتَ	مِنْ لَّدُنِّيْ	عُذْرًا ﴿۷۶﴾	فَانْطَلَقَا
تو تم ساتھی نہ رکھنا مجھے	بیشک	تم پہنچ چکے	میری طرف سے	عذر (کو)	پھر وہ دونوں چلے

تو پھر مجھے ساتھی نہ رکھنا، بیشک میری طرف سے تمہارا عذر پورا ہو چکا ہے ○ پھر دونوں چلے

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨاسْتَطْعَمَاۤ

حَتّٰى	اِذَاۤ	اَتَيَاۤ	اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨ	اسْتَطْعَمَاۤ (1)
یہاں تک کہ	جب	آئے	ایک بستی والوں (کے پاس)	(تو) انہوں نے کھانا مانگا

یہاں تک کہ جب ایک بستی والوں کے پاس آئے تو اس بستی کے باشندوں سے

اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا

اَهْلَهَا	فَاَبَوْا	اَنْ	يُّضَيِّفُوْهُمَا
اس کے باشندوں (سے)	تو انہوں نے انکار کر دیا	(اس سے) کہ	وہ مہمان نوازی کریں ان دونوں کی

کھانا مانگا، انہوں نے ان دونوں کی مہمان نوازی کرنے سے انکار کر دیا

1 ..... اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی علاقے میں کوئی اجنبی مسافر آئے تو اہلِ علاقہ کو چاہئے کہ اس کی مہمان نوازی کریں، نیز مسافر خود بھی مہمان نوازی کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ حضرت مقدام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے، حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص کسی قوم کا مہمان بنے، پھر وہ اس کی مہمان نوازی نہ کریں تو اس کے لئے اپنی مہمان نوازی کی مقدار (کھانے وغیرہ) کا مطالبہ کرنا جائز ہے۔ (معجم الکبیر، ۲۰/۲۸۲، الحدیث: ۶۶۷)

www.dawateislami.net

فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ

فَوَجَدَا	فِيْهَا	جِدَارًا	يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ	فَاَقَامَهٗ
پھر دونوں نے پائی	اس میں	ایک دیوار	جو ٹوٹ کر گرنا ہی چاہتی تھی	تو اس نے سیدھا کر دیا اسے

پھر دونوں نے اس گاؤں میں ایک دیوار پائی جو گرنا ہی چاہتی تھی تو اس نے اسے سیدھا کر دیا،

قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ هٰذَا

قَالَ	لَوْ	شِئْتَ	لَتَّخَذْتَ	عَلَيْهِ	اَجْرًا ﴿۷۷﴾ [1]	قَالَ	هٰذَا
(موسیٰ نے) کہا	اگر	تم چاہتے	(تو) ضرور لے لیتے	اس پر	کچھ مزدوری	(خضر نے) کہا	یہ

موسیٰ نے کہا: اگر تم چاہتے تو اس پر کچھ مزدوری لے لیتے ○ کہا: یہ

فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ

فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ	سَاُنَبِّئُكَ	بِتَاْوِيْلِ
میرے اور تمہارے درمیان جدائی (کا وقت ہے)	اب میں خبر دوں گا تمہیں	اصل مطلب کی

میری اور آپ کی جدائی کا وقت ہے۔ اب میں آپ کو ان باتوں کا اصل مطلب

مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۷۸﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ

مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ	صَبْرًا ﴿۷۸﴾	اَمَّا	السَّفِيْنَةُ [2]	فَكَانَتْ
(ان باتوں کے) جن پر تم سے نہ ہو سکا	صبر	بہر حال	کشتی	تو وہ تھی

بتاؤں گا جن پر آپ صبر نہ کر سکے ○ وہ جو کشتی تھی تو وہ

لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا

لِمَسٰكِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	فِي الْبَحْرِ	فَاَرَدْتُّ	اَنْ	اَعِيْبَهَا [3]
چند مسکین لوگوں کی	جو کام کرتے تھے	دریا میں	تو میں نے چاہا	کہ	عیب دار کر دوں اسے

کچھ مسکین لوگوں کی تھی جو دریا میں کام کرتے تھے تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کر دوں

حضرت خضر علیہ السلام کا جدائی کا اعلان اور اپنے افعال کی حکمتوں کا بیان

کشتی توڑنے کی حکمت

1 ..... اجرت عمل کی ہوتی ہے یا وقت کی، نیز ان کی اجرت کی باقاعدہ شرائط واحکام ہیں جن پر عمل کرنا ضروری ہے، ان کی تفصیل جاننے کے لئے بہار شریعت حصہ 14 سے ”اجارہ کا بیان“ مطالعہ کریں۔

2 ..... کائنات میں اللہ تعالیٰ کی تکوینی حکمتوں کا مکمل ادراک ممکن نہیں، ہمارا عمل ان پر ایمان لانا اور ان کی تصدیق کرنا ہونا چاہئے۔

3 ..... جب دو ایسے نقصانات کا سامنا ہو جن میں سے ایک بڑا اور ایک چھوٹا ہو تو بڑے نقصان سے بچنے کے لئے چھوٹے نقصان کو اختیار کیا جا سکتا ہے۔

www.dawateislami.net

لڑکے کو قتل کرنے کی حکمت

وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾ وَ

وَ	كَانَ	وَرَآءَهُمْ	مَّلِكٌ	يَّاْخُذُ	كُلَّ سَفِيْنَةٍ	غَصْبًا ﴿۷۹﴾	وَ
اور	تھا	ان کے آگے	ایک بادشاہ	جو پکڑ لیتا تھا	ہر (صحیح سلامت) کشتی	زبردستی	اور

اور ان کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر صحیح سلامت کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا ○ اور

اَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ

اَمَّا	الْغُلٰمُ	فَكَانَ	اَبَوٰهُ	مُؤْمِنَيْنِ	فَخَشِيْنَآ	اَنْ
بہرحال	(وہ) لڑکا	تو تھے	اس کے ماں باپ	ایمان والے	تو ہمیں خوف ہوا	کہ

وہ جو لڑکا تھا تو اس کے ماں باپ مسلمان تھے تو ہمیں ڈر ہوا کہ

يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿۸۰﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا

يُّرْهِقَهُمَا	طُغْيَانًا	وَّ	كُفْرًا ﴿۸۰﴾	فَاَرَدْنَآ	اَنْ	يُّبْدِلَهُمَا (1)
وہ مبتلا کر دے گا انہیں (بھی)	سرکشی	اور	کفر (میں)	تو ہم نے چاہا	کہ	بدلہ میں دے انہیں

وہ لڑکا انہیں بھی سرکشی اور کفر میں ڈال دے گا ○ تو ہم نے چاہا کہ اُن کا رب اُنہیں

دیوار سیدھی کرنے کی حکمت

رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾ وَاَمَّا

رَبُّهُمَا	خَيْرًا	مِّنْهُ	زَكٰوةً	وَّ	اَقْرَبَ	رُحْمًا ﴿۸۱﴾	وَ	اَمَّا
ان کا رب	بہتر	اس سے	پاکیزہ	اور	زیادہ قریب	مہربانی (میں)	اور	بہرحال

پاکیزگی میں پہلے سے بہتر اور حسنِ سلوک اور رحمت و شفقت میں زیادہ مہربان عطا کر دے ○ اور بہرحال

الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ

الْجِدَارُ	فَكَانَ	لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ (2)	فِي الْمَدِيْنَةِ	وَ	كَانَ	تَحْتَهٗ	كَنْزٌ (3)
(رہی) دیوار	تو وہ تھی	دو یتیم لڑکوں کی	شہر میں	اور	تھا	اس کے نیچے	خزانہ

دیوار (کا جہاں تک تعلق ہے) تو وہ شہر کے دو یتیم لڑکوں کی تھی اور اس دیوار کے نیچے ان دونوں کا

1 ..... اولاد کی موت بعض اوقات خیر ہوتی ہے کہ والدین آزمائش سے بچ جاتے ہیں، یا بعد میں انہیں نیک و صالح اولاد ملتی ہے، یا وہ اولاد والدین کے لئے حصولِ جنت کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ 2 ..... یتیم اس نابالغ لڑکے یا لڑکی کو کہتے ہیں جس کا باپ فوت ہو جائے۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ ”جس نے مسلمانوں کے کسی یتیم بچے کے کھانے پینے کی ذمہ داری لی، اللہ عَزَّوَجَلَّ اُسے جنت میں داخل فرمائے گا مگر یہ کہ وہ ایسا گناہ کرے جس کی معافی نہ ہو۔ (ترمذی، ۳/۳۶۸، الحدیث: ۱۹۲۴) 3 ..... اولاد کے لئے مال چھوڑنا خلافِ توکل نہیں، بلکہ حدیثِ پاک کے مطابق اولاد کے لئے مال چھوڑنا انہیں فقیر و محتاج چھوڑنے سے بہتر ہے۔

www.dawateislami.net

لَّهُمَا وَ كَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ

لَّهُمَا	وَ	كَانَ	اَبُوْهُمَا	صَالِحًا[1]	فَاَرَادَ	رَبُّكَ	اَنْ
ان دونوں کا	اور	تھا	ان کا باپ	نیک آدمی	تو چاہا	تمہارے رب (نے)	کہ

خزانہ تھا اور ان کا باپ نیک آدمی تھا تو آپ کے رب نے چاہا کہ

يَّبْلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَ يَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً

يَّبْلُغَاۤ	اَشُدَّهُمَا	وَ	يَسْتَخْرِجَا	كَنْزَهُمَا	رَحْمَةً
وہ دونوں پہنچ جائیں	اپنی جوانی (کو)	اور	نکال لیں	اپنا خزانہ	رحمت

وہ دونوں اپنی جوانی کو پہنچیں اور اپنا خزانہ نکالیں (یہ سب) آپ کے

مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَ مَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ؕ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ

مِّنْ رَّبِّكَ	وَ	مَا فَعَلْتُهٗ[2]	عَنْ اَمْرِيْ	ذٰلِكَ	تَاْوِيْلُ
آپ کے رب کی طرف سے	اور	میں نے نہیں کیا اسے	اپنے حکم سے	یہ	اصل مطلب (ہے)

رب کی رحمت سے ہے اور یہ سب کچھ میں نے اپنے حکم سے نہیں کیا۔ یہ ان باتوں کا اصل مطلب ہے

مَا لَمْ تَّسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾ وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ؕ قُلْ

مَا لَمْ تَسْطِعْ عَلَيْهِ	صَبْرًا ﴿۸۲﴾	وَ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ[3]	قُلْ
(اس کا) جس پر تم نہیں کر سکے	صبر	اور	سوال کرتے ہیں تم سے	ذوالقرنین کے متعلق	تم کہو

جس پر آپ صبر نہ کر سکے ○ اور آپ سے ذوالقرنین کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ تم فرماؤ:

سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿۸۳﴾ ؕ اِنَّا

سَاَتْلُوْا	عَلَيْكُمْ	مِّنْهُ	ذِكْرًا ﴿۸۳﴾	اِنَّا
عنقریب میں پڑھ کر سناتا ہوں	تم پر (تمہارے سامنے)	اس سے (کا)	ذکر	بیشک

میں عنقریب تمہارے سامنے اس کا ذکر پڑھ کر سناتا ہوں ○ بیشک

حضرت ذوالقرنین رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے بارے میں کفار کے سوال کا جواب

حضرت ذوالقرنین رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی بادشاہت

1 ..... اولاد کو ماں باپ کے تقوے کا فائدہ دنیا میں بھی ملتا ہے اور آخرت میں بھی ملے گا۔

2 ..... حضرت خضر عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے افعال کو بنیاد بنا کر فی زمانہ ظاہر شریعت کے خلاف کسی کو کچھ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

3 ..... حضرت ذوالقرنین رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ انتہائی عادل اور انصاف پسند بادشاہ تھے۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ عادل حکمران کو اللہ تعالیٰ اس دن اپنے (عرش کے) سائے میں جگہ عطا فرمائے گا جس دن اس کے (عرش کے) سائے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا۔ (مسلم، ص ۵۱۴، الحدیث: ۹۱(۱۰۳۱))

www.dawateislami.net

مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَ اٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿۸۴﴾

مَكَّنَّا	لَهٗ	فِي الْاَرْضِ	وَ	اٰتَيْنٰهُ	مِنْ كُلِّ شَيْءٍ	سَبَبًا ﴿۸۴﴾
ہم نے اقتدار دیا	اس کو	زمین میں	اور	عطا کیا اسے	ہر چیز سے	ایک سامان

ہم نے اسے زمین میں اقتدار دیا اور اسے ہر چیز کا ایک سامان عطا فرمایا○

فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۵﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ

فَاَتْبَعَ	سَبَبًا ﴿۸۵﴾	حَتّٰۤى	اِذَا	بَلَغَ	مَغْرِبَ الشَّمْسِ
تو وہ پیچھے چلا	ایک راستے (کے)	یہاں تک کہ	جب	پہنچا	سورج غروب ہونے کی جگہ

تو وہ ایک راستے کے پیچھے چلا○ یہاں تک کہ جب سورج کے غروب ہونے کی جگہ پہنچا

وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّ وَجَدَ عِنْدَهَا

وَجَدَهَا	تَغْرُبُ	فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ	وَّ	وَجَدَ	عِنْدَهَا
(تو) اس نے پایا اسے	غروب ہوتا ہوا	ایک سیاہ کیچڑ کے چشمے میں	اور	اس نے پائی	اس کے پاس

تو اسے ایک سیاہ کیچڑ کے چشمے میں ڈوبتا ہوا پایا اور اس چشمے کے پاس ہی

قَوْمًا ؕ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّاۤ اَنْ تُعَذِّبَ وَ اِمَّاۤ اَنْ

قَوْمًا	قُلْنَا	يٰذَا الْقَرْنَيْنِ	اِمَّاۤ	اَنْ	تُعَذِّبَ (1)	وَ	اِمَّاۤ	اَنْ
ایک قوم	ہم نے فرمایا	اے ذوالقرنین	یا	یہ کہ	تو سزا دے (انہیں)	اور	یا	یہ کہ

ایک قوم کو پایا تو ہم نے فرمایا: اے ذوالقرنین! یا تو تُو انہیں سزا دے یا

تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿۸۶﴾ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ

تَتَّخِذَ	فِيْهِمْ	حُسْنًا ﴿۸۶﴾	قَالَ	اَمَّا	مَنْ	ظَلَمَ
تو اختیار کر	ان کے بارے میں	بھلائی	اس نے کہا	بہر حال	جس نے	ظلم کیا

ان کے بارے میں بھلائی اختیار کرو○ کہا: بہر حال جس نے ظلم کیا

(1) ..... علماء نے مسلم حکمران کی متعدد ذمہ داریاں بیان کی ہیں، ان میں سے چند یہ ہیں (1) دین کے مستقل اصولوں اور جس پر اسلاف امت کا اجماع ہے اس کے مطابق دین کا تحفظ کرنا۔ (2) لوگوں کے اختلافات اور جھگڑوں وغیرہ کا عدل و انصاف کے ساتھ تصفیہ کرنا۔ (3) لوگوں کے جان و مال کی چوروں اور لٹیروں سے حفاظت کرنا۔ (4) اسلامی سزاؤں کو نافذ کرنا۔ (5) دشمنوں سے مسلمانوں کی حفاظت کے لئے جنگی ساز و سامان اور آلات حرب وغیرہ کی تیاری کرنا۔ (6) حق داروں کی بیت المال سے مدد کرنا۔ (7) لوگوں کے احوال وغیرہ کی معلومات کرتے رہنا۔ (احکام السلطانیۃ للماوردی، ص۲۷-۲۸، الجزء الاول)

حضرت ذوالقرنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مغرب کی طرف سفر

حضرت ذوالقرنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک قوم پر اختیار ملنا

ظالموں سے متعلق حضرت ذوالقرنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فیصلہ

www.dawateislami.net

فَسَوۡفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ

فَسَوۡفَ نُعَذِّبُهٗ	ثُمَّ	يُرَدُّ	اِلٰى رَبِّهٖ	فَيُعَذِّبُهٗ
تو عنقریب ہم سزا دیں گے اسے	پھر	وہ لوٹایا جائے گا	اپنے رب کی طرف	تو وہ عذاب دے گا اسے

تو عنقریب ہم اسے سزا دیں گے پھر وہ اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا تو وہ اسے بہت برا

عَذَابًا نُّكۡرًا ﴿۸۷﴾ وَ اَمَّا مَنۡ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا

عَذَابًا نُّكۡرًا ﴿۸۷﴾	وَ	اَمَّا	مَنۡ	اٰمَنَ	وَ	عَمِلَ	صَالِحًا
بہت برا عذاب	اور	بہرحال	جو	ایمان لایا	اور	اس نے عمل کیا	اچھا، نیک

عذاب دے گا ○ اور بہرحال جو ایمان لایا اور اس نے نیک عمل کیا

فَلَهٗ جَزَآءَ ۚ الۡحُسۡنٰى ۚ وَ سَنَقُوۡلُ لَهٗ مِنۡ اَمۡرِنَا

فَلَهٗ	جَزَآءَ ۚ الۡحُسۡنٰى	وَ	سَنَقُوۡلُ	لَهٗ	مِنۡ اَمۡرِنَا
تو اس کے لئے	بدلہ بھلائی (ہے)	اور	عنقریب ہم کہیں گے	اس کو	اپنے کام سے

تو اس کا بدلہ بھلائی ہے اور عنقریب ہم اس کو آسان کام

يُسۡرًا ﴿۸۸﴾ ثُمَّ اَتۡبَعَ سَبَبًا ﴿۸۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ

يُسۡرًا ﴿۸۸﴾	ثُمَّ	اَتۡبَعَ	سَبَبًا ﴿۸۹﴾	حَتّٰۤى	اِذَا	بَلَغَ
آسان (کام)	پھر	وہ پیچھے چلا	ایک راستے (کے)	یہاں تک کہ	جب	پہنچا

کہیں گے ○ پھر وہ ایک راستے کے پیچھے چلا ○ یہاں تک کہ جب

مَطۡلِعَ الشَّمۡسِ وَجَدَهَا تَطۡلُعُ عَلٰى قَوۡمٍ لَّمۡ نَجۡعَلۡ

مَطۡلِعَ الشَّمۡسِ	وَجَدَهَا	تَطۡلُعُ	عَلٰى قَوۡمٍ (۱)	لَّمۡ نَجۡعَلۡ
سورج طلوع ہونے کی جگہ	(تو) اس نے پایا اسے	طلوع ہوتا ہوا	ایک قوم پر	ہم نے نہیں بنائی

سورج طلوع ہونے کی جگہ پہنچا تو اسے ایک ایسی قوم پر طلوع ہوتا ہوا پایا جن کے لیے

1 ..... مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ قوم اس جگہ پر تھی جہاں ان کے اور سورج کے درمیان کوئی چیز پہاڑ درخت وغیرہ حائل نہ تھی اور نہ وہاں زمین کی نرمی کی وجہ سے کوئی عمارت قائم ہو سکتی تھی اور وہاں کے لوگوں کا یہ حال تھا کہ طلوع آفتاب کے وقت زمین کے اندر بنائے ہوئے تہ خانوں میں گھس جاتے تھے اور زوال کے بعد نکل کر اپنا کام کاج کرتے تھے۔ (خازن، الکہف، تحت الآیۃ: ۹۰، ۳/۲۲۴، روح البیان، الکہف، تحت الآیۃ: ۵، ۹۰/۲۹۴، ملتقطاً)

www.dawateislami.net

لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾ كَذٰلِكَ ؕ وَقَدْ

لَّهُمْ	مِّنْ دُوْنِهَا	سِتْرًا ﴿٩٠﴾ (1)	كَذٰلِكَ	وَ	قَدْ
ان کے لیے	اس (سورج) کے مقابل	کوئی آڑ	(بات) اسی طرح (ہے)	اور	بیشک

ہم نے سورج سے کوئی آڑ نہیں رکھی تھی ○ بات اسی طرح ہے اور جو کچھ

اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ

اَحَطْنَا	بِمَا	لَدَيْهِ	خُبْرًا ﴿٩١﴾	ثُمَّ	اَتْبَعَ
ہم نے احاطہ کیا ہوا ہے	(اس) کا جو کچھ	اس کے پاس (تھا)	علم (سے)	پھر	وہ پیچھے چلا

اس کے پاس تھا سب کو ہمارا علم محیط ہے ○ پھر وہ ایک اور راستے کے

سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ

سَبَبًا ﴿٩٢﴾	حَتّٰى	اِذَا	بَلَغَ	بَيْنَ السَّدَّيْنِ	وَجَدَ
ایک راستے (کے)	یہاں تک کہ	جب	پہنچا	دو پہاڑوں کے درمیان	اس نے پائی

پیچھے چلا ○ یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا تو اس نے

مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ

مِنْ دُوْنِهِمَا	قَوْمًا	لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ	قَوْلًا ﴿٩٣﴾	قَالُوْا	يٰذَا الْقَرْنَيْنِ
ان کے آگے	ایک قوم	وہ سمجھتے معلوم نہیں ہوتے تھے	کوئی بات	انہوں نے کہا	اے ذوالقرنین

ان پہاڑوں کے آگے ایک ایسی قوم کو پایا جو کوئی بات سمجھتے معلوم نہ ہوتے تھے ○ انہوں نے کہا، اے ذوالقرنین!

اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ فَهَلْ

اِنَّ	يَاْجُوْجَ	وَ	مَاْجُوْجَ	مُفْسِدُوْنَ	فِى الْاَرْضِ (2)	فَهَلْ
بیشک	یاجوج	اور	ماجوج	فساد مچانے والے لوگ (ہیں)	زمین میں	تو کیا

بیشک یاجوج اور ماجوج زمین میں فساد مچانے والے لوگ ہیں تو کیا

علم الٰہی کی شان

حضرت ذوالقرنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تیسرا سفر

ایک قوم سے ملاقات

یاجوج ماجوج سے متعلق قوم کی درخواست

1 ..... مخلوقِ الٰہی میں بڑا تنوع ہے اور ان کے زندگی گزارنے کے طریقوں میں بھی بہت فرق ہے اور یہ سب قدرت اور حکمتِ خداوندی ہے۔

2 ..... فساد فی الارض میں ہر طرح کی ضلالت و گمراہی، شرک و کفر، خرافات و اوہام، قتل و غارت گری، فتنہ پروری و شر انگیزی اور حقوقُ اللہ و حقوقُ العباد کی پامالی شامل ہے اور دینِ اسلام نے فساد فی الارض کی تمام صورتوں سے روکا ہے اور زمین میں فساد پھیلانے والوں پر قرآن مجید میں لعنت کی گئی اور انہیں عذابِ جہنم کی وعید سنائی گئی ہے، لہٰذا فساد فی الارض کرنے والے اسلامی احکام پر عمل نہیں کر رہے بلکہ اس کے خلاف چل رہے ہیں۔

www.dawateislami.net

نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ

نَجْعَلُ	لَكَ	خَرْجًا	عَلٰٓى	اَنْ	تَجْعَلَ	بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ
ہم مقرر کر دیں	تمہارے لیے	کچھ مال	(اس) پر	کہ	تو بنا دے	ہمارے اور ان کے درمیان

ہم آپ کے لیے کچھ مال مقرر کر دیں اس بات پر کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان

سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ

سَدًّا ﴿٩٤﴾	قَالَ	مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ	رَبِّيْ	خَيْرٌ
ایک دیوار	اس نے کہا	جس چیز میں قابو دیا مجھے	میرے رب (نے)	(وہ) بہتر (ہے)

ایک دیوار بنا دیں ○ ذوالقرنین نے کہا: جس چیز پر مجھے میرے رب نے قابو دیا ہے وہ بہتر ہے

فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ لا

فَاَعِيْنُوْنِيْ (1)	بِقُوَّةٍ	اَجْعَلْ	بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ	رَدْمًا ﴿٩٥﴾
تو تم مدد کرو میری	قوت کے ساتھ	میں بنا دوں گا	تمہارے اور ان کے درمیان	مضبوط رکاوٹ

تو تم میری مدد قوت کے ساتھ کرو، میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط رکاوٹ بنا دوں گا ○

اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى

اٰتُوْنِيْ	زُبَرَ الْحَدِيْدِ (2)	حَتّٰٓى	اِذَا	سَاوٰى
تم دو مجھے	لوہے کے ٹکڑے	یہاں تک کہ	جب	اس نے (دیوار) برابر کر دی

میرے پاس لوہے کے ٹکڑے لاؤ یہاں تک کہ جب وہ دیوار

بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ

بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ	قَالَ	انْفُخُوْا	حَتّٰٓى	اِذَا	جَعَلَهٗ
دونوں پہاڑوں کے کناروں کے درمیان	کہا	(آگ) دھونکاؤ	یہاں تک کہ	جب	کر دیا اسے

دونوں پہاڑوں کے کناروں کے درمیان برابر کر دی تو ذوالقرنین نے کہا: آگ دھونکاؤ۔ یہاں تک کہ جب

حضرت ذوالقرنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جواب

مضبوط دیوار کی تعمیر اور یاجوج ماجوج کی بے بسی

1 ..... حضرت ذوالقرنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے قوم سے مدد کرنے کا مطالبہ کیا، اس سے معلوم ہوا کہ غیرِ خدا سے مدد طلب کرنا شرک نہیں بلکہ جائز ہے۔

2 ..... مسلمانوں کو ٹیکنالوجی میں ترقی کرنی چاہئے کہ ان کی بنا پر ملک کی عوام بہت سے مسائل و مشکلات سے بچ جاتی ہے، نیز یہ معاشی خوشحالی اور دشمنوں سے حفاظت میں بھی بہت معاون ثابت ہوتی ہے۔

www.dawateislami.net

نَارًا ؕ قَالَ اٰتُوْنِیْۤ اُفْرِغْ عَلَیْهِ قِطْرًا ﴿۹۶﴾ فَمَا اسْطَاعُوْۤا

نَارًا	قَالَ	اٰتُوْنِیْۤ	اُفْرِغْ	عَلَیْهِ	قِطْرًا ﴿۹۶﴾	فَمَا اسْطَاعُوْۤا
آگ	کہا	دو مجھے	میں انڈیل دوں	اس پر	پگھلایا ہوا تانبہ	تو (یاجوج ماجوج کو) طاقت نہ ہوئی

اُس لوہے کو آگ کر دیا تو کہا: مجھے دو تا کہ میں اس گرم لوہے پر پگھلایا ہوا تانبہ اُنڈیل دوں ○ تو یاجوج وماجوج

اَنْ یَّظْهَرُوْهُ وَ مَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ

اَنْ	یَّظْهَرُوْهُ	وَ	مَا اسْتَطَاعُوْا	لَهٗ
(اس کی) کہ	وہ چڑھ سکیں اس (دیوار) پر	اور	انہیں طاقت نہ ہوئی	اس میں

اس پر نہ چڑھ سکے اور نہ اس میں سوراخ

دیوار ٹوٹنے کا مخصوص وقت

نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّیْ ۚ فَاِذَا جَآءَ

نَقْبًا ﴿۹۷﴾	قَالَ	هٰذَا	رَحْمَةٌ	مِّنْ رَّبِّیْ	فَاِذَا	جَآءَ
سوراخ کرنے (کی)	(ذوالقرنین نے) کہا	یہ	رحمت (ہے)	میرے رب کی	پھر جب	آئے گا

کر سکے ○ ذوالقرنین نے کہا: یہ میرے رب کی رحمت ہے پھر جب

وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَ كَانَ وَعْدُ رَبِّیْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ ؕ

وَعْدُ رَبِّیْ	جَعَلَهٗ	دَكَّآءَ	وَ	كَانَ	وَعْدُ رَبِّیْ	حَقًّا ﴿۹۸﴾
میرے رب کا وعدہ	وہ کر دے گا اسے	پاش پاش	اور	ہے	میرے رب کا وعدہ	سچا

میرے رب کا وعدہ آئے گا تو اسے پاش پاش کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ سچا ہے ○

یاجوج ماجوج کا نکلنا اور صور میں پھونکا مارا جانا

وَ تَرَكْنَا بَعْضَهُمْ یَوْمَىٕذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ وَّ

وَ	تَرَكْنَا	بَعْضَهُمْ	یَوْمَىٕذٍ	یَّمُوْجُ (1)	فِیْ بَعْضٍ	وَّ
اور	ہم چھوڑ دیں گے	ان کے بعض (کو)	اس دن	وہ ریلے (کی طرح) آئیں گے	بعض میں	اور

اور اس دن ہم انہیں چھوڑ دیں گے کہ ان کا ایک گروہ دوسرے پر سیلاب کی طرح آئے گا اور

(1) ..... احادیث میں قیامت کی بہت سی علامات بیان کی گئی ہیں ان میں سے دس بڑی علامات یہ ہیں (1) دھواں ظاہر ہونا (2) دجال کا ظاہر ہونا۔ (3) دابۃ الارض کا نکلنا۔ (4) سورج کا مغرب کی طرف سے طلوع ہونا (5) حضرت عیسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا اترنا۔ (6) یاجوج ماجوج کا نکلنا (7 تا 9) تین آدمیوں کا زمین میں دھنس جانا، ایک مشرق میں، دوسرا مغرب میں، تیسرا جزیرۂ عرب میں۔ (10) وہ آگ جو یمن سے نکلے گی اور لوگوں کو ان کی قیامت گاہ کی طرف ہانک دے گی۔ (مسلم، ص ۱۵۵۱، الحدیث ۳۹ (۲۹۰۱)، ملخصاً)

www.dawateislami.net

نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ وَّ عَرَضْنَا

نُفِخَ	فِي الصُّوْرِ	فَجَمَعْنٰهُمْ	جَمْعًا ﴿۹۹﴾	وَّ	عَرَضْنَا
پھونک ماری جائے گی	صور میں	تو ہم جمع کر لائیں گے ان کو	جمع کرنا	اور	ہم سامنے لائیں گے

صُور میں پھونک ماری جائے گی تو ہم سب کو جمع کر لائیں گے ○ اور ہم اس دن

جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَا ﴿۱۰۰﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ

جَهَنَّمَ	يَوْمَئِذٍ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	عَرْضَا ﴿۱۰۰﴾	الَّذِيْنَ	كَانَتْ	اَعْيُنُهُمْ
جہنم	اس دن	کافروں کے	سامنے لانا	وہ لوگ جو	تھیں	ان کی آنکھیں

جہنم کافروں کے سامنے لائیں گے ○ وہ جن کی آنکھیں

فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَ كَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ اَفَحَسِبَ

فِيْ غِطَآءٍ	عَنْ ذِكْرِيْ	وَ	كَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾	اَفَحَسِبَ
پردے میں	میری یاد سے	اور	وہ طاقت نہیں رکھتے تھے	(حق بات) سننے (کی)	تو کیا سمجھتے ہیں

میری یاد سے پردے میں تھیں اور حق بات سن نہ سکتے تھے ○ تو کیا کافر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اَنْ	يَّتَّخِذُوْا	عِبَادِيْ	مِنْ دُوْنِيْٓ
وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	کہ	وہ بنالیں گے	میرے بندوں (کو)	میرے سوا

یہ سمجھتے ہیں کہ میرے بندوں کو میرے سوا حمایتی

اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلْ هَلْ

اَوْلِيَآءَ[1]	اِنَّآ	اَعْتَدْنَا	جَهَنَّمَ	لِلْكٰفِرِيْنَ	نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾	قُلْ	هَلْ
حمایتی	بیشک	ہم نے تیار کر رکھی ہے	جہنم	کافروں کی	مہمانی (کیلئے)	تم کہو	کیا

بنالیں گے بیشک ہم نے کافروں کی مہمانی کیلئے جہنم تیار کر رکھی ہے ○ تم فرماؤ: کیا

[1] ..... یعنی کیا کافر یہ سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں جیسے حضرت عیسیٰ، حضرت عزیر عَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کے سوا حمایتی بنالیں گے اور ان سے کچھ نفع پائیں گے؟ ان کا یہ گمان فاسد ہے، بلکہ وہ بندے انہیں اپنا دشمن سمجھتے اور ان سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔ کافروں کا گمان فاسد ہونے کی وجہ صاف ظاہر ہے کہ انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام، اولیاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِم اور ملائکہ، ایمان والوں کے مددگار ہو کر ان کی شفاعت کریں گے نہ کہ کافروں کی۔

www.dawateislami.net

نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ اَلَّذِيْنَ

نُنَبِّئُكُمْ	بِالْاَخْسَرِيْنَ	اَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾	اَلَّذِيْنَ
ہم خبر دیں تمہیں	سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والوں کی	اعمال (کے اعتبار سے)	وہ لوگ جو

ہم تمہیں بتادیں کہ سب سے زیادہ ناقص عمل والے کون ہیں؟ ○ وہ لوگ

ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ

ضَلَّ	سَعْيُهُمْ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَ	هُمْ
گم ہوگئی، برباد ہوگئی	ان کی کوشش	دنیا کی زندگی میں	اور (حالانکہ)	وہ

جن کی ساری کوشش دنیا کی زندگی میں برباد ہوگئی حالانکہ وہ

يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ اُولٰٓئِكَ

يَحْسَبُوْنَ	اَنَّهُمْ	يُحْسِنُوْنَ [1]	صُنْعًا ﴿١٠٤﴾	اُولٰٓئِكَ
گمان کررہے ہیں	کہ وہ	اچھا کررہے ہیں	کام	یہی لوگ

یہ گمان کررہے ہیں کہ وہ اچھا کام کررہے ہیں ○ یہی وہ لوگ ہیں

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ

اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ	فَحَبِطَتْ
وہ ہیں جنہوں نے	انکار کیا	اپنے رب کی آیتوں اور اس سے ملنے کا	تو مٹ گئے، برباد ہوگئے

جنہوں نے اپنے رب کی آیات اور اس کی ملاقات کا انکار کیا تو ان کے سب اعمال

اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾

اَعْمَالُهُمْ	فَلَا نُقِيْمُ	لَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَزْنًا ﴿١٠٥﴾
ان کے اعمال	پس ہم قائم نہیں کریں گے	ان کے لیے	قیامت کے دن	کوئی وزن

برباد ہوگئے پس ہم ان کے لیے قیامت کے دن کوئی وزن قائم نہیں کریں گے ○

اعمالِ کفار کی بربادی اور ان کا وزن نہ ہونے کی خبر

[1] ..... صحیح وہ ہے جو قرآن وسنت کے مطابق ہے، اس کے علاوہ کوئی چیز بظاہر اگرچہ کتنی ہی صحیح نظر آرہی ہو اگر قرآن وحدیث کے خلاف ہے تو وہ بُری ہے، کفار کے ظاہری اچھے اعمال اور گمراہوں کی بدعتیں سب اسی میں داخل ہیں جیسے انبیاء واولیاء کی شان گھٹانے کی کوشش کرنے والے سمجھتے ہیں کہ وہ توحید بیان کررہے ہیں، ایسے لوگ بھی اسی آیت میں داخل ہیں۔

www.dawateislami.net

کفار کی سزا جہنم ہونے کا سبب

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا

ذٰلِكَ	جَزَآؤُهُمْ	جَهَنَّمُ	بِمَا	كَفَرُوْا	وَ	اتَّخَذُوْٓا
یہ	ان کا بدلہ (ہے)	جہنم	(اس کے) سبب کہ	انہوں نے کفر کیا	اور	بنالیا

یہ ان کا بدلہ ہے جہنم، کیونکہ انہوں نے کفر کیا اور میری آیتوں

اعمال مسلمانوں کا صلہ

اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

اٰيٰتِيْ	وَ	رُسُلِيْ	هُزُوًا ﴿١٠٦﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
میری آیتوں	اور	میرے رسولوں (کو)	ہنسی مذاق	بیشک	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور

اور میرے رسولوں کو ہنسی مذاق بنالیا ○ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	كَانَتْ	لَهُمْ	جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ [1]	نُزُلًا ﴿١٠٧﴾
انہوں نے عمل کئے	اچھے، نیک	ہیں	ان کے لئے	فردوس کے باغات	مہمانی

اچھے اعمال کئے ان کی مہمانی کیلئے فردوس کے باغات ہیں ○

کلمات الٰہی کی شان

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلْ لَّوْ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	لَا يَبْغُوْنَ	عَنْهَا	حِوَلًا ﴿١٠٨﴾	قُلْ	لَّوْ
ہمیشہ رہنے والے	ان (باغوں) میں	وہ نہیں چاہیں گے	ان سے	(دوسری) جگہ بدلنا	تم کہو	اگر

وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے، ان سے کوئی دوسری جگہ بدلنا نہ چاہیں گے ○ تم فرمادو: اگر

كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ

كَانَ	الْبَحْرُ	مِدَادًا	لِّكَلِمٰتِ [2] رَبِّيْ	لَنَفِدَ	الْبَحْرُ
ہو جاتا	سمندر	سیاہی	میرے رب کی باتوں کے لیے	(تو) ضرور ختم ہو جاتا	سمندر

سمندر میرے رب کی باتوں کے لیے سیاہی ہو جاتا تو ضرور سمندر ختم ہو جاتا

1 ..... جنتیں آٹھ ہیں جن کے نام یہ ہیں، دارُالجلال، دارُالقرار، دارُالسلام، جنت عدن، جنتُ المأوٰی، جنتُ الخلد، جنتُ الفردوس، جنتُ النعیم۔ ان میں فردوس سب سے اعلیٰ جنت ہے اور اس کی دعا مانگنے کی ترغیب بھی دی گئی ہے، چنانچہ رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا ”جب اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مانگو تو فردوس مانگو، کیونکہ وہ جنتوں میں سب کے درمیان اور سب سے بلند ہے اور اس پر رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کا عرش ہے اور اسی سے جنت کی نہریں جاری ہوتی ہیں۔ (بخاری، ۲/۴۵۰، الحدیث: ۲۷۹۰) 2 ..... یہاں کلمات سے مراد اللہ تعالیٰ کے علم و حکمت کے کلمات ہیں جن کی کوئی انتہاء نہیں۔

www.dawateislami.net

قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَ لَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ

قَبْلَ	اَنْ	تَنْفَدَ	كَلِمٰتُ رَبِّیْ	وَلَوْ	جِئْنَا بِمِثْلِهٖ
(اس سے) پہلے	کہ	ختم ہوں	میرے رب کی باتیں	اگرچہ	ہم لے آتے اس کے جیسا (اور سمندر)

اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوتیں، اگرچہ ہم اس کی مدد کیلئے اُسی سمندر جیسا

مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤى

مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾	قُلْ	اِنَّمَاۤ اَنَا	بَشَرٌ (1)	مِّثْلُكُمْ	یُوْحٰۤى
مدد (کے لئے)	تم کہو	میں صرف	ایک بشر (ہوں)	تمہاری طرح	وحی کی جاتی ہے

اور لے آتے ○ تم فرماؤ: میں (ظاہراً) تمہاری طرح ایک بشر ہوں مجھے

اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ

اِلَیَّ	اَنَّمَاۤ	اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	فَمَنْ
میری طرف	(کہ) بیشک	تمہارا معبود	ایک معبود (ہے)	تو جو

وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے تو جو

كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا

كَانَ یَرْجُوْا	لِقَآءَ رَبِّهٖ	فَلْیَعْمَلْ	عَمَلًا صَالِحًا
امید رکھتا ہو	اپنے رب سے ملاقات کی	تو اسے چاہیے کہ عمل کرے	نیک عمل

اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہو اسے چاہیے کہ نیک کام کرے

وَّ لَا یُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع

وَّ	لَا یُشْرِكْ	بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ (2)	اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾
اور	شریک نہ کرے	اپنے رب کی عبادت میں	کسی ایک (کو)

اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے ○

حضور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی منفرد بشریت

ملاقاتِ الٰہی کا یقین رکھنے والوں کو نصیحت

ع ١٢ ٥ ٢

1 ..... حضور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نور بھی ہیں اور بشر بھی۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حقیقت نور ہے اور ظاہری صورت بشری ہے۔ 2 ..... عبادت میں اخلاص ہونا یعنی اس عبادت سے صرف اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود ہونا بہت ضروری ہے، اس کے بغیر کوئی عبادت مقبول نہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے: اللہ تعالیٰ جب قیامت کے دن جس میں کوئی شک وشبہ نہیں، لوگوں کو جمع فرمائے گا تو ایک پکارنے والا پکارے گا: جس نے کسی ایسے عمل میں جو اس نے اللہ کے لئے کیا تھا، کسی کو شریک ٹھہرایا تو اسے اس کا ثواب اسی غیر خدا سے طلب کرنا چاہئے کیونکہ اللہ تعالیٰ تمام شریکوں کے شرک سے بے نیاز ہے۔ (ترمذی، ۵/۱۰۵، الحدیث: ۳۱۶۵)

www.dawateislami.net

آیات:98 | رکوع:06

سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ ① ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ② اِذْ

كٓهٰيٰعٓصٓ ①	ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ [1]	عَبْدَهٗ	زَكَرِيَّا ②	اِذْ
حروف مقطعات	(یہ) تیرے رب کی رحمت کا ذکر (ہے)	اپنے بندے	زکریا (پر)	جب

كٓهٰيٰعٓصٓ ○ یہ تیرے رب کی اپنے بندے زکریا پر رحمت کا ذکر ہے ○ جب

نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ③ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ

نَادٰى	رَبَّهٗ	نِدَآءً خَفِيًّا ③ [2]	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ
اس نے پکارا	اپنے رب (کو)	آہستہ پکارنا	عرض کی	اے میرے رب	بیشک میں

اس نے اپنے رب کو آہستہ سے پکارا ○ عرض کی: اے میرے رب! بیشک

وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّ

وَهَنَ	الْعَظْمُ	مِنِّيْ	وَ	اشْتَعَلَ	الرَّاْسُ	شَيْبًا	وَّ
کمزور ہو گئی	ہڈی	میری	اور	بھڑک اٹھا ہے	سر	بڑھاپے (سے)	اور

میری ہڈی کمزور ہو گئی اور سر نے بڑھاپے کا شعلہ چمکا دیا ہے (بوڑھا ہو گیا ہوں) اور

حضرت زکریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اولاد کے لئے دعا مانگنے کا انداز | حضرت زکریا علیہ الصلوٰۃ والسلام پر رحمتِ الٰہی کا ذکر

1 ..... اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مراد نیک اور صالح بیٹا عطا فرمانا ہے اور بیٹا عطا فرمانے کے تذکرے کو رحمتِ الٰہی کا تذکرہ فرمایا گیا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ نیک اور صالح بیٹا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بڑی رحمت ہے خصوصاً جب کہ بڑھاپے میں عطا ہو۔

2 ..... بلند آواز سے دعا مانگنا جائز اور احادیث سے ثابت ہے البتہ آہستہ آواز میں دعا مانگنا اس پر فضیلت رکھتا ہے، جیسا کہ حدیث پاک میں ہے، نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا "آہستہ آواز میں دعا کرنا 70 بلند آواز کے ساتھ دعاؤں کے برابر ہے۔ (فردوس الاخبار، ۲/ ۲۱۴، الحدیث: ۳۰۴۶)

www.dawateislami.net

لَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآىِٕكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝٤ وَ اِنِّیْ خِفْتُ

لَمْ اَكُنْ	بِدُعَآىِٕكَ	رَبِّ	شَقِيًّا ۝٤	وَ	اِنِّیْ	خِفْتُ (1)
میں نہیں رہا	تجھے پکارنے پر	اے میرے رب	محروم	اور	بیشک مجھے	ڈر ہے

اے میرے رب! میں تجھے پکار کر کبھی محروم نہیں رہا ○ اور بیشک مجھے اپنے بعد

الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَ كَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ

الْمَوَالِیَ	مِنْ وَّرَآءِیْ	وَ	كَانَتِ	امْرَاَتِیْ	عَاقِرًا	فَهَبْ	لِیْ
اپنے رشتہ داروں کا	اپنے بعد	اور	ہے	میری بیوی	بانجھ	تو تو عطا کر دے	مجھے

اپنے رشتے داروں کا ڈر ہے اور میری بیوی بانجھ ہے، تو مجھے اپنے پاس سے

مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ۝٥ یَّرِثُنِیْ وَ یَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ ۫ وَ

مِنْ لَّدُنْكَ	وَلِیًّا ۝٥	یَّرِثُنِیْ (2)	وَ	یَرِثُ	مِنْ	اٰلِ یَعْقُوْبَ	وَ
اپنے پاس سے	کوئی وارث	وہ جانشین ہو میرا	اور	وارث ہو	سے	یعقوب کی اولاد (کا)	اور

کوئی ایسا وارث عطا فرما دے ○ جو میرا جانشین ہو اور یعقوب کی اولاد کا وارث ہو اور

اجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ۝٦ یٰزَكَرِیَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ

اجْعَلْهُ	رَبِّ	رَضِیًّا ۝٦	یٰزَكَرِیَّاۤ	اِنَّا	نُبَشِّرُكَ
بنا دے اسے	اے میرے رب	پسندیدہ	اے زکریا	بیشک	ہم خوشخبری دیتے ہیں تجھے

اے میرے رب! اسے پسندیدہ بنا دے ○ اے زکریا! ہم تجھے ایک لڑکے کی

بِغُلٰمِ اسْمُهٗ یَحْیٰی ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ۝٧

بِغُلٰمِ	اسْمُهٗ	یَحْیٰی	لَمْ نَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ قَبْلُ	سَمِیًّا ۝٧
ایک لڑکے کی	اس کا نام	یحییٰ (ہو گا)	ہم نے نہ بنایا	اس کا	(اس سے) پہلے	کوئی ہم نام، ہم صفت

خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہے، اس سے پہلے ہم نے اس نام کا کوئی دوسرا نہ بنایا ○

1 ..... حضرت زکریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنے چچازاد بھائیوں کے شریر ہونے کی وجہ سے یہ خوف تھا کہ کہیں میرے بعد یہ لوگ دین میں تبدیلی نہ کر دیں اور صحیح طور پر دین کی خدمت نہ کریں، اس لئے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی پشت سے نیک بیٹے کی دعا مانگی تاکہ وہ ان کے بعد دین کو زندہ رکھے۔

2 ..... یہاں وراثت سے علم کی وراثت مراد ہے، مال کی وراثت مراد نہیں۔ حدیث پاک میں ہے: انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے کسی کو دینار و درہم کا وارث نہ بنایا بلکہ انہوں نے صرف علم کا وارث بنایا تو جس نے علم اختیار کیا اس نے پورا حصہ لیا۔ (ترمذی، ۴/۳۱۲، الحدیث: ۲۶۹۱)

www.dawateislami.net

حضرت زکریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک درخواست اور اس کی قبولیت

فرزند عطا ہونے کے طریقہ سے متعلق سوال اور اس کا جواب

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّ كَانَتِ

قَالَ	رَبِّ	اَنّٰى	يَكُوْنُ (1)	لِيْ	غُلٰمٌ	وَّ	كَانَتِ
عرض کی	اے میرے رب	کہاں سے	ہو گا	میرے لئے	لڑکا	اور (حالانکہ)	ہے

عرض کی: اے میرے رب! میرے لڑکا کہاں سے ہو گا حالانکہ

امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّ قَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ۝٨

امْرَاَتِيْ	عَاقِرًا	وَّ	قَدْ	بَلَغْتُ	مِنَ الْكِبَرِ	عِتِيًّا ۝٨
میری بیوی	بانجھ	اور	تحقیق	میں پہنچ چکا ہوں	بڑھاپے کی وجہ سے	سوکھ جانے کی حالت (کو)

میری بیوی بانجھ ہے اور میں بڑھاپے کی وجہ سے سوکھ جانے کی حالت کو پہنچ چکا ہوں ○

قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّ قَدْ

قَالَ	كَذٰلِكَ	قَالَ	رَبُّكَ	هُوَ	عَلَيَّ	هَيِّنٌ	وَّ	قَدْ
فرمایا	ایسا ہی ہے	فرمایا	تیرے رب (نے)	وہ	مجھ پر	بہت آسان (ہے)	اور	بیشک

فرمایا: ایسا ہی ہے۔ تیرے رب نے فرمایا ہے کہ یہ میرے اوپر بہت آسان ہے اور میں نے تو

خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَ لَمْ تَكُ شَيْـًٔا ۝٩ قَالَ

خَلَقْتُكَ	مِنْ قَبْلُ	وَ	لَمْ تَكُ	شَيْـًٔا ۝٩	قَالَ
میں نے پیدا کیا تجھے	(اس سے) پہلے	اور (حالانکہ)	تم نہ تھے	کوئی چیز	عرض کی

اس سے پہلے تجھے پیدا کیا حالانکہ تم کچھ بھی نہ تھے ○ عرض کی:

رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ

رَبِّ	اجْعَلْ	لِّيْٓ	اٰيَةً	قَالَ	اٰيَتُكَ
اے میرے رب	بنادے، مقرر کردے	میرے لئے	کوئی نشانی	فرمایا	تیری نشانی

اے میرے رب! میرے لئے کوئی نشانی مقرر فرمادے۔ فرمایا: تیری نشانی یہ ہے کہ

(1) ..... حضرت زکریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس طرح عرض کرنے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قدرت پر کسی عدمِ یقین کا اظہار مقصود نہ ہے بلکہ اس کلام سے آپ کا مقصود یہ معلوم کرنا تھا کہ بیٹا کس طرح عطا کیا جائے گا، کیا ہمیں دوبارہ جوانی عطا کی جائے گی یا اسی عمر میں بیٹا عطا کیا جائے گا۔

www.dawateislami.net

حضرت زکریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم کو اشارہ کرکے نماز کی تاکید

حضرت یحییٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایک حکم اور آپ پر انعاماتِ الٰہی کا بیان

اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ﴿۱۰﴾ فَخَرَجَ

اَلَّا تُكَلِّمَ	النَّاسَ	ثَلٰثَ لَيَالٍ	سَوِيًّا ﴿۱۰﴾ (1)	فَخَرَجَ
(یہ ہے) کہ تو کلام نہیں کرسکے گا	لوگوں (سے)	تین رات (دن)	تندرست (ہوتے ہوئے)	تو وہ نکلا

تم بالکل تندرست ہوتے ہوئے بھی تین رات دن لوگوں سے کلام نہ کرسکو گے ○ پس وہ اپنی قوم کی طرف

عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰۤى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا

عَلٰى قَوْمِهٖ	مِنَ الْمِحْرَابِ	فَاَوْحٰۤى	اِلَيْهِمْ	اَنْ	سَبِّحُوْا
اپنی قوم پر (کی طرف)	مسجد سے	تو اس نے اشارہ کیا	ان کی طرف	کہ	تم تسبیح کرتے رہو

مسجد سے باہر نکلے تو انہیں اشارہ سے کہا کہ صبح وشام

بُكْرَةً وَّ عَشِيًّا ﴿۱۱﴾ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍؕ وَ

بُكْرَةً	وَّ	عَشِيًّا ﴿۱۱﴾	يٰيَحْيٰى	خُذِ	الْكِتٰبَ	بِقُوَّةٍ	وَ
صبح	اور	شام	اے یحییٰ	تھام کر رکھو	کتاب (کو)	مضبوطی کے ساتھ	اور

تسبیح کرتے رہو ○ اے یحییٰ! کتاب کو مضبوطی کے ساتھ تھامے رکھو اور

اٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ﴿۱۲﴾ۙ وَّ حَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَ

اٰتَيْنٰهُ	الْحُكْمَ	صَبِيًّا ﴿۱۲﴾	وَّ	حَنَانًا (2)	مِّنْ لَّدُنَّا	وَ
ہم نے عطا کردی اسے	حکمت	بچپن (ہی میں)	اور	نرم دلی (دی)	اپنی طرف سے	اور

ہم نے اسے بچپن ہی میں حکمت عطا فرمادی تھی ○ اور اپنی طرف سے نرم دلی اور

زَكٰوةً ؕ وَ كَانَ تَقِيًّا ﴿۱۳﴾ۙ وَّ بَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ

زَكٰوةً	وَ	كَانَ	تَقِيًّا ﴿۱۳﴾	وَّ	بَرًّۢا	بِوَالِدَيْهِ
پاکیزگی	اور	وہ تھا	(اللہ سے) بہت ڈرنے والا	اور	اچھا سلوک کرنے والا	اپنے ماں باپ سے

پاکیزگی دی اور وہ (اللہ سے) بہت زیادہ ڈرنے والا تھا ○ اور وہ اپنے ماں باپ سے اچھا سلوک کرنے والا تھا

(1) ..... پہلے زمانہ میں خاموشی کا روزہ بھی ہوتا تھا، البتہ ہماری شریعت میں چپ رہنے کا روزہ منسوخ ہوگیا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صومِ وصال (یعنی سحری اور افطار کے بغیر مسلسل روزہ رکھنے) اور چپ کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ (مسند امام اعظم، ص ۱۹۲) (2) ..... حنان کا معنی ہے رحمت، دل کی نرمی، ہیبت اور وقار وغیرہ، یہاں اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر رحمت فرمائی یا یہ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے دل میں رقت و رحمت پیدا فرمادی تاکہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام لوگوں پر مہربانی کریں۔

www.dawateislami.net

وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿١٤﴾ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ

وَ	لَمْ يَكُنْ	جَبَّارًا	عَصِيًّا ﴿١٤﴾	وَ	سَلٰمٌ	عَلَيْهِ	يَوْمَ
اور	وہ نہیں تھا	تکبر کرنے والا	نافرمان	اور	سلامتی (ہے)	اس پر	(جس) دن

اور وہ متکبر، نافرمان نہیں تھا ○ اور اس پر سلامتی ہے جس دن

حضرت یحییٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر اللہ تعالیٰ کا سلام

وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ﴿١٥﴾ ع وَ

وُلِدَ (1)	وَ	يَوْمَ	يَمُوْتُ	وَ	يَوْمَ	يُبْعَثُ	حَيًّا ﴿١٥﴾	وَ
وہ پیدا ہوا	اور	(جس) دن	وفات پائے گا	اور	(جس) دن	اٹھایا جائے گا	زندہ	اور

وہ پیدا ہوا اور جس دن وہ فوت ہو گا اور جس دن وہ زندہ اٹھایا جائے گا ○ اور

حضرت یحییٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے واقعہ کی یاد دہانی

اذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا

اذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	مَرْيَمَ	اِذِ	انْتَبَذَتْ	مِنْ اَهْلِهَا
یاد کرو	کتاب میں	مریم (کو)	جب	وہ الگ ہوئی	اپنے گھر والوں سے

کتاب میں مریم کو یاد کرو جب وہ اپنے گھر والوں سے مشرق کی طرف

حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پردہ کرنا اور حضرت جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بشر کی صورت میں آمد

مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿١٦﴾ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۖ فَاَرْسَلْنَآ

مَكَانًا شَرْقِيًّا ﴿١٦﴾	فَاتَّخَذَتْ	مِنْ دُوْنِهِمْ	حِجَابًا	فَاَرْسَلْنَآ
جانبِ مشرق ایک جگہ (میں)	تو اس نے بنالیا	ان (لوگوں) کے سامنے	ایک پردہ	تو ہم نے بھیجا

ایک جگہ الگ ہو گئی ○ تو ان (لوگوں) سے ادھر ایک پردہ کر لیا تو اس کی طرف ہم نے

اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾

اِلَيْهَا	رُوْحَنَا (2)	فَتَمَثَّلَ	لَهَا	بَشَرًا سَوِيًّا ﴿١٧﴾ (3)
اس کی طرف	اپنی خاص روح (جبرئیل)	تو اس نے صورت اختیار کی	اُس کے سامنے	ایک تندرست آدمی (کی)

اپنا روحانی (جبرئیل) بھیجا تو وہ اس کے سامنے ایک تندرست آدمی کی صورت بن گیا ○

1 ..... اس سے معلوم ہوا کہ نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی ولادت کے دن ان پر سلام بھیجنا اللہ تعالیٰ کی سنت ہے، اسی وجہ سے اہلسنت وجماعت بارہ ربیع الاول کے دن اللہ تعالیٰ کے حبیب اور تمام انبیاء کے سردار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ولادت کا دن مناتے ہیں اور اس دن آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر درود وسلام کی کثرت کرتے ہیں۔ 2 ..... جمہور مفسرین کے نزدیک یہاں روح سے مراد حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ہیں اور انہیں روح فرمانے کی ایک وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ دین ان کی لائی ہوئی وحی کے ذریعے زندہ ہوتا ہے اس لئے مجازاً انہیں روح فرمایا گیا ہے۔ 3 ..... فرشتوں کے اجسام نوری ہیں اور اللہ تعالیٰ

www.dawateislami.net

حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شائی کردار

قَالَتْ اِنِّیْۤ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِیًّا ﴿۱۸﴾

قَالَتْ	اِنِّیْۤ	اَعُوْذُ	بِالرَّحْمٰنِ	مِنْكَ	اِنْ	كُنْتَ	تَقِیًّا ﴿۱۸﴾
(مریم نے) کہا	بیشک میں	پناہ مانگتی ہوں	رحمٰن کی	تجھ سے	اگر	تجھے ہے	اللہ کا ڈر

مریم بولی: میں تجھ سے رحمٰن کی پناہ مانگتی ہوں اگر تجھے خدا کا ڈر ہے ○

حضرت جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تشریف آوری کا مقصد

قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖۗ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِیًّا ﴿۱۹﴾

قَالَ	اِنَّمَاۤ اَنَا	رَسُوْلُ رَبِّكِ	لِاَهَبَ (1)	لَكِ	غُلٰمًا زَكِیًّا ﴿۱۹﴾
اس نے کہا	میں تو صرف	تیرے رب کا بھیجا ہوا (ہوں)	تاکہ عطا کروں	تجھے	ایک پاکیزہ بیٹا

کہا: میں تو تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں تاکہ میں تجھے ایک پاکیزہ بیٹا عطا کروں ○

حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا استفسار اور حضرت جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جواب

قَالَتْ اَنّٰى یَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّ لَمْ یَمْسَسْنِیْ

قَالَتْ	اَنّٰى	یَكُوْنُ	لِیْ	غُلٰمٌ	وَّ	لَمْ یَمْسَسْنِیْ (2)
(مریم نے) کہا	کہاں سے	ہو گا	میرے لئے	بیٹا	اور (حالانکہ)	چھوا تک نہیں مجھے

مریم نے کہا: میرے لڑکا کہاں سے ہو گا؟ حالانکہ مجھے تو کسی آدمی نے

بَشَرٌ وَّ لَمْ اَكُ بَغِیًّا ﴿۲۰﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ

بَشَرٌ	وَّ	لَمْ اَكُ	بَغِیًّا ﴿۲۰﴾	قَالَ	كَذٰلِكِ	قَالَ
کسی آدمی (نے)	اور	نہ میں ہوں	بدکار	(جبرئیل نے) کہا	ایسا ہی (ہے)	فرمایا

چھوا تک نہیں اور نہ ہی میں بدکار ہوں ○ جبرئیل نے کہا: ایسا ہی ہے۔ تیرے رب نے

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ کی نشانی اور رحمت بنایا گیا

رَبُّكِ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ ۚ وَ لِنَجْعَلَهٗۤ اٰیَةً

رَبُّكِ	هُوَ	عَلَیَّ	هَیِّنٌ	وَ	لِنَجْعَلَهٗۤ	اٰیَةً
تیرے رب (نے)	وہ	مجھ پر	بہت آسان (ہے)	اور	تاکہ ہم بنادیں اسے	نشانی

فرمایا ہے کہ یہ میرے اوپر بہت آسان ہے اور تاکہ ہم اسے لوگوں کیلئے

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) نے انہیں یہ طاقت دی ہے کہ جو شکل چاہیں بن جائیں، کبھی وہ انسان کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں اور کبھی دوسری شکل میں۔

1 ..... اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندے اللہ تعالیٰ کے بعض کاموں کو اپنی طرف منسوب کرسکتے ہیں، جیسے کسی کو بیٹا دینا در حقیقت اللہ تعالیٰ کا کام ہے لیکن حضرت جبرئیل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے فرمایا کہ میں تجھے ایک پاکیزہ بیٹا عطا کروں۔ ہمارے عرف میں لوگ بیٹے دینے کو اولیاء کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں پر بدگمانی نہیں کرنی چاہئے کہ مسلمانوں کے کلام کا ممکنہ حد تک اچھا مطلب لینا واجب ہے۔ 2 ..... پاکدامن عورت کی پہچان یہ ہے کہ

www.dawateislami.net

لِّلنَّاسِ وَ رَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَ كَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ﴿۲۱﴾

لِّلنَّاسِ	وَ	رَحْمَةً	مِّنَّا	وَ	كَانَ	اَمْرًا	مَّقْضِيًّا ﴿۲۱﴾
لوگوں کے لئے	اور	رحمت	اپنی طرف سے	اور	وہ ہے	کام	فیصلہ کیا ہوا

نشانی بنادیں اور اپنی طرف سے ایک رحمت (بنادیں) اور یہ ایسا کام ہے جس کا فیصلہ ہو چکا ہے ○

فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿۲۲﴾ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ

فَحَمَلَتْهُ (1)	فَانْتَبَذَتْ بِهٖ	مَكَانًا قَصِيًّا ﴿۲۲﴾	فَاَجَآءَهَا	الْمَخَاضُ
پھر پیٹ میں لیا اس (عیسی) کو	تو لے کر چلی گئی اُسے	دور کی جگہ	پھر لے آیا اسے	پیدائش کا درد

پھر مریم حاملہ ہو گئیں تو اسے لے کر ایک دور کی جگہ چلی گئی ○ پھر بچے کی پیدائش کا درد

اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَ كُنْتُ

اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ	قَالَتْ	يٰلَيْتَنِيْ	مِتُّ	قَبْلَ هٰذَا	وَ	كُنْتُ
کھجور کے تنے کی طرف	اس نے کہا	اے کاش	میں مر گئی ہوتی	اس سے پہلے	اور	ہو جاتی

اسے ایک کھجور کے تنے کی طرف لے آیا تو اس نے کہا: اے کاش کہ میں اس سے پہلے مر گئی ہوتی اور میں

نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿۲۳﴾ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ

نَسْيًا مَّنْسِيًّا ﴿۲۳﴾	فَنَادٰىهَا (2)	مِنْ تَحْتِهَآ	اَلَّا تَحْزَنِيْ	قَدْ	جَعَلَ
بھولی بسری	تو پکارا اسے	اس (درخت) کے نیچے سے	کہ تو غم نہ کر	بیشک	بنادی

کوئی بھولی بسری ہو جاتی ○ تو اسے اس کھجور کے درخت کے نیچے سے پکارا کہ غم نہ کھا بیشک تیرے رب نے

رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿۲۴﴾ وَ هُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ

رَبُّكِ	تَحْتَكِ	سَرِيًّا ﴿۲۴﴾	وَ	هُزِّيْٓ	اِلَيْكِ	بِجِذْعِ النَّخْلَةِ
تیرے رب (نے)	تیرے نیچے	ایک نہر	اور	پکڑ کر ہلاؤ	اپنی طرف	کھجور کے تنے کو

تیرے نیچے ایک نہر بنادی ہے ○ اور کھجور کے تنے کو پکڑ کر اپنی طرف ہلاؤ،

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اس میں شرم و حیا ہو اور اس نے نکاح سے پہلے کسی مرد کے ساتھ کوئی تعلق قائم نہ کیا ہو۔

1 ..... حضرت مریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے حاملہ ہونے کی صورت یہ ہوئی کہ حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے دور سے ان پر پھونک ماری تو اسی وقت انہیں محسوس ہو گیا کہ حمل ٹھہر گیا ہے۔ 2 ..... جب حضرت مریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے درد کی شدت سے مرنے کی تمنا کی تو اس وقت حضرت جبرئیل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے وادی کے نیچے سے پکارا کہ غم نہ کرو، اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے لیے آپ کے قریب ایک نہر بنادی ہے۔

www.dawateislami.net

تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿۲۵﴾ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَقَرِّيْ

تُسٰقِطْ	عَلَيْكِ	رُطَبًا جَنِيًّا ﴿۲۵﴾	فَكُلِيْ	وَ	اشْرَبِيْ	وَ	قَرِّيْ
وہ گرائے گا	تم پر	عمدہ تازہ کھجوریں	تو تو کھا	اور	پی	اور	ٹھنڈی رکھ

وہ تم پر عمدہ تازہ کھجوریں گرائے گا ○ تو کھا اور پی اور آنکھ

عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ

عَيْنًا	فَاِمَّا	تَرَيِنَّ	مِنَ الْبَشَرِ	اَحَدًا	فَقُوْلِيْٓ	اِنِّيْ
آنکھ	پھر اگر	تو دیکھے	آدمیوں میں سے	کوئی ایک	تو (اشارے سے) کہہ دینا	بیشک میں (نے)

ٹھنڈی رکھ پھر اگر تو کسی آدمی کو دیکھے تو (اشارے سے) کہہ دینا کہ میں نے

نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ﴿۲۶﴾

نَذَرْتُ	لِلرَّحْمٰنِ	صَوْمًا[1]	فَلَنْ اُكَلِّمَ	الْيَوْمَ	اِنْسِيًّا ﴿۲۶﴾
نذر مانی ہے	رحمٰن کے لئے	روزے (کی)	تو میں ہرگز بات نہیں کروں گی	آج	کسی آدمی (سے)

آج رحمٰن کیلئے روزہ کی نذر مانی ہے تو آج ہرگز میں کسی آدمی سے بات نہیں کروں گی ○

فَاَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ قَالُوْا

فَاَتَتْ	بِهٖ	قَوْمَهَا	تَحْمِلُهٗ	قَالُوْا
پھر وہ آئی	اس (عیسیٰ) کے ساتھ	اپنی قوم (کے پاس)	اسے اٹھائے ہوئے	(تو) لوگوں نے کہا

پھر عیسیٰ کو اُٹھائے ہوئے اپنی قوم کے پاس آئیں تو لوگ کہنے لگے:

يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـًٔا فَرِيًّا ﴿۲۷﴾ يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ

يٰمَرْيَمُ	لَقَدْ	جِئْتِ	شَيْـًٔا فَرِيًّا ﴿۲۷﴾	يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ[2]	مَا كَانَ	اَبُوْكِ
اے مریم	ضرور بیشک	تو لائی	بڑی عجیب چیز	اے ہارون کی بہن	نہیں تھا	تیرا باپ

اے مریم! بیشک تو بہت ہی عجیب و غریب چیز لائی ہے ○ اے ہارون کی بہن! نہ تو تیرا باپ

بچہ دیکھ کر لوگوں کی حضرت مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ملامت

1 ..... دینِ اسلام میں صبح سے رات تک خاموش رہنے کا روزہ رکھنا منسوخ ہو جانے کی وجہ سے عبادت نہ رہا، لہٰذا اس کی منت ماننا بھی جائز نہیں، البتہ خاموشی کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے۔ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: جو چپ رہا اس نے نجات پائی۔ (سنن ترمذی، ۴/۲۲۵، الحدیث: ۲۵۰۹)

2 ..... حضرت مریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کو ان کی قوم کے لوگوں نے ہارون کی بہن کہا، اس کی ایک وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک نہایت نیک و صالح شخص کا نام ہارون تھا اور اس کے تقویٰ اور پرہیز گاری سے تشبیہ دینے کے لیے آپ کو ہارون کی بہن کہا۔

www.dawateislami.net

اِمْرَاَ سَوْءٍ وَّ مَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ﴿۲۸﴾ فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ؕ

اِمْرَاَ سَوْءٍ	وَّ	مَا كَانَتْ	اُمُّكِ	بَغِيًّا ﴿۲۸﴾	فَاَشَارَتْ	اِلَيْهِ
برا آدمی	اور	نہیں تھی	تیری ماں	بدکار	تو (مریم نے) اشارہ کیا	اس (بچے) کی طرف

کوئی برا آدمی تھا اور نہ ہی تیری ماں بدکار تھی ○ اس پر مریم نے بچے کی طرف اشارہ کر دیا۔

قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ

قَالُوْا	كَيْفَ	نُكَلِّمُ	مَنْ	كَانَ	فِي الْمَهْدِ
انہوں نے کہا	کیسے	ہم کلام کریں	(اس سے) جو	ہے	گہوارے، ماں کی گود میں

وہ بولے: ہم اس سے کیسے بات کریں؟ جو ابھی ماں کی گود میں

صَبِيًّا ﴿۲۹﴾ قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۖ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ

صَبِيًّا ﴿۲۹﴾	قَالَ	اِنِّيْ	عَبْدُ اللّٰهِ	اٰتٰنِيَ	الْكِتٰبَ
بچہ	(بچے نے) کہا	بیشک میں	اللہ کا بندہ (ہوں)	اس نے دی ہے مجھے	کتاب

بچہ ہے ○ بچے نے فرمایا: بیشک میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی ہے

وَّ جَعَلَنِيْ نَبِيًّا ﴿۳۰﴾ وَّ جَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَ

وَ	جَعَلَنِيْ	نَبِيًّا ﴿۳۰﴾	وَّ	جَعَلَنِيْ	مُبٰرَكًا (1)	اَيْنَ مَا	كُنْتُ	وَ
اور	بنایا ہے مجھے	نبی	اور	اس نے بنایا مجھے	مبارک	جہاں کہیں	میں ہوں	اور

اور مجھے نبی بنایا ہے ○ اور اس نے مجھے مبارک بنایا ہے خواہ میں کہیں بھی ہوں اور

اَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿۳۱﴾ ۪ وَّ

اَوْصٰنِيْ	بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ	مَا دُمْتُ	حَيًّا ﴿۳۱﴾ (2)	وَّ
تاکید فرمائی مجھے	نماز اور زکوٰۃ کی	جب تک میں رہوں	زندہ	اور

اس نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کی تاکید فرمائی ہے جب تک میں زندہ رہوں ○ اور

1 ..... انبیاء و صالحین بابرکت ہوتے ہیں اور ان سے نسبت رکھنے والی اشیاء بھی بابرکت ہو جاتی ہیں جن سے بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں جیسے ان کی برکت سے مصائب و مشکلات دور ہوتی ہیں اور مریضوں کو شفا ملتی ہے۔ حضرت ام سلمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے پاس حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے موئے مبارک چاندی کی بوتل میں تھے۔ جب لوگ بیمار ہوتے تو وہ ان بالوں سے تبرک حاصل کرتے اور ان کی برکت سے شفا پاتے۔ (عمدۃ القاری، ۱۵/۹۴، تحت الحدیث: ۵۸۹۶)

2 ..... جب تک آدمی زندہ ہے تب تک وہ عبادات اور شرعی احکام کا پابند ہے الّا یہ کہ اسے کوئی ایسا شرعی عذر لاحق ہو جس سے شرعاً عبادات ساقط ہو جائے۔

www.dawateislami.net

بَرًّۢا بِوَالِدَتِيْ ۫ وَ لَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا

بَرًّا (1)	بِوَالِدَتِيْ	وَ	لَمْ يَجْعَلْنِيْ	جَبَّارًا (2)
(مجھے) اچھا سلوک کرنے والا (بنایا)	اپنی ماں سے	اور	نہیں بنایا مجھے	تکبر کرنے والا

(مجھے) اپنی ماں سے اچھا سلوک کرنے والا (بنایا) اور مجھے متکبر،

شَقِيًّا ﴿۳۲﴾ وَ السَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَ يَوْمَ

شَقِيًّا ﴿۳۲﴾	وَ	السَّلٰمُ	عَلَيَّ	يَوْمَ	وُلِدْتُّ	وَ	يَوْمَ
بدنصیب	اور	سلامتی (ہو)	مجھ پر	(جس) دن	میں پیدا ہوا	اور	(جس) دن

بدنصیب نہ بنایا ○ اور مجھ پر سلامتی ہو جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن

اَمُوْتُ وَ يَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾ ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ

اَمُوْتُ	وَ	يَوْمَ	اُبْعَثُ	حَيًّا ﴿۳۳﴾ (3)	ذٰلِكَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ
میں وفات پاؤں	اور	(جس) دن	اٹھایا جاؤں	زندہ	یہ (ہے)	عیسیٰ	مریم کا بیٹا

وفات پاؤں اور جس دن زندہ اٹھایا جاؤں ○ یہ ہے عیسیٰ مریم کا بیٹا۔

قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ

قَوْلَ الْحَقِّ	الَّذِيْ فِيْهِ	يَمْتَرُوْنَ ﴿۳۴﴾ (4)	مَا كَانَ	لِلّٰهِ	اَنْ	يَّتَّخِذَ
سچی بات	جس میں	وہ شک کر رہے ہیں	(لائق) نہیں ہے	اللہ کے لئے	کہ	وہ بنائے

سچی بات جس میں یہ شک کر رہے ہیں ○ اللہ کیلئے لائق نہیں کہ وہ کسی کو

مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ

مِنْ وَّلَدٍ	سُبْحٰنَهٗ	اِذَا	قَضٰى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ
(اپنا) کوئی بیٹا	پاکی ہے اسے	جب	وہ فیصلہ کرتا ہے	کسی کام (کا)	تو صرف	فرماتا ہے

اپنا بیٹا بنائے، وہ پاک ہے۔ جب وہ کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو اسے صرف

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے متعلق حقیقتِ نظیر اور قدرتِ الٰہی

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) جاہلوں کا یہ کہنا شیطانی وسوسہ ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر چکے ہیں لہٰذا اب ہم پر کوئی عبادت لازم نہیں رہی۔ (1) ..... والدین کی خدمت اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کرنا انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی سنت اور حکمِ خداوندی ہے۔ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جسے یہ پسند ہو کہ اس کی عمر دراز اور اس کے رزق میں اضافہ کر دیا جائے تو اسے چاہئے کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک اور رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرے۔ (مسند امام احمد، ۴/۴۵۸، الحدیث: ۱۳۴۰۰) (2) ..... تکبر اور سختی مومن کی صفت نہیں، رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: مومن باوقار اور نرم خو ہوتا ہے۔ (شعب الایمان،

www.dawateislami.net

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے عبادتِ الٰہی کی دعوت

لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ﴿۳۵﴾ وَ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ

لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ ﴿۳۵﴾	وَ	اِنَّ	اللّٰهَ	رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ
اس سے	ہو جا	تو وہ فوراً ہو جاتا ہے	اور	بیشک	اللہ	میرا اور تمہارا رب (ہے)

یہ فرماتا ہے، ”ہو جا“ تو وہ فوراً ہو جاتا ہے ○ اور عیسیٰ نے کہا بیشک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے

عیسائیوں کے اختلاف کی طرف اشارہ اور کفار کے لئے وعید

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۳۶﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ

فَاعْبُدُوْهُ	هٰذَا	صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۳۶﴾	فَاخْتَلَفَ (1)	الْاَحْزَابُ
تو تم عبادت کرو اسی کی	یہ	سیدھا راستہ (ہے)	پھر اختلاف کیا	گروہوں (نے)

تو اس کی عبادت کرو۔ یہ سیدھا راستہ ہے ○ پھر گروہوں کا آپس میں

مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مِنْۢ بَيْنِهِمْ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اپنے درمیان (آپس میں)	تو خرابی (ہے)	ان لوگوں کے لئے جنہوں نے	کفر کیا

اختلاف ہو گیا تو کافروں کے لئے خرابی ہے

مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۳۷﴾ اَسْمِعْ بِهِمْ وَ اَبْصِرْ ۙ يَوْمَ

مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۳۷﴾	اَسْمِعْ بِهِمْ	وَ	اَبْصِرْ	يَوْمَ
ایک بڑے دن کی حاضری سے	کتنا سنتے ہوں گے	اور	کتنا دیکھتے ہوں گے	(جس) دن

ایک بڑے دن کی حاضری سے ○ اس دن کتنا سنتے اور دیکھتے ہوں گے جس دن

قیامت سے ڈرانے کا حکم اور کفار کی غفلت و انکار

يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ وَ

يَاْتُوْنَنَا	لٰكِنِ	الظّٰلِمُوْنَ	الْيَوْمَ	فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾	وَ
وہ حاضر ہوں گے ہمارے پاس	لیکن	ظالم	آج	کھلی گمراہی میں (ہیں)	اور

ہمارے پاس حاضر ہوں گے لیکن آج ظالم کھلی گمراہی میں ہیں ○ اور

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ۲/۶، ۲۷۳، الحدیث: ۸۱۲۷) 3 ..... اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ولادت، زندگی، وفات، حشر ہر جگہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے امن میں رہتے ہیں۔ 4 ..... حضرت عیسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا اللہ تعالیٰ کا بندہ ہونا حق بات ہے اور عیسائی اس کے حوالے سے شک میں مبتلا تھے کہ وہ خدا ہیں یا خدا کے بیٹے۔

(اس صفحے کا حاشیہ) 1 ..... حضرت عیسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے بارے میں حقیقتِ حال واضح ہو جانے کے باوجود لوگوں کی نظریات میں اختلاف رونما ہوا، بعض کہنے لگے کہ حضرت عیسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام بذاتِ خود اللہ ہے جو زمین پر اتر آیا تھا پھر آسمان پر چڑھ گیا۔ بعض کا کہنا یہ تھا کہ وہ خدا کا بیٹا ہے، جب تک چاہا اسے زمین پر

www.dawateislami.net

وقف لازم

اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ

اَنْذِرْ هُمْ	يَوْمَ الْحَسْرَةِ (1)	اِذْ	قُضِيَ	الْاَمْرُ	وَ	هُمْ
ڈراؤ انہیں	پچھتاوے کے دن (سے)	جب	فیصلہ کر دیا جائے گا	معاملے (کا)	اور	وہ

انہیں پچھتاوے کے دن سے ڈراؤ جب فیصلہ کر دیا جائے گا اور وہ

عظمتِ الٰہی

فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ

فِيْ غَفْلَةٍ (2)	وَّ	هُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾	اِنَّا	نَحْنُ	نَرِثُ
غفلت میں (ہیں)	اور	وہ	ایمان نہیں لاتے	بیشک	ہم	ہم وارث ہوں گے

غفلت میں ہیں اور نہیں مانتے ○ بیشک زمین اور جو کچھ اس پر ہے

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تذکرہ اور ان کی شان

ع ٢ ٢٥ ٥

الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾ ع وَ

الْاَرْضَ	وَ	مَنْ	عَلَيْهَا	وَ	اِلَيْنَا	يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾	وَ
زمین (کے)	اور	جو کچھ	اس پر (ہے)	اور	ہماری ہی طرف	انہیں لوٹایا جائے گا	اور

سب کے وارث ہم ہوں گے اور ہماری ہی طرف انہیں لوٹایا جائے گا ○ اور

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اپنے چچا کو تبلیغ

اذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۘ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾ اِذْ

اذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	اِبْرٰهِيْمَ	اِنَّهٗ	كَانَ	صِدِّيْقًا (3)	نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾	اِذْ
یاد کرو	کتاب میں	ابراہیم (کو)	بیشک وہ	تھا	بہت سچا	نبی	جب

کتاب میں ابراہیم کو یاد کرو بیشک وہ بہت ہی سچے نبی تھے ○ جب

قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا

قَالَ	لِاَبِيْهِ (4)	يٰۤاَبَتِ	لِمَ	تَعْبُدُ	مَا
اس نے کہا	اپنے (عرفی) باپ سے	اے میرے باپ	کیوں	تم عبادت کر رہے ہو	(اس کی) جو

اپنے باپ سے فرمایا: اے میرے باپ! تم کیوں ایسے کی عبادت کر رہے ہو جو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) رکھا پھر اُٹھالیا اور بعض اس کے قائل تھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں، مخلوق ہیں اور نبی ہیں۔ یہ مومن تھے۔

1 ..... قیامت کا دن ایسا ہے جس میں اکثر لوگ اپنی دنیاوی زندگی گزارنے کے انداز پر پچھتائیں گے اس لئے اسے "یوم الحسرۃ" یعنی حسرت کا دن کہتے ہیں۔ 2 ..... قیامت کا دن حسرت و ندامت کا دن ہے اور اس دن کی تیاری سے غافل رہنا بہت بڑی نادانی ہے۔ 3 ..... صدیق کا ایک معنی ہے ہمیشہ سچ بولنے والا اور دوسرا معنی ہے کثرت سے تصدیق کرنے والا۔ 4 ..... یہاں "باپ" سے مراد حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا چچا آزر ہے اور چچا کو باپ کہنا وہاں کے

www.dawateislami.net

لَا يَسْمَعُ وَ لَا يُبْصِرُ وَ لَا يُغْنِیْ عَنْكَ شَیْـٴًـا ﴿۴۲﴾ یٰۤاَبَتِ

لَا يَسْمَعُ	وَ	لَا يُبْصِرُ	وَ	لَا يُغْنِیْ	عَنْكَ	شَیْـٴًـا ﴿۴۲﴾	یٰۤاَبَتِ
نہ سنتا ہے	اور	نہ دیکھتا ہے	اور	نہ فائدہ پہنچا سکتا ہے	تجھے	کچھ	اے میرے باپ

نہ سنتا ہے اور نہ دیکھتا ہے اور نہ تجھے کوئی فائدہ پہنچا سکتا ہے ○ اے میرے باپ!

اِنِّیْ قَدْ جَآءَنِیْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ یَاْتِكَ

اِنِّیْ	قَدْ	جَآءَنِیْ	مِنَ الْعِلْمِ (۱)	مَا	لَمْ یَاْتِكَ
بیشک میں	تحقیق	آیا میرے پاس	علم سے	وہ جو	نہیں آیا تیرے پاس

بیشک میرے پاس وہ علم آیا جو تیرے پاس نہیں آیا

فَاتَّبِعْنِیْۤ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِیًّا ﴿۴۳﴾ یٰۤاَبَتِ

فَاتَّبِعْنِیْۤ	اَهْدِكَ	صِرَاطًا سَوِیًّا ﴿۴۳﴾	یٰۤاَبَتِ
تو تو پیروی کر میری	میں رہنمائی کروں گا تیری	سیدھے راستے (کی طرف)	اے میرے باپ

تو تُو میری پیروی کر، میں تجھے سیدھی راہ دکھادوں گا ○ اے میرے باپ!

لَا تَعْبُدِ الشَّیْطٰنَ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِیًّا ﴿۴۴﴾

لَا تَعْبُدِ	الشَّیْطٰنَ	اِنَّ	الشَّیْطٰنَ	كَانَ	لِلرَّحْمٰنِ	عَصِیًّا ﴿۴۴﴾
تو عبادت نہ کر	شیطان (کی)	بیشک	شیطان	ہے	رحمٰن کا	بڑا نافرمان

شیطان کا بندہ نہ بن، بیشک شیطان رحمٰن کا بڑا نافرمان ہے ○

یٰۤاَبَتِ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ یَّمَسَّكَ عَذَابٌ

یٰۤاَبَتِ	اِنِّیْۤ	اَخَافُ	اَنْ	یَّمَسَّكَ	عَذَابٌ
اے میرے باپ	بیشک میں	ڈرتا ہوں	(اس سے) کہ	پہنچے تجھے	کوئی عذاب

اے میرے باپ! میں ڈرتا ہوں کہ تجھے رحمٰن کی طرف سے

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) عرف ورواج اور معمول کے مطابق تھا۔ نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اہلِ خانہ کو بھی تبلیغ کرنی چاہئے۔

(۱)..... اس سے معلوم ہوا کہ اتباع کے لائق اصل چیز علم ہے، باپ ہونا یا عمر میں بڑا ہونا نہیں لہٰذا اگر کوئی شخص عمر میں بڑا ہو اور اسے دین کا علم نہ ہو جبکہ اس کی اولاد یا قریبی عزیزوں میں سے کوئی عمر میں اگرچہ چھوٹا ہے لیکن وہ دین کا علم رکھتا ہو تو اس کی اتباع کرنی چاہئے۔ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ علم کے ذریعے کچھ لوگوں کو بلندی عطا کرتا ہے تو انہیں بھلائی کے کاموں میں قائد و سردار اور امام بنا دیتا ہے جن کے نقشِ قدم پر چلا جاتا

www.dawateislami.net

چچا کی طرف سے جواب

مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ

مِّنَ الرَّحْمٰنِ	فَتَكُوْنَ	لِلشَّيْطٰنِ	وَلِيًّا ﴿۴۵﴾	قَالَ	اَرَاغِبٌ
رحمٰن کی طرف سے	تو تُو ہو جائے	شیطان کا	دوست	اس نے کہا	کیا منہ پھیرتے ہو

کوئی عذاب پہنچے تو تُو شیطان کا دوست ہو جائے ○ بولا: کیا تو میرے

اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْۤ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ لَاَرْجُمَنَّكَ

اَنْتَ	عَنْ اٰلِهَتِيْ	يٰۤاِبْرٰهِيْمُ	لَئِنْ	لَّمْ تَنْتَهِ	لَاَرْجُمَنَّكَ
تم	میرے معبودوں سے	اے ابراہیم	ضرور اگر	تو باز نہ آیا	(تو) ضرور میں پتھر ماروں گا تجھے

معبودوں سے منہ پھیرتا ہے؟ اے ابراہیم! بیشک اگر تو باز نہ آیا تو میں تجھے پتھر ماروں گا

چچا کو الوداعی سلام اور استغفار کا وعدہ

وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ

وَ	اهْجُرْنِيْ	مَلِيًّا ﴿۴۶﴾	قَالَ	سَلٰمٌ عَلَيْكَ
اور	تو چھوڑ دے مجھے	لمبی مدت (تک)	(ابراہیم نے) فرمایا	(بس) تجھے سلام

اور تو عرصہ دراز کیلئے مجھے چھوڑ دے ○ فرمایا: بس تجھے سلام ہے۔

سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ

سَاَسْتَغْفِرُ (1)	لَكَ	رَبِّيْ	اِنَّهٗ	كَانَ	بِيْ
عنقریب میں مغفرت مانگوں گا	تیرے لیے	اپنے رب (سے)	بیشک وہ	ہے	مجھ پر

عنقریب میں تیرے لیے اپنے رب سے معافی مانگوں گا بیشک وہ مجھ پر

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارادۂ ہجرت

حَفِيًّا ﴿۴۷﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ

حَفِيًّا ﴿۴۷﴾	وَ	اَعْتَزِلُكُمْ	وَ	مَا	تَدْعُوْنَ
بڑا مہربان	اور	میں جدا ہوتا ہوں تم (لوگوں) سے	اور	جن کی	تم عبادت کرتے ہو

بڑا مہربان ہے ○ اور میں تم لوگوں سے اور اللہ کے سوا جن (بتوں) کی تم عبادت کرتے ہو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اور ان کے افعال کی پیروی کی جاتی ہے۔ (جامع بیان العلم وفضلہ، ص ۷۷، الحدیث: ۲۴۰)

1 ..... حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا اپنے چچا آزر سے یہ کہنا کہ ”عنقریب میں تیرے لئے اپنے رب سے معافی مانگوں گا“ اس وجہ سے تھا کہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اس کے ایمان لانے کی توقع تھی اور جب آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام پر یہ واضح ہو گیا کہ وہ ایمان نہیں لائے گا تو اس کے بعد آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام آزر سے بیزار ہو گئے اور پھر کبھی اس کے لئے مغفرت کی دعا نہ کی۔

www.dawateislami.net

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ اَدْعُوْا رَبِّیْ ۖ عَسٰۤى اَلَّاۤ اَكُوْنَ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَ	اَدْعُوْا	رَبِّیْ	عَسٰى	اَلَّاۤ اَكُوْنَ
اللہ کے سوا	اور	میں عبادت کرتا ہوں	اپنے رب (کی)	قریب ہے	کہ میں نہ ہوں گا

ان سے جدا ہو تا ہوں اور میں اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں۔ قریب ہے کہ میں

بِدُعَآءِ رَبِّیْ شَقِیًّا ﴿۴۸﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَ مَا

بِدُعَآءِ رَبِّیْ	شَقِیًّا ﴿۴۸﴾	فَلَمَّا	اعْتَزَلَهُمْ	وَ	مَا
اپنے رب کی عبادت کی وجہ سے	بدبخت	پھر جب	وہ جدا ہو گیا ان سے	اور	جن کی

اپنے رب کی عبادت کی وجہ سے بدبخت نہ ہوں گا ○ پھر جب ابراہیم لوگوں سے اور اللہ کے سوا

یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ ؕ

یَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَهَبْنَا	لَهٗۤ	اِسْحٰقَ	وَ	یَعْقُوْبَ
وہ عبادت کرتے تھے	اللہ کے سوا	(تو) ہم نے عطا کئے	اس کو	اسحاق	اور	یعقوب

جن (بتوں) کی وہ عبادت کرتے تھے ان سے جدا ہو گئے تو ہم نے اسے اسحاق اور (اس کے بعد) یعقوب عطا کئے

وَ كُلًّا جَعَلْنَا نَبِیًّا ﴿۴۹﴾ وَ وَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا

وَ	كُلًّا	جَعَلْنَا	نَبِیًّا ﴿۴۹﴾	وَ	وَهَبْنَا	لَهُمْ	مِّنْ رَّحْمَتِنَا
اور	(ان) سب (کو)	ہم نے بنایا	نبی	اور	ہم نے عطا کیا	ان کو	اپنی رحمت سے

اور ان سب کو ہم نے نبی بنایا ○ اور ہم نے انہیں اپنی رحمت عطا کی

وَ جَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِیًّا ﴿۵۰﴾ۚ وَ اذْكُرْ فِی الْكِتٰبِ

وَ	جَعَلْنَا	لَهُمْ	لِسَانَ صِدْقٍ عَلِیًّا ﴿۵۰﴾ (۱)	وَ	اذْكُرْ	فِی الْكِتٰبِ
اور	ہم نے کر دی	ان کے لئے	سچی بلند زبان (سچی بلند شہرت)	اور	یاد کرو	کتاب میں

اور ان کیلئے سچی بلند شہرت رکھی ○ اور کتاب میں

(1) ..... سچی شہرت سے مراد یہ ہے کہ ہر دین والے مسلمان ہوں خواہ یہودی یا عیسائی سب حضرت ابراہیم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی ثنا و تعریف کرتے ہیں اور مسلمانوں میں تو نمازوں کے اندر ان پر اور ان کی آل پر درود پڑھا جاتا ہے۔ دعائے خیر اور دیگر اچھی نیتوں سے شہرت کی طلب محمود ہے ورنہ مذموم۔ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: دو بھوکے بھیڑیئے بکریوں کے ریوڑ میں اتنا نقصان نہیں کرتے جتنا جاہ و مال کی محبت ایک مسلمان کے دین میں بگاڑ پیدا کرتی ہے۔ (حلیۃ الاولیاء، ۷/۹۴، الحدیث: ۹۷۷۲)

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ہجرت اور ان پر انعامات الٰہی

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تذکرہ اور ان کی عظمت و شان

www.dawateislami.net

مُوْسٰۤى ۫ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّ كَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾ وَ

مُوْسٰۤى	اِنَّهٗ	كَانَ	مُخْلَصًا	وَّ	كَانَ	رَسُوْلًا	نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾	وَ
موسیٰ (کو)	بیشک وہ	تھا	چناہوا بندہ	اور	وہ تھا	رسول	نبی	اور

موسیٰ کو یاد کرو، بیشک وہ چناہوا بندہ تھا اور وہ نبی رسول تھا ○ اور

نَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَ قَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿۵۲﴾ وَ

نَادَيْنٰهُ	مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ	وَ	قَرَّبْنٰهُ	نَجِيًّا ﴿۵۲﴾	وَ
ہم نے پکارا اسے	طور کی دائیں جانب سے	اور	مقرب بنایا اسے	راز کہنے (کے لئے)	اور

ہم نے اسے طور کی دائیں جانب سے پکارا اور ہم نے اسے اپنا راز کہنے کیلئے مقرب بنایا ○ اور

وَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَاۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿۵۳﴾ وَاذْكُرْ

وَهَبْنَا	لَهٗ	مِنْ رَّحْمَتِنَاۤ	اَخَاهُ	هٰرُوْنَ	نَبِيًّا ﴿۵۳﴾	وَ	اذْكُرْ
ہم نے عطا کیا	اس کو	اپنی رحمت سے	اس کا بھائی	ہارون	نبی	اور	یاد کرو

ہم نے اپنی رحمت سے اسے اس کا بھائی ہارون بھی دیا جو نبی تھا ○ اور کتاب میں

فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا

فِي الْكِتٰبِ	اِسْمٰعِيْلَ	اِنَّهٗ	كَانَ	صَادِقَ الْوَعْدِ[1]	وَ	كَانَ	رَسُوْلًا
کتاب میں	اسماعیل (کو)	بیشک وہ	تھا	وعدے کا سچا	اور	تھا	رسول

اسماعیل کو یاد کرو بیشک وہ وعدے کا سچا تھا اور غیب کی خبریں دینے والا

نَبِيًّا ﴿۵۴﴾ ۚ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۪ وَكَانَ

نَبِيًّا ﴿۵۴﴾	وَ	كَانَ يَاْمُرُ[2]	اَهْلَهٗ	بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ	وَ	كَانَ
نبی	اور	وہ حکم دیتا تھا	اپنے گھر والوں (کو)	نماز اور زکوٰۃ کا	اور	تھا

رسول تھا ○ اور وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا اور وہ اپنے رب کے ہاں

حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تذکرہ اور ان کی شان

1 ..... تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام وعدے کے سچے ہی ہوتے ہیں مگر حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خصوصی طور پر ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام اس وصف میں بہت زیادہ ممتاز تھے۔ وعدہ پورا کرنا سنتِ انبیاء ہے اور وعدہ خلافی منافق کی نشانی ہے، حدیثِ پاک میں ہے (منافق کی ایک نشانی یہ ہے کہ) جب وہ وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے۔ (بخاری، ۱/۲۴، الحدیث: ۳۳) 2 ..... گھر والوں کو نماز کا حکم دینا اللہ تعالیٰ کے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہے، ہمیں بھی چاہئے کہ ہم اپنے گھر والوں کو نماز قائم کرنے کا حکم دیں اور اس کے علاوہ ان تمام کاموں کا بھی حکم دیں جو جہنم سے نجات ملنے کا سبب ہیں۔

www.dawateislami.net

عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ

عِنْدَ رَبِّهٖ	مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾	وَ	اذْكُرْ	فِي الْكِتٰبِ	اِدْرِيْسَ	اِنَّهٗ	كَانَ
اپنے رب کے ہاں	بڑا پسندیدہ	اور	یاد کرو	کتاب میں	اور ادریس (کو)	بیشک وہ	تھا

بڑا پسندیدہ بندہ تھا ○ اور کتاب میں اور ادریس کو یاد کرو بیشک وہ

صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

صِدِّيْقًا	نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾	وَّ	رَفَعْنٰهُ (1)	مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
بہت سچا	نبی	اور	ہم نے اٹھالیا اسے	ایک بلند مکان (پر)	یہ (انبیاء)	وہ لوگ ہیں جو

بہت ہی سچا نبی تھا ○ اور ہم نے اسے ایک بلند مکان پر اٹھالیا ○ یہ وہ انبیاء ہیں

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَ

اَنْعَمَ (2)	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مِّنَ النَّبِيّٖنَ	مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ	وَ
انعام، احسان کیا	اللہ (نے)	ان پر	نبیوں میں سے	آدم کی نسل سے	اور

جن پر اللہ نے احسان کیا، جو آدم کی اولاد میں سے ہیں اور

مِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۫ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ۫

مِمَّنْ	حَمَلْنَا	مَعَ نُوْحٍ	وَّ	مِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ
(ان کی نسل) سے جنہیں	ہم نے سوار کیا	نوح کے ساتھ	اور	ابراہیم اور یعقوب کی نسل سے

ان لوگوں میں سے ہیں جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ سوار کیا تھا اور ابراہیم اور یعقوب کی اولاد میں سے ہیں

وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ؕ اِذَا تُتْلٰى

وَ	مِمَّنْ	هَدَيْنَا	وَ	اجْتَبَيْنَا	اِذَا	تُتْلٰى
اور	(ان لوگوں میں) سے (ہیں) جنہیں	ہم نے ہدایت دی	اور	چن لیا	جب	تلاوت کی جاتی ہیں

اور ان لوگوں میں سے ہیں جنہیں ہم نے ہدایت دی اور چن لیا۔ جب ان کے سامنے

1 ..... حضرت ادریس عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو بلند مکان پر اٹھالینے سے مراد آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے مرتبے کی بلندی ہے اور ایک قول یہ ہے کہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو آسمان پر اٹھالیا گیا ہے اور زیادہ صحیح یہی قول ہے کہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو آسمان پر اٹھالیا گیا ہے۔

2 ..... انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام پر انعاماتِ الٰہیہ اور ان کی عظمت وشان بیان کرنا قرآن کا طریقہ اور بارگاہِ الٰہی میں محبوب عمل ہے خواہ وہ محفلِ میلاد کی صورت میں ہو یا کسی اور انداز میں۔

www.dawateislami.net

السجدة ٥

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ بُكِيًّا ۩ ۵۸

عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ	خَرُّوْا	سُجَّدًا	وَّ	بُكِيًّا ۵۸ (1)
ان پر (کے سامنے)	رحمٰن کی آیتیں	وہ گر پڑتے ہیں	سجدہ کرتے ہوئے	اور	روتے ہوئے

رحمٰن کی آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو یہ سجدہ کرتے ہوئے اور روتے ہوئے گر پڑتے ہیں ○

بے نمازی اور نفسانی خواہشات کے شکار کی سزا

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَ

فَخَلَفَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	خَلْفٌ	اَضَاعُوا	الصَّلٰوةَ (2)	وَ
تو پیچھے آئے	ان کے بعد	ناخلف، نالائق لوگ	انہوں نے ضائع کیں	نمازیں	اور

تو ان کے بعد وہ نالائق لوگ ان کی جگہ آئے جنہوں نے نمازوں کو ضائع کیا اور

توبہ کرنے والوں کا صلہ

اتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۙ ۵۹ اِلَّا

اتَّبَعُوا	الشَّهَوٰتِ	فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ	غَيًّا ۵۹	اِلَّا
پیروی کی	خواہشات (کی)	تو عنقریب وہ ملیں گے	غی (سے)	سوائے

اپنی خواہشوں کی پیروی کی تو عنقریب وہ جہنم کی خوفناک وادی غی سے جا ملیں گے ○ مگر

مَنْ تَابَ وَ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ

مَنْ	تَابَ	وَ	اٰمَنَ	وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ
(اس کے) جس نے	توبہ کرلی	اور	ایمان لے آیا	اور	عمل کیا	اچھا، نیک	تو یہ لوگ

جنہوں نے توبہ کی اور ایمان لائے اور نیک کام کئے تو یہ لوگ

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَ لَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ ۶۰ جَنّٰتِ عَدْنِ

يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ	وَ	لَا يُظْلَمُوْنَ	شَيْـًٔا ۶۰	جَنّٰتِ عَدْنٍ (3)
داخل ہوں گے	جنت (میں)	اور	ان پر زیادتی نہیں کی جائے گی	کچھ	ہمیشہ رہنے کے باغات

جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر کوئی زیادتی نہیں کی جائے گی ○ ہمیشہ رہنے کے ان باغوں میں (داخل ہوں گے)

1 ..... کلام الٰہی سن کر رونا انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی سنت ہے۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بھی آیات قرآنی سن کر رویا کرتے تھے۔

2 ..... نماز نہ پڑھنا، بے وقت پڑھنا، ہمیشہ نہ پڑھنا اور ریاکاری سے پڑھنا وغیرہ نماز ضائع کرنے کی صورتیں ہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ ”جس نے ایک نماز ترک کی تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضبناک ہو گا۔ (معجم الکبیر، ۱۱/۲۳۴، الحدیث: ۱۱۷۸۲)

3 ..... جنت عدن زبرجد سے بنی ہوئی ہے، اس کا دروازہ زمرد اور یاقوت سے بنا ہوا ہے جس کے دو کواڑوں کے درمیان مشرق و مغرب جتنا فاصلہ ہے۔

www.dawateislami.net

الَّتِیْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَیْبِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ

الَّتِیْ	وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	عِبَادَهٗ	بِالْغَیْبِ	اِنَّهٗ	كَانَ	وَعْدُهٗ
جن کا	وعدہ کیا	رحمٰن (نے)	اپنے بندوں (سے)	غیب سے	بیشک	ہے	اس کا وعدہ

جن کا وعدہ رحمٰن نے اپنے بندوں سے ان کے دیکھے بغیر فرمایا ہے۔ بیشک اس کا وعدہ

مَاْتِیًّا ﴿٦١﴾ لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ وَ لَهُمْ

مَاْتِیًّا ﴿٦١﴾	لَا یَسْمَعُوْنَ	فِیْهَا	لَغْوًا (1)	اِلَّا	سَلٰمًا	وَ	لَهُمْ
آنے والا	وہ نہیں سنیں گے	ان (باغوں) میں	بیکار بات	مگر	سلام	اور	ان کے لئے

آنے والا ہے ○ وہ ان باغات میں کوئی بیکار بات نہ سنیں گے مگر سلام اور ان کیلئے

رِزْقُهُمْ فِیْهَا بُكْرَةً وَّ عَشِیًّا ﴿٦٢﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِیْ

رِزْقُهُمْ	فِیْهَا	بُكْرَةً	وَّ	عَشِیًّا ﴿٦٢﴾	تِلْكَ	الْجَنَّةُ	الَّتِیْ
اُن کا رزق (ہے)	اِن میں	صبح	اور	شام	یہ	(وہ) باغ (ہے)	جس کا

اس میں صبح و شام ان کا رزق ہے ○ یہ وہ باغ ہے جس کا

نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِیًّا ﴿٦٣﴾ وَ

نُوْرِثُ	مِنْ عِبَادِنَا	مَنْ	كَانَ	تَقِیًّا ﴿٦٣﴾ (2)	وَ
ہم وارث بنائیں گے	اپنے بندوں میں سے	(اسے) جو	ہو	پرہیز گار	اور

وارث ہم اپنے بندوں میں سے اسے کریں گے جو پرہیز گار ہو ○ اور

مَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَیْنَ اَیْدِیْنَا

مَا نَتَنَزَّلُ	اِلَّا	بِاَمْرِ رَبِّكَ	لَهٗ	مَا	بَیْنَ اَیْدِیْنَا
ہم (فرشتے) نہیں اترتے	مگر	تمہارے رب کے حکم سے	اسی کا (ہے)	جو کچھ	ہمارے آگے (ہے)

ہم فرشتے صرف آپ کے رب کے حکم سے ہی اترتے ہیں۔ سب اسی کا ہے جو ہمارے آگے ہے

جنت کے انعامات

جنت کے وارث پرہیز گار لوگ ہیں

فرشتوں کا نزول حکم الٰہی کے تابع ہے

1 ..... اللہ تعالیٰ نے اپنی عظیم الشان نعمتوں کے گھر جنت کو فضول اور بیکار باتوں سے پاک فرمایا ہے، جن کی زندگی دنیا میں فضول سے پاک ہوگی وہ قیامت میں اِنْ شَآءَ اللہ اس گھر میں جائیں گے جو فضول سے پاک ہوگا یعنی جنت۔

2 ..... جنت متقی اور پرہیز گار مسلمان کو ملے گی اور گناہگار مسلمانوں کو بھی جو جنت ملے گی وہ ان کے گناہوں کی معافی یا سزا پاکر گناہوں کے خاتمے کے بعد ہی ملے گی یعنی جنت میں داخل ہوتے وقت وہ بھی گناہوں سے پاک ہو چکے ہوں گے۔

www.dawateislami.net

وَ مَا خَلْفَنَا وَ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَ مَا كَانَ رَبُّكَ

وَ	مَا	خَلْفَنَا	وَ	مَا	بَيْنَ ذٰلِكَ	وَ	مَا كَانَ	رَبُّكَ
اور	جو کچھ	ہمارے پیچھے	اور	جو	اس کے درمیان (ہے)	اور	نہیں ہے	تمہارا رب

اور جو کچھ ہمارے پیچھے اور جو اس کے درمیان ہے اور آپ کا رب

نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا

نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ (1)	رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ	وَ	مَا	بَيْنَهُمَا
بھولنے والا	آسمانوں اور زمین کا رب	اور	(اس کا) جو	ان کے درمیان (ہے)

بھولنے والا نہیں ہے ○ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے سب کا رب (وہی ہے)

فَاعْبُدْهُ وَ اصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾

فَاعْبُدْهُ	وَ	اصْطَبِرْ (2)	لِعِبَادَتِهٖ	هَلْ	تَعْلَمُ	لَهٗ	سَمِيًّا ﴿٦٥﴾
تو تم عبادت کرو اسی کی	اور	ڈٹ جاؤ	اس کی عبادت پر	کیا	تم جانتے ہو	اس کا	کوئی ہم نام

تو اسی کی عبادت کرو اور اس کی عبادت پر ڈٹ جاؤ، کیا تم اللہ کا کوئی ہم نام جانتے ہو؟ ○

وَ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ

وَ	يَقُوْلُ	الْاِنْسَانُ (3)	ءَاِذَا مَا	مِتُّ	لَسَوْفَ اُخْرَجُ
اور	کہتا ہے	آدمی	کیا جب	میں مر جاؤں گا	(تو) ضرور عنقریب مجھے نکالا جائے گا

اور آدمی کہتا ہے: کیا جب میں مر جاؤں گا تو عنقریب مجھے زندہ کر کے

حَيًّا ﴿٦٦﴾ اَوَ لَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ

حَيًّا ﴿٦٦﴾	اَوَ لَا يَذْكُرُ	الْاِنْسَانُ	اَنَّا	خَلَقْنٰهُ	مِنْ قَبْلُ
زندہ	اور کیا یاد نہیں کرتا	آدمی	کہ	ہم نے پیدا کیا اسے	(اس سے) پہلے

ضرور نکالا جائے گا؟ ○ اور کیا آدمی کو یاد نہیں کہ ہم نے اس سے پہلے اسے پیدا کیا

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو صبر و عبادت کی تاکید

مرنے کے بعد اٹھنے پر ایک کافر کا شبہہ اور اسے جواب

ع ۵ ۷

1 ..... اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ وہ کچھ بھول جائے۔ اِس سے ان لوگوں کو غور کرنے کی سخت ضرورت ہے جو مذاق میں کسی بوڑھے کے بارے میں یا کسی چیز کے بارے میں کہہ دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ تو اسے بھول ہی گیا ہے۔ یہ کہنا صریح کفر ہے اور ایسا کہنے والا کافر ہے اور اس پر توبہ و تجدید ایمان فرض ہے۔

2 ..... صرف خوشی یا صرف غم میں عبادت کرنا کمال نہیں بلکہ خوشی و غم ہر حال میں ہمیشہ عبادت کرنی چاہئے۔ یہی حکم ہے اور یہی بارگاہِ خدا عَزَّوَجَلَّ میں محبوب ہے۔ 3 ..... اس آیت میں انسان سے مراد وہ کفار ہیں جو موت کے بعد زندہ کئے جانے کے منکر تھے۔

www.dawateislami.net

قیامت کے دن کفار کا عبرتناک حال

وَ لَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿٦٧﴾ فَوَ رَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَ

وَ	لَمْ يَكُ	شَيْـًٔا ﴿٦٧﴾	فَوَ رَبِّكَ	لَنَحْشُرَنَّهُمْ	وَ
اور (حالانکہ)	وہ نہ تھا	کوئی چیز	تو تمہارے رب کی قسم	ضرور ہم جمع کرلیں گے انہیں	اور

حالانکہ وہ کوئی شے نہ تھا○ تو تیرے رب کی قسم! ہم انہیں اور شیطانوں کو جمع کرلیں گے

الشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ

الشَّيٰطِيْنَ	ثُمَّ	لَنُحْضِرَنَّهُمْ	حَوْلَ جَهَنَّمَ	جِثِيًّا ﴿٦٨﴾	ثُمَّ
شیطانوں (کو)	پھر	ضرور ہم حاضر کریں گے انہیں	جہنم کے آس پاس	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	پھر

پھر انہیں دوزخ کے آس پاس اس حال میں حاضر کریں گے کہ گھٹنوں کے بل گرے ہوئے ہوں گے ○ پھر

لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ

لَنَنْزِعَنَّ	مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ	اَيُّهُمْ	اَشَدُّ	عَلَى الرَّحْمٰنِ
ضرور ہم نکالیں گے	ہر گروہ سے	ان میں جو	سب سے زیادہ سخت	رحمٰن پر

ہم ہر گروہ سے اسے نکالیں گے جو ان میں رحمٰن پر سب سے زیادہ

عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى

عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ (1)	ثُمَّ	لَنَحْنُ	اَعْلَمُ	بِالَّذِيْنَ	هُمْ	اَوْلٰى
بے باک (ہوگا)	پھر	ضرور ہم	خوب جانتے ہیں	ان لوگوں کو جو	وہ	زیادہ لائق (ہیں)

بے باک ہوگا○ پھر ہم انہیں خوب جانتے ہیں جو آگ میں جلنے کے

پل صراط کا بیان اور اس پر گزرنے والوں کا حال

بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَ اِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ

بِهَا	صِلِيًّا ﴿٧٠﴾	وَ	اِنْ	مِّنْكُمْ	اِلَّا	وَارِدُهَا (2)	كَانَ
اس (آگ) میں	جلنے (کے)	اور	نہیں	تم میں سے (کوئی)	مگر	اس (جہنم) پر گزرنے والا	وہ ہے

زیادہ لائق ہیں○ اور تم میں سے ہر ایک دوزخ پر سے گزرنے والا ہے۔ یہ

1 ..... یہاں بے باک سے مراد یا تو کافر ہے یا مطلقاً اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والا، ان دونوں میں سے جو کفر و نافرمانی میں سب سے زیادہ سخت ہوگا اسے سب سے پہلے جہنم میں ڈالا جائے گا۔ 2 ..... صراط ایک پُل ہے جسے جہنم کی پشت پر نصب کیا جائے گا، یہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہوگا، جنت میں جانے کا یہی راستہ ہے، ہر ایک کو اس پر سے گزرنا ہوگا، اپنے اپنے اعمال کے مطابق لوگ مختلف رفتار سے یہ پل پار کریں گے، اس پل کے دونوں جانب بڑے بڑے آنکڑے لٹکے ہوئے ہوں گے، جس شخص کے بارے میں حکم ہوگا اُسے پکڑیں گے، بعض تو زخمی ہو کر نجات پاجائیں گے اور بعض کو جہنم میں گرادیں گے۔

www.dawateislami.net

عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

عَلٰى رَبِّكَ	حَتْمًا	مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾	ثُمَّ	نُنَجِّي	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا
تیرے رب پر	حتمی	فیصلہ کی ہوئی (بات)	پھر	ہم نجات دیں گے	ان لوگوں کو جو	ڈرے

تمہارے رب کے ذمہ پر حتمی فیصلہ کی ہوئی بات ہے ○ پھر ہم ڈرنے والوں کو بچالیں گے

وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَاِذَا

وَّ	نَذَرُ	الظّٰلِمِيْنَ (1)	فِيْهَا	جِثِيًّا ﴿٧٢﴾	وَ	اِذَا
اور	چھوڑ دیں گے	ظالموں (کو)	اس میں	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	اور	جب

اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل گرے ہوئے چھوڑ دیں گے ○ اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
تلاوت کی جاتی ہے	ان پر	ہماری روشن آیتوں (کی)	(تو) کہتے ہیں	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا

ان کے سامنے ہماری روشن آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو کافر ایمان والوں سے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّ

لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ	خَيْرٌ (2)	مَّقَامًا	وَّ
ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	دو گروہوں میں کون	زیادہ بہتر (ہے)	مکان (میں)	اور

کہتے ہیں: دونوں گروہوں میں کس کا مکان بہتر اور

اَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ

اَحْسَنُ	نَدِيًّا ﴿٧٣﴾	وَ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنْ قَرْنٍ	هُمْ
زیادہ اچھا	مجلس (میں)	اور	کتنی	ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے پہلے	قومیں	وہ

مجلس اچھی ہے؟ ○ اور ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں جو

(1) ..... پرہیزگاروں کو تو جہنم میں گرنے سے بچالیا جائے گا البتہ کفار کے ساتھ ساتھ بعض گنہگار مسلمان بھی پلِ صراط سے جہنم میں گر جائیں گے، انہیں تو گناہوں کی سزا کچھ نہ کچھ جھیلنے کے بعد جہنم سے نکال لیا جائے گا جبکہ کافر ہمیشہ جہنم میں ہی رہیں گے۔ نوٹ: پلِ صراط سے متعلق اہم معلومات حاصل کرنے کے لئے تفسیر صراط الجنان، ج6، ص 143 تا 150 کا مطالعہ فرمائیں۔ (2) ..... دنیا کے مال و دولت اور منصب پر فخر و تکبر کفار کا طریقہ ہے، یہ بہت مذموم عمل ہے، حدیثِ پاک میں ہے کہ ”رئیس اور سردار تکبر کی وجہ سے بغیر حساب کے جہنم میں جائیں گے۔ (کنز العمال، ۸/۳۷، الجزء السادس عشر، الحدیث: ۴۴۰۲۳)

آیاتِ قرآنی سن کر کفار کا ایک اعتراض

کفار کو جواب

www.dawateislami.net

اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّ رِءْيًا ﴿۷۴﴾ قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ

اَحْسَنُ	اَثَاثًا	وَّ	رِءْيًا ﴿۷۴﴾	قُلْ	مَنْ	كَانَ	فِي الضَّلٰلَةِ
زیادہ اچھے (تھے)	ساز وسامان (میں)	اور	دکھائی دینے (میں)	تم کہو	جو	ہو	گمراہی میں

ساز وسامان میں اور دکھائی دینے میں ان سے زیادہ اچھے تھے ○ تم فرماؤ: جو گمراہی میں ہو

فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰۤى اِذَا رَاَوْا مَا

فَلْيَمْدُدْ	لَهُ	الرَّحْمٰنُ	مَدًّا	حَتّٰى	اِذَا	رَاَوْا	مَا
تو ڈھیل دیدے	اس کو	رحمٰن	خوب ڈھیل	یہاں تک کہ	جب	وہ دیکھیں	(وہ چیز) جس کا

تو اسے رحمٰن خوب ڈھیل دیدے یہاں تک کہ جب وہ اس چیز کو دیکھیں

يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَ اِمَّا السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعْلَمُوْنَ

يُوْعَدُوْنَ	اِمَّا	الْعَذَابَ	وَ	اِمَّا	السَّاعَةَ	فَسَيَعْلَمُوْنَ
ان سے وعدہ کیا جاتا ہے	یا	عذاب	اور	یا	قیامت	تو عنقریب جان لیں گے

جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے یا تو عذاب اور یا قیامت تو وہ جان لیں گے کہ

مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضْعَفُ جُنْدًا ﴿۷۵﴾ وَ

مَنْ	هُوَ	شَرٌّ	مَّكَانًا	وَّ	اَضْعَفُ	جُنْدًا ﴿۷۵﴾	وَ
کون	وہ	زیادہ برا (ہے)	درجہ، ٹھکانہ (میں)	اور	زیادہ کمزور (ہے)	فوج (کے اعتبار سے)	اور

کس کا درجہ برا اور کس کی فوج کمزور ہے؟ ○ اور

يَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَ الْبٰقِيٰتُ

يَزِيْدُ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اهْتَدَوْا	هُدًى	وَ	الْبٰقِيٰتُ (2)
بڑھا دیتا ہے	اللہ	ان لوگوں کو جنہوں نے	ہدایت پائی	ہدایت (میں)	اور	باقی رہنے والی

ہدایت پانے والوں کی ہدایت کو اللہ اور زیادہ بڑھا دیتا ہے اور باقی رہنے والی

1 ..... مال کی کثرت پر نازاں نہیں ہونا چاہئے، ایک تو اس لئے کہ مال ہمیشہ پاس نہیں رہے گا، دوسرا اس لئے کہ یہ تکبر اور ناراضیِ رب کا سبب ہے۔

2 ..... ان سے نیک اعمال مراد ہیں جن کے ثمرے انسان کے لئے باقی رہتے ہیں، جیسا کہ پنج گانہ نمازیں اور تسبیح و تحمید اور جملہ عبادات۔ حدیث شریف میں ہے، سرکارِ دوعالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے باقیات صالحات کی کثرت کا حکم فرمایا۔ صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے عرض کیا، وہ کیا ہیں؟ فرمایا: اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھنا۔ (مسند امام احمد، ۴/۱۵۰، الحدیث: ۱۱۷۱۳)

اہلِ ایمان کی ہدایت میں اضافہ کی بشارت

www.dawateislami.net

الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّ خَيْرٌ

الصّٰلِحٰتُ	خَيْرٌ	عِنْدَ رَبِّكَ	ثَوَابًا	وَّ	خَيْرٌ
نیک باتیں	زیادہ بہتر (ہیں)	تیرے رب کے ہاں	ثواب (کے اعتبار سے)	اور	زیادہ بہتر (ہیں)

نیک باتیں تیرے رب کے ہاں ثواب کے اعتبار سے بہتر اور انجام کے اعتبار سے

مَّرَدًّا ﴿۷۶﴾ اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَ

مَّرَدًّا ﴿۷۶﴾	اَفَرَءَيْتَ	الَّذِيْ	كَفَرَ	بِاٰيٰتِنَا	وَ
انجام (کے لحاظ سے)	تو کیا تم نے دیکھا	(اس کو) جس نے	کفر کیا	ہماری آیتوں کے ساتھ	اور

زیادہ اچھی ہیں ○ تو کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا اور

قَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّ وَلَدًا ﴿۷۷﴾ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ

قَالَ	لَاُوْتَيَنَّ [1]	مَالًا	وَّ	وَلَدًا ﴿۷۷﴾	اَطَّلَعَ	الْغَيْبَ
کہتا ہے	ضرور مجھے دیا جائے گا	مال	اور	اولاد	(کیا) اسے اطلاع مل گئی	غیب (کی)

کہتا ہے، مجھے ضرور مال اور اولاد دیئے جائیں گے ○ کیا اسے غیب کی اطلاع مل گئی ہے

اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۷۸﴾ كَلَّا ؕ سَنَكْتُبُ مَا

اَمِ	اتَّخَذَ	عِنْدَ الرَّحْمٰنِ	عَهْدًا ﴿۷۸﴾	كَلَّا	سَنَكْتُبُ	مَا
یا	اس نے رکھا ہے	رحمٰن کے پاس	کوئی عہد	ہرگز نہیں	عنقریب ہم لکھ رکھیں گے	جو

یا اس نے رحمٰن کے پاس کوئی عہد کر رکھا ہے؟ ○ ہرگز نہیں! اب ہم لکھ رکھیں گے جو

يَقُوْلُ وَ نَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿۷۹﴾ وَّ

يَقُوْلُ	وَ	نَمُدُّ	لَهٗ	مِنَ الْعَذَابِ	مَدًّا ﴿۷۹﴾	وَّ
وہ کہتا ہے	اور	دراز کریں گے	اس کے لئے	عذاب	خوب دراز	اور

وہ کہتا ہے اور اسے خوب لمبا عذاب دیں گے ○ اور

[1] ..... امام غزالی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں: جو شخص اللہ تعالیٰ کے ناپسندیدہ کاموں میں منہمک رہے، نہ اس پر نفس کی مذمت کرے اور نہ توبہ رجوع کا ارادہ رکھے تو ایسے شخص کا مغفرت کی امید رکھنا بیوقوفی ہے اور اس طرح کی امید اس شخص کی امید جیسی ہے جو نمکین زمین میں بیج بوئے اور پانی دے کر اور صفائی کر کے اس کی دیکھ بھال کرنے کا ارادہ نہ کرے۔ (احیاء علوم الدین، ۴/۱۷۶) البتہ ایمان کے سبب بخشے جانے کی امید بہر حال قابلِ قبول ہے۔ اس میں ان لوگوں کے لئے بڑی نصیحت ہے جو اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی کرنے کے بعد یہ کہہ کر دل کو منا لیتے ہیں کہ اللہ معاف کرے گا۔ اللہ تعالیٰ انہیں عقلِ سلیم عطا فرمائے، آمین۔

ایک کافر کا دعویٰ، اس کا رد اور تنبیہ

www.dawateislami.net

نَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَ يَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿۸۰﴾ وَ

نَرِثُهٗ	مَا	يَقُوْلُ	وَ	يَاْتِيْنَا	فَرْدًا ﴿۸۰﴾ (1)	وَ
ہم وارث ہوں گے اس (چیز) کے	جو	وہ کہہ رہا ہے	اور	وہ آئے گا ہمارے پاس	اکیلا	اور

وہ جو چیزیں کہہ رہا ہے اس کے ہم وارث ہوں گے اور وہ ہمارے پاس تنہا آئے گا ○ اور

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿۸۱﴾ كَلَّا ؕ

اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اٰلِهَةً	لِّيَكُوْنُوْا	لَهُمْ	عِزًّا ﴿۸۱﴾	كَلَّا
انہوں نے بنا لئے	اللہ کے سوا	معبود	تاکہ وہ ہوں	ان کے لئے	سفارشی	ہرگز نہیں

انہوں نے اللہ کے سوا کئی اور معبود بنا لئے تاکہ وہ ان کیلئے سفارشی بن جائیں ○ ہرگز نہیں!

سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَ يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿۸۲﴾ ع

سَيَكْفُرُوْنَ	بِعِبَادَتِهِمْ	وَ	يَكُوْنُوْنَ	عَلَيْهِمْ	ضِدًّا ﴿۸۲﴾
عنقریب وہ انکار کر دیں گے	ان کی عبادت کا	اور	ہو جائیں گے	ان پر (ان کے)	مخالف

عنقریب وہ (جھوٹے معبود) ان کی عبادت کا انکار کر دیں گے اور وہ ان کے مخالف ہو جائیں گے ○

اَلَمْ تَرَ اَنَّاۤ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ

اَلَمْ تَرَ	اَنَّاۤ	اَرْسَلْنَا	الشَّيٰطِيْنَ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ	تَؤُزُّهُمْ
کیا تو نے نہ دیکھا	کہ	ہم نے بھیجا	شیطانوں (کو)	کافروں پر	وہ ابھارتے ہیں انہیں

کیا تم نے نہ دیکھا کہ ہم نے کافروں پر شیطان بھیجے کہ وہ انہیں

اَزًّا ﴿۸۳﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿۸۴﴾ ج

اَزًّا ﴿۸۳﴾	فَلَا تَعْجَلْ	عَلَيْهِمْ	اِنَّمَا نَعُدُّ (2)	لَهُمْ	عَدًّا ﴿۸۴﴾
خوب ابھارنا	تو تم جلدی نہ کرو	ان پر	ہم صرف گن رہے ہیں	ان کے لئے	گنتی

خوب ابھارتے ہیں ○ تو تم ان پر جلدی نہ کرو، ہم تو ان کیلئے گنتی کر رہے ہیں ○

1 ..... اس سے مراد یہ ہے کہ جب وہ ہماری بارگاہ میں حاضر ہوگا تو اس کے ساتھ نہ مال ہوگا اور نہ اولاد بلکہ بالکل تنہا ہوگا۔ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن لوگ ننگے پاؤں ننگے بدن اور بے ختنہ اٹھائے جائیں گے۔ حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے عرض کی: یا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا مرد اور عورتیں سب ایک دوسرے کو دیکھیں گے؟ ارشاد فرمایا: وہ حال اس سے سخت تر ہوگا کہ بعض بعض کی طرف نظر کریں۔ (بخاری، ۴/۲۵۳، الحدیث: ۶۵۲۷، مسلم، ص ۱۵۲۹، الحدیث: ۵۲ (۲۸۵۹)) 2 ..... اس سے جزا کے لئے اعمال کی گنتی کرنا مراد ہے یا فنا کے لئے سانسوں کی گنتی کرنا، یا دنوں، مہینوں اور برسوں کی وہ مدت

www.dawateislami.net

بروزِ قیامت پرہیز گاروں کا اکرام اور کفار کا حشر

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾ وَّ

يَوْمَ (1)	نَحْشُرُ	الْمُتَّقِيْنَ	اِلَى الرَّحْمٰنِ	وَفْدًا ﴿۸۵﴾	وَّ
(جس) دن	ہم لے جائیں گے	پرہیز گاروں (کو)	رحمٰن کی طرف	مہمان (بنا کر)	اور

یاد کرو جس دن ہم پرہیز گاروں کو رحمٰن کی طرف مہمان بنا کر لے جائیں گے ○ اور

شفاعت کرنے کے حق دار لوگ

نَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿۸۶﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا

نَسُوْقُ	الْمُجْرِمِيْنَ	اِلٰى جَهَنَّمَ	وِرْدًا ﴿۸۶﴾	لَا يَمْلِكُوْنَ	الشَّفَاعَةَ	اِلَّا
ہانکیں گے	مجرموں (کو)	جہنم کی طرف	پیاسا	لوگ مالک نہیں	شفاعت (کے)	مگر

مجرموں کو جہنم کی طرف پیاسے ہانکیں گے ○ لوگ شفاعت کے مالک نہیں مگر

وقف لازم

اللہ تعالیٰ کی طرف اولاد کی نسبت کرنے والوں کا رد

مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۸۷﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ

مَنِ	اتَّخَذَ	عِنْدَ الرَّحْمٰنِ	عَهْدًا ﴿۸۷﴾	وَ	قَالُوا	اتَّخَذَ
(وہی) جس نے	لے رکھا ہے	رحمٰن کے پاس	کوئی عہد	اور	انہوں نے کہا	اختیار کی

وہی جس نے رحمٰن کے پاس عہد لے رکھا ہے ○ اور کافروں نے کہا: رحمٰن نے

وقف لازم

الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ﴿۸۹﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ

الرَّحْمٰنُ	وَلَدًا ﴿۸۸﴾ (2)	لَقَدْ	جِئْتُمْ	شَيْـًٔا اِدًّا ﴿۸۹﴾	تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ
رحمٰن (نے)	اولاد	ضرور بیشک	تم لائے	انتہائی ناپسندیدہ چیز	قریب ہے کہ پھٹ جائیں آسمان

اولاد اختیار کی ہے ○ بیشک تم انتہائی ناپسندیدہ بات لائے ہو ○ قریب ہے کہ اس سے آسمان

مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿۹۰﴾ اَنْ

مِنْهُ	وَ	تَنْشَقُّ	الْاَرْضُ	وَ	تَخِرُّ	الْجِبَالُ	هَدًّا ﴿۹۰﴾
اس سے	اور	پھٹ جائے	زمین	اور	گر پڑیں	پہاڑ	ٹوٹ کر، کانپتے ہوئے

پھٹ پڑیں اور زمین بھی پھٹ جائے اور پہاڑ ٹوٹ کر گر پڑیں ○

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) گنتی کرنا مراد ہے جو ان کے عذاب کے واسطے مقرر ہے۔ 1 ..... اس آیت میں پرہیز گاروں کے اعزاز و اکرام کا ذکر ہوا اور حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! پرہیز گاروں کو ان کے قدموں پر نہیں لایا جائے گا اور نہ ہی انہیں ہانک کر لایا جائے گا بلکہ انہیں جنت کی اونٹنیوں پر لایا جائے گا جن کی مثل مخلوق نے دیکھی ہی نہ ہو گی، ان کے کجاوے سونے کے ہوں گے اور ان کی مہاریں زبرجد کی ہوں گی۔ پرہیز گار ان پر بیٹھے رہیں گے یہاں تک کہ وہ جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے۔ (البعث لابن ابی داؤد، ص۵۲، الحدیث: ۵۶) 2 ..... عقیدۂ تنزیہ کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات ہمیشہ ہمیشہ سے تمام کو تاہیوں، ہر قسم کے عیبوں

www.dawateislami.net

اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿۹۱﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ

اَنْ	دَعَوْا	لِلرَّحْمٰنِ	وَلَدًا ﴿۹۱﴾	وَ	مَا يَنْۢبَغِيْ	لِلرَّحْمٰنِ
کہ	انہوں نے دعوی کیا	رحمٰن کے لیے	اولاد (کا)	اور (حالانکہ)	لائق نہیں ہے	رحمٰن کے

کہ انہوں نے رحمٰن کے لیے اولاد کا دعویٰ کیا ○ حالانکہ رحمٰن کے لائق نہیں

اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿۹۲﴾ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّاۤ

اَنْ	يَّتَّخِذَ	وَلَدًا ﴿۹۲﴾	اِنْ	كُلُّ مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	اِلَّاۤ
کہ	وہ اختیار کرے	اولاد	نہیں	(وہ) سب جو	آسمانوں اور زمین میں (ہیں)	مگر

کہ اولاد اختیار کرے ○ آسمانوں اور زمین میں جتنے ہیں سب

قیامت کے دن حاضری کی نوعیت

اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿۹۳﴾ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ

اٰتِي	الرَّحْمٰنِ	عَبْدًا ﴿۹۳﴾	لَقَدْ	اَحْصٰىهُمْ (1)
وہ حاضر ہوں گے	رحمٰن (کے حضور)	بندے (ہو کر)	ضرور بیشک	اس نے گھیر رکھا ہے انہیں

رحمٰن کے حضور بندے ہو کر حاضر ہوں گے ○ بیشک اس نے انہیں گھیر رکھا ہے

وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿۹۴﴾ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ

وَ	عَدَّهُمْ	عَدًّا ﴿۹۴﴾	وَ	كُلُّهُمْ	اٰتِيْهِ
اور	گن رکھا ہے انہیں	خوب گنا	اور	ان میں ہر ایک	آئے گا اس کے حضور

اور ان کو ایک ایک کر کے خوب گن رکھا ہے ○ اور ان میں ہر ایک روزِ قیامت

مقبول مومنین کی علامت

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فَرْدًا ﴿۹۵﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا
قیامت کے دن	اکیلا	بیشک	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کئے

اس کے حضور تنہا آئے گا ○ بیشک وہ جو ایمان لائے اور نیک اعمال

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اور برائیوں حتی کہ اس چیز سے بھی پاک ہیں جس میں نہ کوئی نقص و عیب ہے نہ کمال، یونہی وہ مثل، نظیر، شبیہ، کیفیت، مقدار، شکل، جسم، جہت، مکان، زمان، شریک اور اولاد سے بھی پاک ہے۔ (ماخوذ از فتاوی رضویہ، ۲۹/۳۴۱)

1 ..... یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ کے علم و قدرت نے سب کو گھیر رکھا ہے اور ہر ذی روح کے سانسوں کی، دنوں کی، تمام احوال کی اور جملہ معاملات کی تعداد اللہ عَزَّوَجَلَّ کے شمار میں ہے، اس پر کچھ مخفی نہیں سب اس کی تدبیر و قدرت کے تحت ہیں۔

www.dawateislami.net

الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾

الصّٰلِحٰتِ	سَيَجْعَلُ	لَهُمُ	الرَّحْمٰنُ	وُدًّا ﴿٩٦﴾ (1)
نیک	عنقریب کر دے گا	ان کے لیے	رحمٰن	محبت

کئے عنقریب رحمٰن ان کے لیے محبت پیدا کر دے گا ○

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ	بِلِسَانِكَ	لِتُبَشِّرَ	بِهِ
تو ہم نے آسان کر دیا اس (قرآن) کو صرف	تمہاری زبان میں	تاکہ تم خوشخبری دو	اس کے ذریعے

تو ہم نے یہ قرآن تمہاری زبان میں ہی آسان فرما دیا تاکہ تم اس کے ذریعے

الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمْ

الْمُتَّقِيْنَ	وَ	تُنْذِرَ	بِهٖ	قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾	وَ	كَمْ
پرہیز گاروں (کو)	اور	ڈراؤ	اس کے ذریعے	جھگڑالو لوگوں (کو)	اور	کتنی

متقیوں کو خوشخبری دو اور جھگڑالو لوگوں کو اس کے ذریعے ڈر سناؤ ○ اور ہم نے

اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ

اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنْ قَرْنٍ	هَلْ	تُحِسُّ	مِنْهُمْ
ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے پہلے	قومیں	کیا	تم (موجود) پاتے ہو	ان میں سے

ان سے پہلے کتنی قومیں ہلاک کر دیں۔ کیا اب تم ان میں کسی کو

مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾ ع

مِّنْ اَحَدٍ	اَوْ	تَسْمَعُ	لَهُمْ	رِكْزًا ﴿٩٨﴾
کسی ایک (کو)	یا	تم سنتے ہو	ان کی	ہلکی سی آواز

پاتے ہو یا ان کی معمولی سی آواز بھی سنتے ہو؟ ○

(1) ..... حضور پر نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو ندا کی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت رکھتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو۔ حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام آسمانی مخلوق میں ندا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت فرماتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو، چنانچہ آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں، پھر زمین والوں میں اس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے۔ (بخاری، ۲/۳۸۲، الحدیث: ۳۲۰۹)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کی زبان پر قرآن آسان کرنے کی حکمت

پچھلی قوموں کے انجام کی طرف اشارہ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو تسلی

ع ١٦ ٩ النصف

www.dawateislami.net

آیات:135 رکوع:08

سُوْرَۃُ طٰہٰ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
نام سے (شروع)	اللہ	نہایت مہربان	رحمت والا

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

طٰهٰ ﴿۱﴾ مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰۤى ﴿۲﴾ اِلَّا

طٰهٰ ①	مَاۤ اَنْزَلْنَا	عَلَیْكَ	الْقُرْاٰنَ	لِتَشْقٰۤى ②	اِلَّا
حروف مقطعات	ہم نے نازل نہیں کیا	تم پر	قرآن	تاکہ تم مشقت میں پڑ جاؤ	مگر

طٰہٰ ○ اے حبیب! ہم نے تم پر یہ قرآن اس لیے نہیں نازل فرمایا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ ○ مگر

تَذْكِرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰى ﴿۳﴾ تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ

تَذْكِرَةً	لِّمَنْ	یَّخْشٰى ③	تَنْزِیْلًا	مِّمَّنْ	خَلَقَ
(یہ) نصیحت (ہے)	(اس) کے لئے جو	ڈرتا ہے	نازل کیا ہوا	(اس) کی طرف سے جس نے	بنائی

یہ اس کے لئے نصیحت ہے جو ڈرتا ہے ○ اس کی طرف سے نازل کیا ہوا ہے جس نے

الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿۴﴾ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿۵﴾

الْاَرْضَ	وَ	السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ④	اَلرَّحْمٰنُ	عَلَى الْعَرْشِ	اسْتَوٰى ⑤ (1)
زمین	اور	اونچے آسمان	(وہ) بڑا مہربان (ہے)	عرش پر	اس نے اِستواء فرمایا

زمین اور اونچے آسمان بنائے ○ وہ بڑا مہربان ہے، اس نے عرش پر اِستواء فرمایا جیسا اس کی شان کے لائق ہے ○

1 ..... استواء کا لغوی معنیٰ تو ہے کہ کسی چیز کا کسی چیز سے بلند ہونا، کسی چیز کا کسی چیز پر بیٹھنا۔ یہاں آیت میں یہ "قہر وغلبہ" کے معنی میں ہے، یہ معنی زبانِ عرب سے ثابت وظاہر ہے، عرش سب مخلوقات سے اوپر اور اونچا ہے اس لئے اس کے ذکر پر اکتفاء فرمایا اور مطلب یہ ہوا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ تمام مخلوقات پر قاہر وغالب ہے۔ یا یہ "قصد وارادہ" کے معنی میں ہے، یعنی پھر عرش کی طرف متوجہ ہوا یعنی اس کی آفرینش کا ارادہ فرمایا یعنی اس کی تخلیق شروع کی۔ مزید تفصیل جاننے کے لئے تفسیر صراط الجنان، ج03، ص339 کا مطالعہ فرمائیں۔

خصوصی صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کو تسلی اور نزولِ قرآن کا ایک مقصد

قرآن خالق کائنات کا کلام ہے

صفتِ الٰہی اور عرش پر استواء

www.dawateislami.net

ساری کائنات کا مالک اللہ ہے

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا

لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي الْاَرْضِ	وَ	مَا
اسی کا (ہے)	جو کچھ	آسمانوں میں	اور	جو کچھ	زمین میں	اور	جو کچھ

اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں اور جو کچھ

علمِ الٰہی کی وسعت

بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝٦ وَاِنْ تَجْهَرْ

بَيْنَهُمَا	وَ	مَا	تَحْتَ الثَّرٰى ۝٦	وَ	اِنْ	تَجْهَرْ
ان دونوں کے درمیان	اور	جو کچھ	گیلی مٹی کے نیچے (ہے)	اور	اگر	تم بلند آواز سے کہو

ان کے درمیان ہے اور جو کچھ اس گیلی مٹی (زمین) کے نیچے ہے ○ اور اگر تم بلند آواز سے

اللہ کی وحدانیت اور اسمائے حُسنیٰ کا بیان

بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى ۝٧ اَللّٰهُ

بِالْقَوْلِ	فَاِنَّهٗ	يَعْلَمُ	السِّرَّ	وَ	اَخْفَى ۝٧	اَللّٰهُ
بات کو	تو بیشک وہ	جانتا ہے	آہستہ (آواز کو)	اور	(جو اس سے) زیادہ پوشیدہ (ہے)	اللہ

بولو تو بیشک وہ آہستہ آواز کو جانتا ہے اور اسے (بھی) جو اس سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے ○ وہ اللہ ہے،

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے واقعہ کی طرف اشارہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝٨ وَهَلْ

لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	لَهُ	الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝٨ (1)	وَ	هَلْ
نہیں	کوئی معبود	مگر	وہی	اسی کے (ہیں)	سب سے اچھے نام	اور	کیا

اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ سب اچھے نام اسی کے ہیں ○ اور کیا

اگ دیکھ کر حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اپنی زوجہ کو کسی

اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝٩ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ

اَتٰىكَ	حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝٩	اِذْ	رَاٰ	نَارًا	فَقَالَ
آئی تمہارے پاس	موسیٰ کی بات، خبر	جب	اس نے دیکھی	ایک آگ	تو کہا

تمہارے پاس موسیٰ کی خبر آئی ○ جب اس نے ایک آگ دیکھی تو اپنی اہلیہ سے

وقف لازم

1 ..... اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ سے مراد وہ اچھے نام ہیں جو ذاتِ الٰہی پر دلالت کرتے ہیں۔ البتہ اللہ تعالیٰ پر اسی نام کا اطلاق جائز ہے جس کا ذکر قرآن و حدیث میں مذکور ہو یا اس کے اطلاق پر امت کا اجماع ہو جیسے اسم "خدا"۔ احادیث میں اسماءُ الحسنیٰ کی بہت فضیلت بیان کی گئی ہے، چنانچہ ایک حدیثِ پاک میں ہے کہ "بیشک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں یعنی ایک کم سو، جس نے انہیں یاد کر لیا وہ جنت میں داخل ہوا۔ (بخاری، ۲/۲۲۹، الحدیث: ۲۷۳۶)

www.dawateislami.net

لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ

لِاَهْلِهِ	امْكُثُوْٓا	اِنِّيْٓ	اٰنَسْتُ	نَارًا	لَّعَلِّيْٓ
اپنی اہلیہ سے	تم ٹھہرو	بیشک میں (نے)	دیکھی ہے	آگ	شاید میں

فرمایا: ٹھہرو، بیشک میں نے ایک آگ دیکھی ہے شاید میں

اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ

اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ	اَوْ	اَجِدُ	عَلَى النَّارِ
لے آؤں تمہارے پاس اس میں سے کوئی چنگاری	یا	میں پاؤں	آگ پر (کے پاس)

تمہارے پاس اس میں سے کوئی چنگاری لے آؤں یا آگ کے پاس

هُدًى ﴿١٠﴾ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰٓى ﴿١١﴾ اِنِّيْٓ

هُدًى ﴿١٠﴾	فَلَمَّآ	اَتٰىهَا	نُوْدِيَ	يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾	اِنِّيْٓ
کوئی راستہ بتانے والا	پھر جب	وہ آیا اس (آگ) کے پاس	(تو) ندا کی گئی	اے موسیٰ	بیشک میں

کوئی راستہ بتانے والا پاؤں ○ پھر وہ جب آگ کے پاس آئے تو ندا فرمائی گئی کہ اے موسیٰ ○ بیشک میں

اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾

اَنَا	رَبُّكَ	فَاخْلَعْ (1)	نَعْلَيْكَ	اِنَّكَ	بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾	
میں	تمہارا رب (ہوں)	تو تو اتار دے	اپنے جوتے	بیشک تو	پاک وادی طویٰ میں (ہے)	

تیرا رب ہوں تو تو اپنے جوتے اتار دے بیشک تو پاک وادی طویٰ میں ہے ○

وَ اَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾ اِنَّنِيْٓ اَنَا

وَ	اَنَا	اخْتَرْتُكَ	فَاسْتَمِعْ	لِمَا	يُوْحٰى ﴿١٣﴾	اِنَّنِيْٓ	اَنَا
اور	میں (نے)	چن لیا تجھے	تو غور سے سن	(اس) کو جو	وحی کی جاتی ہے	بیشک میں	میں (ہی)

اور میں نے تجھے پسند کیا تو اب اسے غور سے سن جو وحی کی جاتی ہے ○ بیشک میں ہی

آگ کے پاس بھی ندا اور ایک ادب کی تعلیم

رسالت کے لئے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا انتخاب عقیدۂ توحید کی تعلیم اور عبادت و نماز کا حکم

1 ..... پاک اور مقدس جگہ پر جوتے اتار کر حاضر ہونا چاہئے کہ یہ ادب کے زیادہ قریب ہے نیز مقدس جگہ کا ادب و احترام کرنا انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی سنت ہے، اسی وجہ سے انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور اولیاء عظام رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِم کے مزارات اور اس سرزمین کا ادب کیا جاتا ہے جہاں وہ آرام فرماہیں۔

www.dawateislami.net

اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ ۙ وَ اَقِمِ

اللّٰهُ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّاۤ	اَنَا	فَاعْبُدْنِیْ	وَ	اَقِمِ
اللہ(ہوں)	نہیں	کوئی معبود	سوائے	میرے	تو تم عبادت کرو میری	اور	قائم رکھو

اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری عبادت کر اور میری یاد کے لیے

الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ ﴿۱۴﴾ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِیَةٌ اَكَادُ اُخْفِیْهَا

قیامت آنے کی خبر اور یہ خبر دینے کی حکمت

الصَّلٰوةَ	لِذِكْرِیْ ﴿۱۴﴾	اِنَّ	السَّاعَةَ	اٰتِیَةٌ	اَكَادُ اُخْفِیْهَا (1)
نماز	میری یاد کے لیے	بیشک	قیامت	آنے والی (ہے)	قریب ہے کہ میں چھپاؤں اسے

نماز قائم رکھ ○ بیشک قیامت آنے والی ہے۔ قریب ہے کہ میں اسے چھپا رکھوں

لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ﴿۱۵﴾ فَلَا یَصُدَّنَّكَ

قیامت سے متعلق امتِ موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو تنبیہ

لِتُجْزٰى	كُلُّ نَفْسٍۭ	بِمَا	تَسْعٰى ﴿۱۵﴾	فَلَا یَصُدَّنَّكَ
تاکہ بدلہ دیا جائے	ہر جان (کو)	(اس) کا جو	اس نے کوشش کی	تو ہرگز باز نہ رکھے تجھے

تاکہ ہر جان کو اس کی کوشش کا بدلہ دیا جائے ○ تو قیامت پر

عَنْهَا مَنْ لَّا یُؤْمِنُ بِهَا وَ اتَّبَعَ

عَنْهَا	مَنْ	لَّا یُؤْمِنُ	بِهَا	وَ	اتَّبَعَ
اس (کو ماننے) سے	وہ جو	ایمان نہیں لاتا	اس (قیامت) پر	اور	اس نے پیروی کی

ایمان نہ لانے والا اور اپنی خواہش کی پیروی کرنے والا

وَ مَا تِلْكَ بِیَمِیْنِكَ ﴿۱۷﴾ هِیَ عَصَایَ

حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے عصا کے متعلق سوال اور ان کا جواب

هِیَ	عَصَایَ	وَ	مَا تِلْكَ (2)	بِیَمِیْنِكَ
اپنی خواہش (کی)	(اگر ایسا ہوا) تو تُو ہلاک ہو جائے گا	اور	یہ کیا ہے	تیرے دائیں ہاتھ میں

ہرگز تجھے اس کے ماننے سے باز نہ رکھے ورنہ تو ہلاک ہو جائے گا ○ اور اے موسیٰ! یہ تمہارے دائیں ہاتھ میں

1 ..... قیامت آنے کا وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں سے چھپایا ہے، اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کسی بھی بندے کو اس کی اطلاع نہیں دی بلکہ دلائل سے یہ بات ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو قیامت آنے کا وقت بھی بتا دیا ہے اور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا قیامت کی نشانیاں بیان فرمانا اور اس کا متعین وقت امت کو نہ بتانا بھی حکمت کے پیشِ نظر ہے۔ 2 ..... اس سوال کی حکمت یہ ہے کہ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اپنے عصا کو دیکھ لیں اور یہ بات قلب میں خوب راسخ ہو جائے کہ یہ عصا ہے تاکہ جس وقت وہ سانپ کی شکل میں ہو تو آپ کی خاطر مبارک پر (تفسیر صراط الجنان، ج۶، ص۲۰۳)

www.dawateislami.net

يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا

يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾	قَالَ	هِيَ	عَصَايَ	اَتَوَكَّؤُا	عَلَيْهَا
اے موسیٰ	عرض کی	وہ	میرا عصا (ہے)	میں ٹیک لگاتا ہوں	اس پر

کیا ہے؟ ○ عرض کی: یہ میرا عصا ہے میں اس پر تکیہ لگاتا ہوں

وَ اَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَ لِيَ فِيْهَا

وَ	اَهُشُّ	بِهَا	عَلٰى غَنَمِيْ	وَ	لِيَ	فِيْهَا
اور	(پتے) جھاڑتا ہوں	اس سے	اپنی بکریوں پر	اور	میرے لئے	اس میں

اور اس سے اپنی بکریوں پر پتے جھاڑتا ہوں اور میری اس میں

عصا میں پرانے کا حسن اور عصا کا سانپ بن جانا

مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿١٨﴾ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿١٩﴾ فَاَلْقٰىهَا

مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿١٨﴾	قَالَ	اَلْقِهَا	يٰمُوْسٰى ﴿١٩﴾	فَاَلْقٰىهَا
دوسری (بھی) کئی ضرورتیں (ہیں)	فرمایا	ڈال دو اسے	اے موسیٰ	تو موسیٰ نے (نیچے) ڈال دیا اسے

اور بھی کئی ضرورتیں ہیں ○ فرمایا: اے موسیٰ اسے ڈال دو ○ تو موسیٰ نے اسے (نیچے) ڈال دیا

فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذْهَا وَ لَا تَخَفْ ۫ وقفة

فَاِذَا	هِيَ	حَيَّةٌ (1)	تَسْعٰى ﴿٢٠﴾	قَالَ	خُذْهَا	وَ	لَا تَخَفْ
تو اچانک	وہ	سانپ (بن گیا)	جو دوڑ رہا تھا	فرمایا	پکڑ لو اسے	اور	نہ ڈرو

تو اچانک وہ سانپ بن گیا جو دوڑ رہا تھا ○ (اللہ نے) فرمایا: اسے پکڑ لو اور ڈرو نہیں،

سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿٢١﴾ وَ اضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ

سَنُعِيْدُهَا	سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿٢١﴾	وَ	اضْمُمْ	يَدَكَ	اِلٰى جَنَاحِكَ
عنقریب ہم لوٹا دیں گے اسے	اس کی پہلی حالت (پر)	اور	ملاؤ	اپنا ہاتھ	اپنے بازو کی طرف

ہم اسے دوبارہ اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے ○ اور اپنے ہاتھ کو اپنے بازو سے ملاؤ،

روشن ہاتھ کا معجزہ اور اس کی ایک حکمت

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کوئی پریشانی نہ ہو۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ سوال ہمیشہ پوچھنے والے کی لاعلمی کی بنا پر نہیں ہوتا بلکہ اس میں کچھ اور بھی حکمتیں ہوتی ہیں۔ لہٰذا کسی موقع پر حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا کسی سے کچھ پوچھنا حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بے خبر ہونے کی دلیل نہیں۔

1 ..... ہم کلامی کے وقت عصا کو سانپ اس لئے بنایا گیا تاکہ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اس کا پہلے سے مشاہدہ کر لیں اور جب فرعون کے سامنے یہ عصا سانپ بنے تو آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اسے دیکھ کر خوفزدہ نہ ہوں۔

www.dawateislami.net

تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ

تَخْرُجْ	بَيْضَآءَ	مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ	اٰيَةً اُخْرٰى ﴿٢٢﴾	لِنُرِيَكَ
وہ نکلے گا	خوب سفید (ہو کر)	کسی مرض کے بغیر	دوسری نشانی	تاکہ ہم دکھائیں تجھے

بغیر کسی مرض کے خوب سفید ہو کر، ایک اور معجزہ بن کر نکلے گا ○ تاکہ ہم تجھے

شرح صدر اور کام میں آسانی کیلئے دعائے موسیٰ

مرکشی فرعون کی طرف جانے کا حکم

ع ١٠-٢٤

مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرَى ﴿٢٣﴾ ج اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ ع قَالَ

مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرَى ﴿٢٣﴾	اِذْهَبْ	اِلٰى فِرْعَوْنَ (1)	اِنَّهٗ	طَغٰى ﴿٢٤﴾	قَالَ
اپنی بڑی بڑی نشانیوں سے	تم جاؤ	فرعون کی طرف	بیشک وہ	سرکش ہو گیا (ہے)	عرض کی

اپنی بڑی بڑی نشانیاں دکھائیں ○ فرعون کے پاس جاؤ، بیشک وہ سرکش ہو گیا ہے ○ موسیٰ نے عرض کی:

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ لا وَيَسِّرْ لِيْٓ

رَبِّ	اشْرَحْ	لِيْ	صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾	وَ	يَسِّرْ	لِيْٓ
اے میرے رب	کھول دے	میرے لیے	میرا سینہ	اور	آسان کر دے	میرے لیے

اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے ○ اور میرے لیے میرا کام

زبان کی لکنت ختم ہونے کیلئے دعا

اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾ لا وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾ لا يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾ ص

اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾	وَ	احْلُلْ	عُقْدَةً	مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾	يَفْقَهُوْا	قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾
میرا کام	اور	کھول دے	گرہ	میری زبان کی	(تاکہ) وہ سمجھیں	میری بات

آسان فرما دے ○ اور میری زبان کی گرہ کھول دے ○ تاکہ وہ میری بات سمجھیں ○

حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنا وزیر بنانے کے لئے دعا

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿٢٩﴾ لا هٰرُوْنَ اَخِي ﴿٣٠﴾ لا

وَ	اجْعَلْ	لِّيْ	وَزِيْرًا	مِّنْ اَهْلِيْ (2) ﴿٢٩﴾	هٰرُوْنَ اَخِي ﴿٣٠﴾
اور	بنا دے	میرے لیے	ایک وزیر	میرے گھر والوں سے	میرے بھائی ہارون (کو)

اور میرے لیے میرے گھر والوں میں سے ایک وزیر کر دے ○ میرے بھائی ہارون کو ○

1 ..... حقیقت میں تو حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو فرعون اور اس کے تمام ماننے والوں کی طرف بھیجا گیا تھا البتہ فرعون کو خاص طور پر ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس نے خدا ہونے کا دعویٰ کیا تھا اور کفر میں حد سے گزر گیا تھا۔ 2 ..... اس سے معلوم ہوا کہ اپنے عزیز کو اپنا جانشین بنانا حرام نہیں۔ اصل مدار اہلیت پر ہے، اگر اولاد اہل ہے تو اسے جانشین بنانا درست ہے، اہل آدمی کا اولاد ہونا کوئی ایسا جرم نہیں کہ اسے جانشین نہ بنایا جا سکے، ہاں کسی خارجی وجہ سے یہ فعل نہ کیا جائے تو وہ جدا بات ہے۔ اس معاملے میں لوگوں کی آراء میں بہت افراط و تفریط پایا جاتا ہے، لہٰذا انہیں اعتدال کی راہ اختیار کرنی چاہئے۔

www.dawateislami.net

اشْدُدْ بِهٖۤ اَزْرِیْ ﴿۳۱﴾ وَ اَشْرِكْهُ فِیْۤ اَمْرِیْ ﴿۳۲﴾ كَیْ

اشْدُدْ	بِهٖۤ	اَزْرِیْ ﴿۳۱﴾ (1)	وَ	اَشْرِكْهُ	فِیْۤ اَمْرِیْ ﴿۳۲﴾	كَیْ
مضبوط کردے	اس کے ذریعے	میری کمر	اور	شریک کردے اسے	میرے کام میں	تاکہ

اس کے ذریعے میری کمر مضبوط فرما○ اور اسے میرے کام میں شریک کردے○ تاکہ

نُسَبِّحَكَ كَثِیْرًا ﴿۳۳﴾ وَّ نَذْكُرَكَ كَثِیْرًا ﴿۳۴﴾ اِنَّكَ كُنْتَ

نُسَبِّحَكَ	كَثِیْرًا ﴿۳۳﴾	وَّ	نَذْكُرَكَ	كَثِیْرًا ﴿۳۴﴾	اِنَّكَ	كُنْتَ
ہم پاکی بیان کریں تیری	کثرت سے	اور	ذکر کریں تیرا	کثرت سے	بیشک تو	ہے

ہم بکثرت تیری پاکی بیان کریں○ اور بکثرت تیرا ذکر کریں○ بیشک تو

بِنَا بَصِیْرًا ﴿۳۵﴾ قَالَ قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾

بِنَا	بَصِیْرًا ﴿۳۵﴾	قَالَ	قَدْ	اُوْتِیْتَ (2)	سُؤْلَكَ	یٰمُوْسٰى ﴿۳۶﴾
ہمیں	دیکھنے والا	فرمایا	بیشک	تجھے دے دیا گیا	تیرا سوال	اے موسیٰ

ہمیں دیکھ رہا ہے○ اللہ نے فرمایا: اے موسیٰ! تیرا سوال تجھے عطا کر دیا گیا○

وَ لَقَدْ مَنَنَّا عَلَیْكَ مَرَّةً اُخْرٰۤى ﴿۳۷﴾ اِذْ اَوْحَیْنَاۤ

وَ	لَقَدْ	مَنَنَّا	عَلَیْكَ	مَرَّةً اُخْرٰى ﴿۳۷﴾	اِذْ	اَوْحَیْنَاۤ (3)
اور	ضرور بیشک	ہم نے احسان کیا تھا	تجھ پر	ایک مرتبہ اور	جب	ہم نے الہام کیا

اور بیشک ہم نے تجھ پر ایک مرتبہ اور بھی احسان فرمایا تھا○ جب ہم نے

اِلٰۤى اُمِّكَ مَا یُوْحٰۤى ﴿۳۸﴾ اَنِ اقْذِفِیْهِ فِی التَّابُوْتِ

اِلٰۤى اُمِّكَ	مَا	یُوْحٰۤى ﴿۳۸﴾	اَنِ	اقْذِفِیْهِ	فِی التَّابُوْتِ
تمہاری ماں کی طرف	جو	الہام کیا جاتا تھا	کہ	تو رکھ دے اس (بچے) کو	صندوق میں

تمہاری ماں کے دل میں وہ بات ڈال دی جو اس کے دل میں ڈالی جانی تھی○ کہ اس بچے کو صندوق میں رکھ کر

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعاؤں کی قبولیت

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو احسانِ الٰہی کی یاد دہانی

بچپن میں حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حفاظت کا خدائی انتظام

1 ..... اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور سے قوت اور مدد حاصل کرنا نہ توکل کے خلاف ہے اور نہ توحید کے منافی ہے۔

2 ..... معلوم ہوا کہ بارگاہِ الٰہی میں حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا مقام انتہائی بلند ہے کہ ان کی دعا سے ان کے بھائی حضرت ہارون عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اللہ تعالیٰ نے نبوت جیسا عظیم منصب عطا فرمادیا۔ 3 ..... وحی صرف انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرف ہوتی ہے اور قرآنِ مجید میں جہاں بھی وحی کا لفظ غیر نبی کے لئے آیا ہے وہاں اس سے "الہام کرنا" مراد ہوتا ہے۔

www.dawateislami.net

فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ

فَاقْذِفِيْهِ	فِي الْيَمِّ	فَلْيُلْقِهِ	الْيَمُّ	بِالسَّاحِلِ
پھر ڈال دے اس (صندوق) کو	دریا میں	پھر ڈال دے گا اسے	دریا	کنارے پر

دریا میں ڈال دے پھر دریا اسے کنارے پر ڈال دے گا

يَّاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً

يَّاْخُذْهُ	عَدُوٌّ لِّيْ	وَ	عَدُوٌّ لَّهٗ	وَ	اَلْقَيْتُ	عَلَيْكَ	مَحَبَّةً (1)
(تاکہ) اٹھالے اسے	میرا دشمن	اور	اس کا دشمن	اور	میں نے ڈالی	تجھ پر	محبت

تاکہ اسے وہ اٹھالے جو میرا دشمن ہے اور اس کا (بھی) دشمن ہے اور میں نے تم پر اپنی طرف سے

مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾ اِذْ

مِّنِّيْ	وَ	لِتُصْنَعَ (2)	عَلٰى عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾	اِذْ
اپنی طرف سے	اور	تاکہ تجھے تیار کیا جائے (پرورش کی جائے)	میری نگاہ کے سامنے	جب

محبت ڈالی اور تاکہ میری نگاہ کے سامنے تمہاری پرورش کی جائے ○ جب

تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ

تَمْشِيْٓ	اُخْتُكَ	فَتَقُوْلُ	هَلْ	اَدُلُّكُمْ	عَلٰى	مَنْ
چلتی جارہی تھی	تیری بہن	پھر وہ کہنے لگی	کیا	میں رہنمائی کروں تمہاری	(اس) پر	جو

تیری بہن چلتی جارہی تھی پھر وہ کہنے لگی: کیا میں تمہیں ایسی عورت کی طرف رہنمائی کروں جو

يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا

يَّكْفُلُهٗ	فَرَجَعْنٰكَ	اِلٰٓى اُمِّكَ	كَيْ	تَقَرَّ	عَيْنُهَا
اپنے ذمے لے اس (بچے) کو	تو ہم نے لوٹا دیا تجھے	تیری ماں کی طرف	تاکہ	ٹھنڈی ہو	اس کی آنکھ

اس بچہ کی دیکھ بھال کرے تو ہم تجھے تیری ماں کے پاس پھیر لائے تاکہ اس کی آنکھ ٹھنڈی ہو

1 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا حال یہ تھا کہ جو آپ کو دیکھتا اس کے دل میں آپ کی محبت پیدا ہو جاتی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ مخلوق میں محبوب اور مقبول ہونا بھی بعض انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا معجزہ ہے۔ ہمارے حضور پر نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمیشہ مخلوق کے محبوب ہیں اور یہ محبوبیت بھی حضور انور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا معجزہ ہے۔

2 ..... اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب بندوں کی پرورش کا انتظام بھی خود فرما دیتا ہے۔

وقف لازم

حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو ان کی والدہ کی طرف لوٹانے کی خدائی تدبیر

www.dawateislami.net

قبطی کے قتل کا واقعہ اور حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے امتحانات

وَ لَا تَحْزَنَ ؕ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ

وَ	لَا تَحْزَنَ	وَ	قَتَلْتَ	نَفْسًا	فَنَجَّیْنٰكَ	مِنَ الْغَمِّ
اور	وہ غم نہ کرے	اور	تم نے قتل کر دیا	ایک آدمی (کو)	تو ہم نے نجات دی تجھے	غم سے

اور وہ غمگین نہ ہو اور تم نے ایک آدمی کو قتل کر دیا تو ہم نے تمہیں غم سے نجات دی

وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْۤ اَهْلِ مَدْیَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ

وَ	فَتَنّٰكَ	فُتُوْنًا	فَلَبِثْتَ	سِنِیْنَ	فِیْۤ اَهْلِ مَدْیَنَ	ثُمَّ	جِئْتَ
اور	ہم نے آزمایا تجھے	خوب آزمانا	پھر تم رہے	کئی سال	مدین والوں میں	پھر	تم آئے

اور تمہیں اچھی طرح آزمایا پھر تم کئی برس مدین والوں میں رہے پھر اے موسیٰ!

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خصوصی انتخاب سرکش فرعون کی طرف جانے کا حکم اور نرمی کی تاکید

عَلٰى قَدَرٍ یّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾ وَ اصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ ﴿۴۱﴾ ۚ اِذْهَبْ اَنْتَ

عَلٰى قَدَرٍ	یّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾	وَ	اصْطَنَعْتُكَ[1]	لِنَفْسِیْ ﴿۴۱﴾	اِذْهَبْ	اَنْتَ
ایک معین وقت، وعدے پر	اے موسیٰ	اور	میں نے بنایا تجھے	اپنی ذات کے لئے	جاؤ	تم

تم ایک مقررہ وعدے پر حاضر ہو گئے ○ اور میں نے تجھے خاص اپنی ذات کیلئے بنایا ○ تم اور

وَ اَخُوْكَ بِاٰیٰتِیْ وَ لَا تَنِیَا فِیْ ذِكْرِیْ ﴿۴۲﴾ ۚ اِذْهَبَاۤ

وَ	اَخُوْكَ	بِاٰیٰتِیْ	وَ	لَا تَنِیَا	فِیْ ذِكْرِیْ ﴿۴۲﴾	اِذْهَبَاۤ
اور	تمہارا بھائی	میری نشانیوں کے ساتھ	اور	دونوں سستی نہ کرنا	میری یاد میں	تم دونوں جاؤ

تمہارا بھائی دونوں میری نشانیاں لے کر جاؤ اور میری یاد میں سستی نہ کرنا ○ دونوں

اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾ ۚ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ

اِلٰى فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى ﴿۴۳﴾	فَقُوْلَا	لَهٗ	قَوْلًا لَّیِّنًا[2]	لَّعَلَّهٗ
فرعون کی طرف	بیشک وہ	اس نے سرکشی کی (ہے)	تو تم کہنا	اس سے	نرم بات	شاید وہ

فرعون کی طرف جاؤ بیشک اس نے سرکشی کی ہے ○ تو تم اس سے نرم بات کہنا اس امید پر کہ شاید

1 ..... یہ آیت حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی بارگاہِ الٰہی میں انتہائی عظمت کی دلیل ہے۔ 2 ..... دین کی تبلیغ نرمی کے ساتھ کرنی چاہئے کیونکہ اس طریقے سے یہ امید زیادہ ہوتی ہے کہ سامنے والا نصیحت قبول کرلے۔ نیز یاد رہے کہ دین کی تبلیغ کے علاوہ دیگر دینی اور دنیوی معاملات میں بھی جہاں تک ممکن ہو نرمی سے ہی کام لینا چاہئے کہ جو فائدہ نرمی کرنے سے ہو سکتا ہے وہ سختی کرنے سے حاصل کرنا مشکل ہے۔ رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: بیشک جس چیز میں نرمی ہو تو وہ اسے مزین کر دیتی ہے اور جس چیز سے نرمی نکال لی جائے تو اسے عیب دار کر دیتی ہے۔ (مسلم، ص ۱۳۹۸، الحدیث: (۷۸) ۲۵۹۴)

www.dawateislami.net

يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا

يَتَذَكَّرُ	اَوْ	يَخْشٰى ﴿۴۴﴾	قَالَا	رَبَّنَآ	اِنَّنَا
نصیحت قبول کرلے	یا	ڈر جائے	انہوں نے عرض کی	اے ہمارے رب	بیشک ہم

وہ نصیحت قبول کرلے یا ڈر جائے ○ دونوں نے عرض کیا: اے ہمارے رب! بیشک ہم

نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾

نَخَافُ	اَنْ	يَّفْرُطَ(1)	عَلَيْنَآ	اَوْ	اَنْ	يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾
ڈرتے ہیں	(اس بات سے) کہ	وہ زیادتی کرے گا	ہم پر	یا	یہ کہ	وہ سرکشی سے پیش آئے گا

اس بات سے ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے گا یا سرکشی سے پیش آئے گا ○

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿۴۶﴾

قَالَ	لَا تَخَافَآ	اِنَّنِيْ	مَعَكُمَآ	اَسْمَعُ	وَ	اَرٰى ﴿۴۶﴾
فرمایا	تم ڈرو نہیں	بیشک میں	تمہارے ساتھ (ہوں)	سن رہا ہوں	اور	دیکھ رہا ہوں

اللہ نے فرمایا: تم ڈرو نہیں، بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں میں سن رہا ہوں اور دیکھ بھی رہا ہوں ○

فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ

فَاْتِيٰهُ	فَقُوْلَآ	اِنَّا	رَسُوْلَا رَبِّكَ	فَاَرْسِلْ
پس تم جاؤ اس کے پاس	تو کہو	بیشک ہم	تیرے رب کے بھیجے ہوئے (ہیں)	تو تو بھیج دے

پس تم اس کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں تو بنی اسرائیل کو

مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ

مَعَنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَ	لَا تُعَذِّبْهُمْ	قَدْ
ہمارے ساتھ	بنی اسرائیل (کو)	اور	تکلیف نہ دے انہیں	بیشک

ہمارے ساتھ بھیج دے اور انہیں تکلیف نہ دے بیشک

1 ..... موذی انسان اور موذی جانوروں سے خوف کرنا شانِ نبوت اور توکل کے خلاف نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی طبیعت اور فطرت میں یہ چیز رکھی ہے کہ وہ ضرر دینے والی اور نقصان پہنچانے والی چیزوں سے ڈرتے ہیں۔ اس فطری خوف سے بچنا بہت دشوار ہے اس لئے یہ مذموم بھی نہیں ہے البتہ اس خوف کی بنا پر کلمۂ حق کہنے سے باز نہیں رہنا چاہئے جیسے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بہر حال فرعون کے دربار میں کلمۂ حق بلند کیا۔

www.dawateislami.net

جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَ السَّلٰمُ عَلٰى مَنِ

جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ	مِّنْ رَّبِّكَ	وَ	السَّلٰمُ(1)	عَلٰى	مَنِ
ہم لائے ہیں تیرے پاس ایک نشانی	تیرے رب کی طرف سے	اور	سلامتی (ہو)	(اس) پر	جو

ہم تیرے رب کی طرف سے ایک نشانی لائے ہیں اور اس پر سلامتی ہو جو

اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَاۤ اَنَّ الْعَذَابَ

اتَّبَعَ	الْهُدٰى ﴿۴۷﴾	اِنَّا	قَدْ	اُوْحِيَ	اِلَيْنَاۤ	اَنَّ	الْعَذَابَ
پیروی کرے	ہدایت (کی)	بیشک	تحقیق	وحی کی جاتی ہے	ہماری طرف	کہ	عذاب

ہدایت کی پیروی کرے ○ بیشک ہماری طرف وحی ہوتی ہے کہ عذاب

عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَ تَوَلّٰى ﴿۴۸﴾ قَالَ فَمَنْ

عَلٰى	مَنْ	كَذَّبَ	وَ	تَوَلّٰى ﴿۴۸﴾	قَالَ	فَمَنْ
(اس) پر (ہے)	جو	جھٹلائے	اور	منہ پھیرے	فرعون نے کہا	تو کون (ہے)

اس پر ہے جو جھٹلائے اور منہ پھیرے ○ فرعون بولا: اے موسیٰ!

رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿۴۹﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْۤ اَعْطٰى

رَّبُّكُمَا	يٰمُوْسٰى ﴿۴۹﴾	قَالَ	رَبُّنَا	الَّذِيْۤ	اَعْطٰى
تم دونوں کا رب	اے موسیٰ	(موسیٰ نے) فرمایا	ہمارا رب	(وہ ہے) جس نے	عطا کی

تو تم دونوں کا رب کون ہے؟ ○ موسیٰ نے فرمایا: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو

كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿۵۰﴾ قَالَ فَمَا

كُلَّ شَيْءٍ	خَلْقَهٗ	ثُمَّ	هَدٰى ﴿۵۰﴾	قَالَ	فَمَا
ہر چیز (کو)	اس کی خاص شکل وصورت	پھر	راہ دکھائی	(فرعون نے) کہا	تو کیا (ہے)

اس کی خاص شکل وصورت دی پھر راہ دکھائی ○ فرعون بولا:

عذاب انہی کے مستحق لوگوں کی طرف اشارہ

فرعون کا موسیٰ اور دیگر چیزوں کے متعلق سوال وجواب

1 ..... ہمارے لئے حکم یہ ہے کہ ہم کفار کو سلام نہ کریں اور اگر وہ سلام کریں تو انہیں جواب دے سکتے ہیں البتہ جواب میں صرف عَلَيْكُمْ کہا جائے اور اگر کسی ایسی جگہ سے گزرنا ہو جہاں مسلمان اور کافر دونوں ہوں تو اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کہیں اور مسلمانوں پر سلام کا ارادہ کریں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یوں کہیں ”اَلسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى“۔

www.dawateislami.net

بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿۵۱﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ ۚ

بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿۵۱﴾	قَالَ	عِلْمُهَا	عِنْدَ رَبِّیْ	فِیْ كِتٰبٍ (1)
پہلی قوموں کا حال	فرمایا	اس کا علم	میرے رب کے پاس (ہے)	ایک کتاب میں

پہلی قوموں کا کیا حال ہے؟ ○ موسیٰ نے فرمایا: ان کا علم میرے رب کے پاس ایک کتاب میں ہے،

لَا یَضِلُّ رَبِّیْ وَ لَا یَنْسَى ﴿۵۲﴾ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ

لَا یَضِلُّ	رَبِّیْ	وَ	لَا یَنْسَى ﴿۵۲﴾	الَّذِیْ	جَعَلَ	لَكُمُ
نہ بھٹکتا ہے	میرا رب	اور	نہ بھولتا ہے	وہ جس نے	بنایا	تمہارے لیے

میرا رب نہ بھٹکتا ہے اور نہ بھولتا ہے ○ وہ جس نے تمہارے لیے

الْاَرْضَ مَهْدًا وَّ سَلَكَ لَكُمْ فِیْهَا سُبُلًا وَّ اَنْزَلَ

الْاَرْضَ	مَهْدًا	وَّ	سَلَكَ	لَكُمْ	فِیْهَا	سُبُلًا	وَّ اَنْزَلَ
زمین (کو)	بچھونا	اور	آسان کر دیئے	تمہارے لیے	اس میں	راستے	اور نازل کیا

زمین کو بچھونا بنایا اور تمہارے لیے اس میں راستے آسان کر دیئے اور آسمان سے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾

مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖۤ	اَزْوَاجًا	مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾
آسمان سے	پانی	تو ہم نے نکالے	اس (پانی) سے	جوڑے	مختلف قسم کی نباتات کے

پانی نازل فرمایا تو ہم نے اس سے مختلف قسم کی نباتات کے جوڑے نکالے ○

كُلُوْا وَ ارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ

كُلُوْا (2)	وَ	ارْعَوْا	اَنْعَامَكُمْ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ
تم کھاؤ	اور	چراؤ	اپنے مویشیوں (کو)	بیشک	اس میں	ضرور نشانیاں (ہیں)

تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ، بیشک اس میں عقل والوں کیلئے

1 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے فرعون کو جو جواب دیا کہ "اس کا علم لوحِ محفوظ میں ہے" اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ آپ کو گزشتہ قوموں کے حالات معلوم نہ تھے بلکہ وجہ یہ تھی کہ وہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو موضوع بدل کر تبلیغِ دین سے نہ پھیر سکے۔ یہ تبلیغِ دین کا ادب ہے کہ بات کو موضوع پر محدود رکھیں۔

2 ..... اس آیت میں جو حکم دیا گیا ہے یہ اباحت اور اللہ تعالیٰ کی نعمت یاد دلانے کے لئے ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ نباتات تمہارے لئے اس طور پر نکالی ہیں کہ انہیں کھانا اور اپنے جانوروں کو چرانا تمہارے لئے مباح و جائز ہے۔

اللہ تعالیٰ کے رب ہونے کے دلائل

www.dawateislami.net

ع ٢ ١١

زمین سے پیدا کرنے، اسی میں لوٹنے اور اسی سے دوبارہ نکالنے

لِّاُولِی النُّهٰى ﴿۵۴﴾ ع مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ

لِّاُولِی النُّهٰى ﴿۵۴﴾	مِنْهَا	خَلَقْنٰكُمْ (1)	وَ	فِيْهَا	نُعِيْدُكُمْ
عقل والوں کے لئے	اس (زمین) سے	ہم نے پیدا کیا تمہیں	اور	اسی میں	ہم لوٹائیں گے تمہیں

نشانیاں ہیں ○ ہم نے زمین ہی سے تمہیں بنایا اور اسی میں تمہیں پھر لوٹائیں گے

نشانیاں دیکھنے کے باوجود فرعون کا حال

وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ

وَ	مِنْهَا	نُخْرِجُكُمْ	تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾	وَ	لَقَدْ	اَرَيْنٰهُ
اور	اسی سے	ہم نکالیں گے تمہیں	دوسری بار	اور	ضرور بیشک	ہم نے دکھائیں اسے

اور اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے ○ اور بیشک ہم نے اس کو

فرعون کی یک سیاں چال

اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿۵۶﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا

اٰيٰتِنَا كُلَّهَا	فَكَذَّبَ	وَ	اَبٰى ﴿۵۶﴾	قَالَ	اَجِئْتَنَا
اپنی تمام نشانیاں	تو اس نے جھٹلایا	اور	نہ مانا	فرعون بولا	کیا تم آئے ہو ہمارے پاس

اپنی سب نشانیاں دکھائیں تو اس نے جھٹلایا اور نہ مانا ○ کہنے لگا: اے موسیٰ!

لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾

لِتُخْرِجَنَا (2)	مِنْ اَرْضِنَا	بِسِحْرِكَ (3)	يٰمُوْسٰى ﴿۵۷﴾
تاکہ نکال دو ہمیں	ہماری زمین سے	اپنے جادو کے ذریعے	اے موسیٰ

کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہمیں اپنے جادو کے ذریعے ہماری سرزمین سے نکال دو ○

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مقابلے کا چیلنج

فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ

فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ	مِّثْلِهٖ	فَاجْعَلْ	بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ
تو ضرور ہم لائیں گے تمہارے پاس جادو	اسی کے جیسا	تو تم مقرر کرلو	ہمارے اور اپنے درمیان

تو ضرور ہم بھی تمہارے آگے ویسا ہی جادو لائیں گے تو ہمارے درمیان اور اپنے درمیان

1 ..... میت کی تدفین کے وقت یہ آیت پڑھی جائے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ تختے لگانے کے بعد جب مٹی ڈالی جائے تو سرہانے کی طرف دونوں ہاتھوں سے تین بار مٹی ڈالیں اور پہلی بار کہیں ”مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ“ دوسری بار کہیں ”وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ“ اور تیسری بار کہیں ”وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى“۔ 2 ..... فرعون حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ السَّلَام کے معجزات دیکھ کر سمجھ تو گیا تھا کہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ السَّلَام حق پر ہیں اور جادوگر نہیں ہیں لیکن اس نے اپنی سلطنت بچانے کے لئے یہ سیاسی چال چلی کہ لوگوں کو گمراہ کرنے کیلئے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ السَّلَام کے معجزے کو جادو قرار دیدیا اور کہا کہ موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ السَّلَام کا مقصد صرف

www.dawateislami.net

مَوۡعِدًا لَّا نُخۡلِفُهٗ نَحۡنُ وَ لَاۤ اَنۡتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾

مَوۡعِدًا	لَّا نُخۡلِفُهٗ	نَحۡنُ	وَ	لَاۤ	اَنۡتَ	مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾
ایک وعدہ	خلاف ورزی نہ کریں اس کی	ہم	اور	نہ	تم	(وہ) جگہ ہموار، برابر فاصلے (پر ہو)

ایک وعدہ مقرر کرلو جس کی خلاف ورزی نہ ہم کریں اور نہ تم۔ ایسی جگہ جو برابر فاصلے پر ہو ○

فرعون کے چیلنج کا فوری جواب

قَالَ مَوۡعِدُكُمۡ يَوۡمُ الزِّيۡنَةِ وَ اَنۡ يُّحۡشَرَ النَّاسُ

قَالَ	مَوۡعِدُكُمۡ	يَوۡمُ الزِّيۡنَةِ (1)	وَ	اَنۡ	يُّحۡشَرَ	النَّاسُ
موسیٰ نے فرمایا	تمہارے وعدے کا وقت	زینت (میلے) کا دن (ہے)	اور	یہ کہ	جمع کرلئے جائیں	لوگ

موسیٰ نے فرمایا: تمہارے وعدے کا وقت میلے کا دن ہے اور یہ کہ لوگ دن چڑھے

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جادوگروں کو نصیحت

مقابلے کے لئے فرعون کی تیاری

ضُحًى ﴿۵۹﴾ فَتَوَلّٰى فِرۡعَوۡنُ فَجَمَعَ كَيۡدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿۶۰﴾ قَالَ

ضُحًى ﴿۵۹﴾	فَتَوَلّٰى	فِرۡعَوۡنُ	فَجَمَعَ	كَيۡدَهٗ	ثُمَّ	اَتٰى ﴿۶۰﴾	قَالَ
دن چڑھے	تو منہ پھیر کر چلا گیا	فرعون	تو جمع کرنے لگا	اپنے مکر و فریب	پھر	آیا	فرمایا

جمع کرلئے جائیں ○ تو فرعون منہ پھیر کر چلا گیا تو اپنے مکر و فریب کو جمع کرنے لگا پھر آیا ○ ان سے

لَهُمۡ مُّوۡسٰى وَيۡلَكُمۡ لَا تَفۡتَرُوۡا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

لَهُمۡ	مُّوۡسٰى	وَيۡلَكُمۡ	لَا تَفۡتَرُوۡا	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا
ان (جادوگروں) سے	موسیٰ (نے)	تمہاری خرابی ہو	تم نہ باندھو	اللہ پر	جھوٹ

موسیٰ نے فرمایا: تمہاری خرابی ہو، تم اللہ پر جھوٹ نہ باندھو

فَيُسۡحِتَكُمۡ بِعَذَابٍ ۚ وَ قَدۡ خَابَ مَنِ افۡتَرٰى ﴿۶۱﴾

فَيُسۡحِتَكُمۡ	بِعَذَابٍ	وَ	قَدۡ	خَابَ	مَنِ	افۡتَرٰى ﴿۶۱﴾
ورنہ وہ ہلاک کردے گا تمہیں	عذاب سے	اور	بیشک	ناکام ہوا وہ	جس نے	بہتان باندھا

ورنہ وہ تمہیں عذاب سے ہلاک کردے گا اور بیشک وہ ناکام ہوا جس نے جھوٹ باندھا ○

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) تمہیں ہماری زمین سے نکال کر خود اقتدار سنبھالنا ہے۔ ③..... جادو وہ علم ہے جس سے کسی شخص کو ایسی مہارت حاصل ہو جاتی ہے جس سے وہ ایسے عجیب و غریب افعال پر قادر ہو جاتا ہے جس کے اسباب پوشیدہ ہوتے ہیں۔ (روح المعانی، ۱/۱۱۱)

(اس صفحے کا حاشیہ) یہاں سے ① ..... شرعی ضرورت کے وقت مسلمان کو کفار کے میلے میں جانا جائز ہے اور شرعی ضرورت کے علاوہ تجارت یا کسی اور غرض سے جانے کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ میلہ کفار کا مذہبی ہے جس میں جمع ہو کر اعلانِ کفر اور شرکیہ رسمیں ادا کریں تو تجارت کی غرض سے بھی جانا ناجائز و مکروہِ تحریمی ہے اور اگر وہ مجمع کفار کا مذہبی

www.dawateislami.net

جادوگروں کا اختلاف اور خفیہ مشورہ

فَتَنَازَعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَ اَسَرُّوا

فَتَنَازَعُوْۤا	اَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ	وَ	اَسَرُّوا
تو وہ اختلاف کرنے لگے	اپنے معاملہ (میں)	اپنے درمیان	اور	انہوں نے چھپ کر کیا

تو وہ اپنے معاملہ میں باہم مختلف ہو گئے اور انہوں نے چھپ کر

النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوْۤا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ

النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾	قَالُوْۤا	اِنْ	هٰذٰنِ	لَسٰحِرٰنِ	يُّرِيْدٰنِ	اَنْ
مشورہ	کہنے لگے	بیشک	یہ دونوں	ضرور جادوگر (ہیں)	وہ چاہتے ہیں	کہ

مشورہ کیا○ کہنے لگے: بیشک یہ دونوں یقیناً جادوگر ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ

يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَ يَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾

يُّخْرِجٰكُمْ	مِّنْ اَرْضِكُمْ	بِسِحْرِهِمَا	وَ	يَّذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾
نکال دیں تمہیں	تمہاری زمین سے	اپنے جادو کے ذریعے	اور	تمہارا بہت شرف والا دین لے جائیں

تمہیں تمہاری سرزمین سے اپنے جادو کے زور سے نکال دیں اور تمہارا بہت شرف و بزرگی والا دین لے جائیں○

فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَ قَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ

فَاَجْمِعُوْا	كَيْدَكُمْ	ثُمَّ	ائْتُوْا	صَفًّا	وَ	قَدْ	اَفْلَحَ	الْيَوْمَ
تو تم جمع کر لو	اپنا داؤ	پھر	آجاؤ	صف (بنا کر)	اور	بیشک	وہ کامیاب ہو گا	آج

تو تم اپنا داؤ جمع کر لو پھر صف باندھ کر آجاؤ اور بیشک آج وہی کامیاب ہو گا

مقابلے کی ابتداء سے متعلق جادوگروں کی گزارش

مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰۤى اِمَّاۤ اَنْ تُلْقِيَ وَ اِمَّاۤ

مَنِ	اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾	قَالُوْا	يٰمُوْسٰۤى	اِمَّاۤ	اَنْ	تُلْقِيَ (1)	وَ	اِمَّاۤ
جو	غالب رہا	انہوں نے کہا	اے موسیٰ	یا	یہ کہ	تم (عصا نیچے) ڈالو	اور	یا

جو غالب آئے گا○ انہوں نے کہا: اے موسیٰ! یا تم (عصا نیچے) ڈالو یا

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) نہیں بلکہ صرف لہو و لعب کا میلہ ہے تو محض تجارت کی غرض سے جانا فی نفسہٖ ناجائز و ممنوع نہیں جبکہ وہاں جانے سے کسی گناہ کا ارتکاب نہ کرنا پڑے۔ پھر بھی کراہت سے خالی نہیں کہ وہ لوگ ہر وقت معاذ اللہ لعنت اترنے کا محل ہیں اس لئے اُن سے دوری ہی بہتر ہے۔

1 ..... جادوگروں نے ادب کی وجہ سے مقابلے کی ابتداء کرنا حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی رائے مبارک پر چھوڑا اور اس کی برکت سے آخر کار اللہ تعالیٰ نے انہیں ایمان کی دولت سے مشرف فرما دیا۔

www.dawateislami.net

جادوگروں کا کرتب

اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا

اَنْ	نَّكُوْنَ	اَوَّلَ	مَنْ	اَلْقٰى ﴿٦٥﴾	قَالَ	بَلْ	اَلْقُوْا (1)	فَاِذَا
یہ کہ	ہم ہوں	پہلے	جو	ڈالے	فرمایا	بلکہ	تم ڈالو	تو اچانک

ہم پہلے ڈالتے ہیں ○ موسیٰ نے فرمایا: بلکہ تمہی ڈالو تو اچانک

حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا

حِبَالُهُمْ	وَ	عِصِيُّهُمْ	يُخَيَّلُ	اِلَيْهِ	مِنْ سِحْرِهِمْ	اَنَّهَا
ان کی رسیاں	اور	ان کی لاٹھیاں	خیال ہوا	اس کی طرف (کو)	ان کے جادو سے	کہ وہ

ان کی رسیاں اور لاٹھیاں ان کے جادو کے زور سے موسیٰ کے خیال میں یوں لگیں کہ

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خوفزدہ ہونا

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تسلی اور غلبہ کی بشارت

تَسْعٰى ﴿٦٦﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً (2) مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ

تَسْعٰى ﴿٦٦﴾	فَاَوْجَسَ	فِيْ نَفْسِهٖ	خِيْفَةً (2)	مُّوْسٰى ﴿٦٧﴾	قُلْنَا	لَا تَخَفْ
دوڑ رہی ہیں	تو محسوس کیا	اپنے دل میں	خوف	موسیٰ (نے)	ہم نے فرمایا	تم ڈرو نہیں

وہ دوڑ رہی ہیں ○ تو موسیٰ نے اپنے دل میں خوف محسوس کیا ○ تو ہم نے فرمایا: ڈرو نہیں

اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ

اِنَّكَ	اَنْتَ	الْاَعْلٰى ﴿٦٨﴾	وَ	اَلْقِ	مَا	فِيْ يَمِيْنِكَ
بیشک تم	تم (ہی)	غالب (ہو)	اور	تم ڈال دو	(اسے) جو	تمہارے دائیں ہاتھ میں (ہے)

بیشک تم ہی غالب ہو ○ اور تم بھی اسے ڈال دو جو تمہارے دائیں ہاتھ میں ہے

تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ

تَلْقَفْ	مَا	صَنَعُوْا	اِنَّمَا	صَنَعُوْا
وہ نگل جائے گا	(وہ چیزیں) جو	انہوں نے بنائیں	بیشک جو	انہوں نے بنایا

كَيْدُ سٰحِرٍ

(وہ) جادوگر کا فریب (ہے)

وہ ان کی بنائی ہوئی چیزوں کو نگل جائے گا۔ بیشک جو انہوں نے بنایا ہے وہ تو صرف جادوگروں کا مکر و فریب ہے

1 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے جادوگروں سے یہ اس لئے فرمایا کہ اُن کے پاس جو کچھ جادو کے مکر و حیلے ہیں پہلے وہ سب ظاہر کر لیں اس کے بعد آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اپنا معجزہ دکھائیں اور جب حق باطل کو مٹائے اور معجزہ جادو کو باطل کر دے تو دیکھنے والوں کو بصیرت و عبرت حاصل ہو۔ 2 ..... ایک قول یہ ہے کہ حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اپنی ذات کے حوالے سے نہیں بلکہ قوم کے بارے میں یہ خوف ہوا کہ کہیں کچھ لوگ معجزہ دیکھنے سے پہلے ہی اس نظر بندی کے گرویدہ نہ ہو جائیں اور معجزہ نہ دیکھیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بشری تقاضے کے مطابق آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے دل میں خوف محسوس کیا۔

www.dawateislami.net

وَ لَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ

وَ	لَا يُفْلِحُ	السّٰحِرُ	حَيْثُ	اَتٰى ﴿٦٩﴾	فَاُلْقِيَ	السَّحَرَةُ
اور	کامیاب نہیں ہوتا	جادوگر	جہاں (بھی)	آجائے	تو گرا دیئے گئے	جادوگر

اور جادوگر کامیاب نہیں ہوتا جہاں بھی آجائے ○ تو سب جادوگر سجدے میں

سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ

سُجَّدًا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا (1)	بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَ مُوْسٰى ﴿٧٠﴾	قَالَ
سجدہ (میں)	وہ کہنے لگے	ہم ایمان لائے	موسیٰ اور ہارون کے رب پر	(فرعون نے) کہا

گرا دیئے گئے، وہ کہنے لگے: ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لائے ○ فرعون بولا:

اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ

اٰمَنْتُمْ	لَهٗ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّهٗ
(کیا) تم ایمان لے آئے	اس پر	(اس سے) پہلے	کہ	میں اجازت دوں	تمہیں	بیشک وہ

کیا تم اس پر ایمان لائے اس سے پہلے کہ میں تمہیں اجازت دوں، بیشک وہ

لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ

لَكَبِيْرُكُمُ (2)	الَّذِيْ	عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ	فَلَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ
ضرور تمہارا بڑا (ہے)	جس نے	سکھایا تمہیں	جادو	تو ضرور میں کاٹ دوں گا	تمہارے ہاتھ

تمہارا بڑا ہے جس نے تم سب کو جادو سکھایا تو مجھے قسم ہے میں ضرور تمہارے ایک طرف کے ہاتھ

وَ اَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۫

وَ	اَرْجُلَكُمْ	مِّنْ خِلَافٍ	وَّ	لَاُصَلِّبَنَّكُمْ	فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ
اور	تمہارے پاؤں	مخالف طرف سے	اور	ضرور میں سولی دوں گا تمہیں	کھجور کے تنوں میں (پر)

اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹ دوں گا اور تمہیں کھجور کے تنوں پر پھانسی دیدوں گا

1 .....سبحٰنَ اللہ! کیا عجیب حال تھا کہ جن لوگوں نے ابھی کفر و انکار اور سرکشی کے لئے رسیاں اور لاٹھیاں ڈالی تھیں، ابھی معجزہ دیکھ کر انہوں نے شکر و سجود کے لئے اپنے سر جھکا دیئے اور اپنی گردنیں ڈال دیں۔ 2 .....جادوگروں کو ایمان لاتا دیکھ کر فرعون نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو ان کا بڑا استاد قرار دیا اور جادوگروں کو دھمکی دی کہ میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹ کر تمہیں سولی چڑھا دوں گا۔ فرعون نے لوگوں کے سامنے جادوگروں کی شکست کو سازش کے انداز میں پیش کیا کہ موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ان جادوگروں کے بڑے ہیں اور سازش کے ذریعے جادوگر جان بوجھ کر ہارے

www.dawateislami.net

وَ لَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّ اَبْقٰى ﴿۷۱﴾

وَ	لَتَعْلَمُنَّ	اَيُّنَاۤ (1)	اَشَدُّ	عَذَابًا	وَّ	اَبْقٰى ﴿۷۱﴾
اور	ضرور تم جان جاؤ گے	ہم میں کون	زیادہ سخت (ہے)	عذاب (دینے میں)	اور	زیادہ باقی رہنے والا

اور ضرور تم جان جاؤ گے کہ ہم میں کس کا عذاب زیادہ شدید اور زیادہ باقی رہنے والا ہے ○

جادوگروں کا جرأت مندانہ جواب

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ

قَالُوْا	لَنْ نُّؤْثِرَكَ	عَلٰى	مَا	جَآءَنَا	مِنَ الْبَيِّنٰتِ
انہوں نے کہا	ہم ہرگز ترجیح نہ دیں گے تجھے	(اس) پر	جو	آیا ہمارے پاس	روشن دلیلوں سے

انہوں نے کہا: ہم ان روشن دلیلوں پر ہرگز تجھے ترجیح نہ دیں گے جو ہمارے پاس آئی ہیں۔

وَ الَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَاۤ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا

وَالَّذِيْ	فَطَرَنَا	فَاقْضِ	مَاۤ	اَنْتَ	قَاضٍ (2)	اِنَّمَا
(اس کی) قسم جس نے	ہمیں پیدا کیا	تو کرلے	جو	تو	کرنے والا (ہے)	صرف

ہمیں اپنے پیدا کرنے والے کی قسم! تو تُو جو کرنے والا ہے کرلے۔ تو

تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۷۲﴾ ؕ اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا

تَقْضِيْ	هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۷۲﴾	اِنَّاۤ	اٰمَنَّا	بِرَبِّنَا
تو کرے گا	اس دنیا کی زندگی (میں)	بیشک	ہم ایمان لائے	اپنے رب پر

اس دنیا کی زندگی میں ہی تو کرے گا ○ بیشک ہم اپنے رب پر ایمان لائے

لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَ مَاۤ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ

لِيَغْفِرَ	لَنَا	خَطٰيٰنَا	وَ	مَاۤ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ	مِنَ السِّحْرِ
تاکہ وہ بخش دے	ہمارے لئے	ہماری خطائیں	اور	وہ جس پر تو نے مجبور کیا ہمیں	جادو سے

تاکہ وہ ہماری خطائیں اور وہ جادو بخش دے جس پر تو نے ہمیں مجبور کیا تھا

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) ہیں تاکہ موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو غلبہ مل جائے۔ یہاں بھی فرعون نے سیاسی چال چل کر اپنی شکست کی ذلت سے بچنے کی کوشش کی ہے۔ (1) ..... اس سے فرعون ملعون کی مراد یہ تھی کہ اس کا عذاب سخت تر ہے یا ربُّ العالمین کا عذاب زیادہ سخت ہے۔ (2) ..... جادوگروں نے مومن ہو کر فرعون سے کہہ دیا کہ جو ہو سکے تو کرلے ہمیں اس کی پرواہ نہیں، اس سے معلوم ہوا کہ مومن کامل کے دل میں خصوصاً ایمان کے معاملے میں جرأت ہوتی ہے اور وہ ایمان لانے کی صورت میں مخلوق کی طرف سے اذیت پہنچنے کی پرواہ نہیں کرتا۔ اس سے یہ بھی واضح ہوا کہ قادیانی کا نبی ہونا تو بڑی دور کی بات وہ تو مومن بھی نہیں تھا کیونکہ وہ لوگوں سے اتنا ڈرتا تھا

www.dawateislami.net

مجرموں کا انجام

وَ اللّٰهُ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ﴿۷۳﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ

وَ	اللّٰهُ	خَيْرٌ	وَّ	اَبْقٰى ﴿۷۳﴾	اِنَّهٗ	مَنْ	يَّاْتِ
اور	اللہ	بہتر	اور	زیادہ باقی رہنے والا (ہے)	بیشک	جو	آئے گا

اور اللہ بہتر ہے اور سب سے زیادہ باقی رہنے والا ہے ○ بیشک جو اپنے رب کے حضور

رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ

رَبَّهٗ	مُجْرِمًا	فَاِنَّ	لَهٗ	جَهَنَّمَ	لَا يَمُوْتُ
اپنے رب (کے حضور)	مجرم (ہو کر)	تو بیشک	اس کے لیے	جہنم (ہے)	وہ مرے گا نہیں

مجرم ہو کر آئے گا تو ضرور اس کے لیے جہنم ہے جس میں نہ

اہلِ ایمان کا صلہ

فِيْهَا وَ لَا يَحْيٰى ﴿۷۴﴾ وَ مَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ

فِيْهَا	وَ	لَا يَحْيٰى ﴿۷۴﴾	وَ	مَنْ	يَّاْتِهٖ	مُؤْمِنًا	قَدْ
اس میں	اور	نہ زندہ رہے گا	اور	جو	آئے گا اس کے حضور	ایمان والا (ہو کر)	تحقیق

مرے گا اور نہ (ہی چین سے) زندہ رہے گا ○ اور جو اس کے حضور ایمان والا ہو کر آئے گا کہ

عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿۷۵﴾ ۙ

عَمِلَ	الصّٰلِحٰتِ (1)	فَاُولٰٓئِكَ	لَهُمُ	الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿۷۵﴾
اس نے عمل کئے (ہوں)	نیک	تو یہ لوگ	ان کے لئے	بلند درجات (ہیں)

اس نے نیک اعمال کئے ہوں تو ان کیلئے بلند درجات ہیں ○

جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

جَنّٰتُ عَدْنٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
ہمیشہ رہنے کے باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہنے والے	ان (باغوں) میں

ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، ہمیشہ ان میں رہیں گے

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کہ ان کے خوف کی وجہ سے حج ہی نہ کر سکا۔ حدیثِ پاک میں ہے: تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اسے اللہ اور اس کا رسول سب سے زیادہ پیارے نہ ہوں یہاں تک کہ اسے آگ میں ڈال دیا جانا کفر کی طرف لوٹنے سے زیادہ پسند ہو۔ (مسند امام احمد، ۴/ ۴۱۲، الحدیث: ۱۳۱۵۰) (1) ..... قرآنِ مجید میں اکثر مقامات پر ایمان اور نیک اعمال دونوں کا ساتھ ساتھ ذکر ہوا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ صحیح عقائد اور نیک اعمال دونوں ہونا ضروری ہیں۔ جس کے عقیدے میں خرابی ہوئی اور اس کا ایمان پر خاتمہ نہ ہوا تو اسے ہمیشہ کے لئے جہنم کے دردناک عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا اور جس کا عقیدہ صحیح ہوا اور ایمان پر اس کا خاتمہ بھی ہوا

www.dawateislami.net

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بنی اسرائیل کے ساتھ ہجرت کا حکم اور تسلی

وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾ وَ لَقَدْ اَوْحَيْنَآ

وَ	ذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا	مَنْ	تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾	وَ	لَقَدْ	اَوْحَيْنَآ
اور	یہ	جزا (ہے)	(اس کی) جو	پاک ہوا	اور	ضرور بیشک	ہم نے وحی کی

اور یہ اس کی جزا ہے جو پاک ہوا ○ اور بیشک ہم نے موسیٰ کی طرف

اِلٰى مُوْسٰٓى ۙ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ

اِلٰى مُوْسٰٓى	اَنْ	اَسْرِ (1)	بِعِبَادِيْ	فَاضْرِبْ	لَهُمْ
موسیٰ کی طرف	کہ	راتوں رات لے چلو	میرے بندوں کو	پھر بنادو	ان کے لیے

وحی بھیجی کہ راتوں رات میرے بندوں کو لے چلو اور ان کے لیے

طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّ لَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾

طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا	لَّا تَخٰفُ	دَرَكًا	وَّ	لَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾
دریا میں خشک راستہ	تجھے ڈر نہ ہو گا	(فرعون کے) پانے (کا)	اور	نہ تجھے خطرہ ہو گا (ڈوبنے کا)

دریا میں خشک راستہ نکال دو۔ تجھے ڈر نہ ہو گا کہ فرعون پکڑ لے اور نہ تجھے خطرہ ہو گا ○

فرعون اور اس کی فوجوں کا تعاقب اور غرقابی

فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا

فَاَتْبَعَهُمْ	فِرْعَوْنُ	بِجُنُوْدِهٖ	فَغَشِيَهُمْ	مِّنَ الْيَمِّ	مَا
تو پیچھے چل پڑا ان کے	فرعون	اپنے لشکر کے ساتھ	تو ڈھانپ لیا انہیں	دریا سے (نے)	جیسا

تو فرعون اپنے لشکر کے ساتھ ان کے پیچھے چل پڑا تو انہیں دریا نے ڈھانپ لیا جیسا

فرعون گمراہ اور گمراہ گر تھا

غَشِيَهُمْ ﴿۷۸﴾ وَ اَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَ مَا هَدٰى ﴿۷۹﴾

غَشِيَهُمْ ﴿۷۸﴾	وَ	اَضَلَّ	فِرْعَوْنُ	قَوْمَهٗ	وَ	مَا هَدٰى ﴿۷۹﴾ (2)
ڈھانپ لیا انہیں	اور	گمراہ کیا	فرعون (نے)	اپنی قوم (کو)	اور	راہ نہ دکھائی

انہیں ڈھانپ لیا ○ اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور راہ نہ دکھائی ○

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) لیکن اس نے نیک اعمال نہ کئے اور بروزِ قیامت رحمتِ الٰہی شاملِ حال نہ ہوئی تو اسے بھی عذابِ جہنم کا سامنا کرنا پڑے گا۔ لہٰذا صحیح عقائد اور رضائے الٰہی کے لئے نیک اعمال دونوں اختیار کئے جائیں تاکہ جہنم کی سزا پائے بغیر جنت کی نعمتیں حاصل ہو سکیں۔ ❶..... دین کی حفاظت کے لئے ہجرت کرنا باعثِ فضیلت ہے، حدیثِ پاک میں ہے: جو شخص اپنی جان پر اور اپنے دین پر فتنہ کے اندیشے کی وجہ سے اپنے دین کی حفاظت کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو تو اسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں صدیق لکھا جاتا ہے اور جب وہ مرے گا تو شہید کی موت مرے گا۔ (مسند الفردوس، ۳/۵۳۰، الحدیث: ۵۶۵۶) ❷..... قوم کے دینی اور دنیاوی نقصان یا

www.dawateislami.net

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	قَدْ	اَنْجَيْنٰكُمْ	مِّنْ عَدُوِّكُمْ	وَ	وٰعَدْنٰكُمْ
اے بنی اسرائیل	بیشک	ہم نے نجات دی تمہیں	تمہارے دشمن سے	اور	وعدہ کیا تم سے

اے بنی اسرائیل! بیشک ہم نے تمہیں تمہارے دشمن سے نجات دی اور تمہارے ساتھ

جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ﴿٨٠﴾ كُلُوْا

جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ	وَ	نَزَّلْنَا	عَلَيْكُمُ	الْمَنَّ	وَ	السَّلْوٰى ﴿٨٠﴾	كُلُوْا
طور کی دائیں جانب (کا)	اور	اتارا	تم پر	من	اور	سلویٰ	تم کھاؤ

کوہِ طور کی دائیں جانب کا وعدہ کیا اور تم پر من اور سلویٰ اتارا○ جو پاکیزہ رزق

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ

مِنْ طَيِّبٰتِ	مَا	رَزَقْنٰكُمْ	وَ	لَا تَطْغَوْا	فِيْهِ
پاکیزہ چیزوں سے	جو	ہم نے رزق دیا تمہیں	اور	زیادتی نہ کرو	اس میں

ہم نے تمہیں دیا ہے اس میں سے کھاؤ اور اس میں زیادتی نہ کرو

فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ

فَيَحِلَّ	عَلَيْكُمْ	غَضَبِيْ	وَ	مَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ	غَضَبِيْ
کہ لازم ہو جائے، اتر آئے	تم پر	میرا غضب	اور	جس پر لازم ہو گیا، اتر آیا	میرا غضب

کہ تم پر میرا غضب اتر آئے اور جس پر میرا غضب اتر آیا

فَقَدْ هَوٰى ﴿٨١﴾ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ

فَقَدْ	هَوٰى ﴿٨١﴾	وَ	اِنِّيْ	لَغَفَّارٌ	لِّمَنْ	تَابَ (1)
تو بیشک	وہ گر گیا	اور	بیشک میں	ضرور بہت بخشنے والا (ہوں)	(اس) کو جس نے	توبہ کی

تو بیشک وہ گر گیا○ اور بیشک میں اس آدمی کو بہت بخشنے والا ہوں جس نے توبہ کی

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) بھلائی میں قوم کے سربراہ اور حکمران کا انتہائی اہم کردار ہوتا ہے، اگر یہ سدھر جائے تو قوم دنیا میں بھی حقیقی کامیابی پا سکتی ہے اور آخرت میں بھی حقیقی فلاح سے سرفراز ہو سکتی ہے اور اگر یہ بگڑ جائے تو قوم دینی اور دنیاوی دونوں اعتبار سے بے پناہ نقصان اٹھاتی ہے۔ (1) ..... توبہ ایسی اہم ترین چیز ہے جس سے بندہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بخشش اور مغفرت کا پروانہ حاصل کر سکتا ہے۔ البتہ یہ بات یاد رہے کہ توبہ وہی مقبول اور فائدہ مند ہے جو سچی ہو اور سچی توبہ اپنے گناہ پر نادم و شرمسار ہو کر اسے چھوڑنے اور آئندہ وہ گناہ نہ کرنے کے پختہ ارادے کا نام ہے، محض زبان سے الفاظِ توبہ دہرا دینا کافی نہیں۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے

www.dawateislami.net

وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿٨٢﴾ وَمَآ

وَ	اٰمَنَ	وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	ثُمَّ	اهْتَدٰى ﴿٨٢﴾	وَ	مَآ
اور	ایمان لایا	اور	عمل کیا	نیک	پھر	ہدایت پر رہا	اور	کس چیز نے

اور ایمان لایا اور نیک عمل کیا پھر ہدایت پر رہا○ اور اے موسیٰ!

اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٨٣﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ

اَعْجَلَكَ	عَنْ قَوْمِكَ	يٰمُوْسٰى ﴿٨٣﴾	قَالَ	هُمْ	اُولَآءِ
جلدی میں مبتلا کر دیا تجھے	اپنی قوم سے	اے موسیٰ	عرض کی	وہ	یہ ہیں

تجھے اپنی قوم سے کس چیز نے جلدی میں مبتلا کر دیا؟○ عرض کی: وہ یہ

عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿٨٤﴾

عَلٰٓى اَثَرِيْ	وَ	عَجِلْتُ	اِلَيْكَ	رَبِّ	لِتَرْضٰى ﴿٨٤﴾
میرے نشانِ قدم پر	اور	میں نے جلدی کی	تیری طرف	اے میرے رب	تاکہ تو راضی ہو جائے

میرے پیچھے ہیں اور اے میرے رب! میں نے تیری طرف اس لئے جلدی کی تاکہ تو راضی ہو جائے○

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَ

قَالَ	فَاِنَّا	قَدْ	فَتَنَّا	قَوْمَكَ	مِنْۢ بَعْدِكَ	وَ
فرمایا	تو بیشک	تحقیق	ہم نے آزمائش میں ڈال دیا	تیری قوم (کو)	تیرے بعد	اور

فرمایا، تو ہم نے تیرے آنے کے بعد تیری قوم کو آزمائش میں ڈال دیا اور

اَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ

اَضَلَّهُمْ (1)	السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾	فَرَجَعَ	مُوْسٰٓى	اِلٰى قَوْمِهٖ	غَضْبَانَ (2)
گمراہ کر دیا انہیں	سامری (نے)	تو واپس آیا	موسیٰ	اپنی قوم کی طرف	غضبناک (ہو کر)

سامری نے انہیں گمراہ کر دیا○ تو موسیٰ اپنی قوم کی طرف غضبناک ہو کر

حصولِ قرات کے لیے جاتے وقت حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جلدی اور اس کی وجہ

قوم کی آزمائش اور سامری کے فساد کی خبر

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی واپسی اور قوم پر عتاب

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہیں اور گناہ پر قائم رہتے ہوئے اس سے توبہ کرنے والا اپنے رب سے مذاق کرنے والے کی طرح ہے۔ (شعب الایمان، ۵/۴۳۶، الحدیث: ۷۱۷۸)

1 ..... اس آیت میں گمراہ کرنے کی نسبت سامری کی طرف کی گئی کیونکہ وہ اس کا سبب اور باعث بنا تھا۔ اس سے ثابت ہوا کہ کسی چیز کو اس کے سبب کی طرف منسوب کرنا جائز ہے، اسی طرح یوں کہہ سکتے ہیں کہ ماں باپ نے پرورش کی، دینی پیشواؤں نے ہدایت کی، اولیاءِ کرام رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِم نے حاجت روائی فرمائی اور بزرگوں نے بلاد فع کی۔ 2 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا یہ غضب اپنی ذات کے لئے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے لئے تھا اور یہ ممنوع نہیں بلکہ جائز ہے۔ رسولُ اللہ

www.dawateislami.net

اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ

اَسِفًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَلَمْ يَعِدْكُمْ	رَبُّكُمْ
افسوس (کرتے ہوئے)	فرمایا	اے میری قوم	کیا وعدہ نہیں کیا تھا تم سے	تمہارے رب (نے)

افسوس کرتے ہوئے لوٹے (اور) فرمایا: اے میری قوم! کیا تمہارے رب نے تم سے اچھا وعدہ

وَعْدًا حَسَنًا ۬ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ

وَعْدًا حَسَنًا	اَفَطَالَ	عَلَيْكُمُ	الْعَهْدُ	اَمْ	اَرَدْتُّمْ	اَنْ	يَّحِلَّ
اچھا وعدہ	تو کیا لمبی ہوگئی	تم پر	مدت	یا	تم نے چاہا	کہ	لازم ہو جائے، اتر آئے

نہ کیا تھا؟ کیا مدت تم پر لمبی ہو گئی تھی یا تم نے یہ چاہا کہ تم پر

عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿٨٦﴾

عَلَيْكُمْ	غَضَبٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	فَاَخْلَفْتُمْ	مَّوْعِدِيْ ﴿٨٦﴾ (1)
تم پر	غضب	تمہارے رب کی طرف سے	پس تم نے خلاف ورزی کی	میرے وعدے (کی)

تمہارے رب کا غضب اتر آئے؟ پس تم نے مجھ سے وعدہ خلافی کی ہے ○

قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا

قَالُوْا	مَآ اَخْلَفْنَا	مَوْعِدَكَ	بِمَلْكِنَا	وَ	لٰكِنَّا
انہوں نے کہا	ہم نے خلاف ورزی نہیں کی	آپ کے وعدے (کی)	اپنے اختیار سے	اور	لیکن

انہوں نے کہا: ہم نے اپنے اختیار سے آپ کے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کی لیکن

حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ

حُمِّلْنَآ	اَوْزَارًا	مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ	فَقَذَفْنٰهَا	فَكَذٰلِكَ
ہم سے اٹھوائے گئے	بوجھ	قوم کے زیورات کے	تو ہم نے ڈال دیا انہیں	پھر اسی طرح

قوم کے کچھ زیورات کے بوجھ ہم سے اٹھوائے گئے تھے تو ہم نے ان زیورات کو ڈال دیا پھر اسی طرح

قوم کی طرف سے معذرت

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: (ایمان کی سب سے مضبوط رسی) اللہ کے لئے محبت کرنا اور اللہ کے لئے بغض رکھنا ہے۔ (شعب الایمان، ۷/۲۹، الحدیث: ۹۵۱۱)

1 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے اس طرزِ عمل میں یہ ہدایت موجود ہے کہ اگر ماتحتوں میں سے کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی نافرمانی کرے تو اسے سمجھایا جائے۔ افسوس! فی زمانہ لوگوں کا حال یہ ہے کہ ان کے ماتحت کام کرنے والا اگر ان کے کسی حکم کی خلاف ورزی کرتا ہے تو یہ بسا اوقات اس پر موسلا دھار بارش کی طرح برس پڑتے ہیں لیکن اگر یہی لوگ ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے ہیں تو ان کے ماتھے پر شکن تک نہیں آتی۔ اللہ تعالیٰ

www.dawateislami.net

اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿۸۷﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ

اَلْقٰى	السَّامِرِيُّ ﴿۸۷﴾	فَاَخْرَجَ	لَهُمْ	عِجْلًا جَسَدًا	لَّهٗ
ڈال دیا	سامری (نے)	تو اس نے نکالا	ان کے لیے	بے جان بچھڑا	اس کی (آواز)

سامری نے ڈال دیا○ تو اس نے ان لوگوں کے لیے ایک بے جان بچھڑا نکال دیا جس کی

خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَ اِلٰهُ مُوْسٰى ۙ

خُوَارٌ	فَقَالُوْا	هٰذَآ	اِلٰهُكُمْ	وَ	اِلٰهُ مُوْسٰى
گائے کی آواز (تھی)	تو لوگوں نے کہا	یہ	تمہارا معبود	اور	موسیٰ کا معبود (ہے)

گائے جیسی آواز تھی تو لوگ کہنے لگے: یہ تمہارا معبود ہے اور موسیٰ کا معبود ہے

قوم کی بے وفائی کی طرف اشارہ

فَنَسِيَ ﴿۸۸﴾ اَفَلَا يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ

فَنَسِيَ ﴿۸۸﴾	اَفَلَا يَرَوْنَ (1)	اَلَّا يَرْجِعُ	اِلَيْهِمْ	قَوْلًا
تو موسیٰ بھول گیا ہے	تو کیا وہ نہیں دیکھتے	بیشک وہ (بچھڑا) نہیں لوٹاتا	ان کی طرف	کسی بات کا جواب

اور موسیٰ بھول گئے ہیں○ تو کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ بچھڑا انہیں کسی بات کا جواب نہیں دیتا

فساد کے وقت حضرت ہارون عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی نصیحت اور قوم کا جواب

وَّ لَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا ﴿۸۹﴾ وَ لَقَدْ

وَّ	لَا يَمْلِكُ	لَهُمْ	ضَرًّا	وَّ	لَا	نَفْعًا ﴿۸۹﴾	وَ	لَقَدْ
اور	وہ مالک نہیں	ان کے لئے	کسی نقصان	اور	نہ	کسی نفع (کا)	اور	ضرور بیشک

اور ان کیلئے نہ کسی نقصان کا مالک ہے اور نہ نفع کا○ اور بیشک

قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ

قَالَ	لَهُمْ	هٰرُوْنُ	مِنْ قَبْلُ	يٰقَوْمِ	اِنَّمَا فُتِنْتُمْ (2)
فرمایا	ان سے	ہارون (نے)	(اس سے) پہلے	اے میری قوم	تمہیں صرف آزمایا گیا ہے

ہارون نے ان سے پہلے ہی کہا تھا کہ اے میری قوم! تمہیں اس کے ذریعے صرف آزمایا

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) انہیں ہدایت عطا فرمائے۔ حدیثِ پاک میں ہے: رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنی ذات کے لئے کبھی کسی سے انتقام نہیں لیا البتہ اگر کوئی اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حرام کی ہوئی چیزوں کا مرتکب ہوتا تو ضرور اس سے مواخذہ فرماتے۔ (بخاری، ۲/۴۸۹، الحدیث: ۳۵۶۰) 1 ..... روشن آیات اور معجزات دیکھنے کے بعد بصیرت کا اندھا پن اور عقل والوں کی عقل و فہم کا سلب ہو جانا بہت بڑی بدبختی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے محفوظ فرمائے۔ 2 ..... حضرت ہارون عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے قوم کو سب سے پہلے باطل چیز کے بارے میں تنبیہ فرمائی، پھر آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے انہیں اللہ تعالیٰ کو پہچاننے کی دعوت دی، پھر انہیں نبوت کو پہچاننے کی دعوت دی، اس

www.dawateislami.net

بِهٖ ۚ وَ اِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَ اَطِيْعُوْۤا

بِهٖ	وَ	اِنَّ	رَبَّكُمُ	الرَّحْمٰنُ	فَاتَّبِعُوْنِيْ	وَ	اَطِيْعُوْۤا
اس کے ذریعے	اور	بیشک	تمہارا رب	رحمٰن (ہے)	تو تم پیروی کرو میری	اور	اطاعت کرو

جارہا ہے اور بیشک تمہارا رب رحمٰن ہے تو میری پیروی کرو اور میرے حکم کی

اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى

اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾	قَالُوْا	لَنْ نَّبْرَحَ	عَلَيْهِ	عٰكِفِيْنَ	حَتّٰى
میرے حکم (کی)	انہوں نے کہا	ہم رہیں گے	اس کی (پوجا) پر	جم کر بیٹھے	یہاں تک کہ

اطاعت کرو ○ بولے ہم تو اس پر جم کر بیٹھے رہیں گے جب تک

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پوچھ گچھ

يَّرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ

يَّرْجِعَ	اِلَيْنَا	مُوْسٰى ﴿٩١﴾	قَالَ	يٰهٰرُوْنُ	مَا	مَنَعَكَ
لوٹ کر آجائیں	ہماری طرف	موسیٰ	(موسیٰ نے) کہا	اے ہارون	کس چیز نے	منع کیا تجھے

ہمارے پاس موسیٰ لوٹ کر نہ آجائیں ○ موسیٰ نے فرمایا: اے ہارون! جب تم نے انہیں گمراہ ہوتے دیکھا تھا

اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْۤا ﴿٩٢﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾

اِذْ	رَاَيْتَهُمْ	ضَلُّوْۤا ﴿٩٢﴾	اَلَّا تَتَّبِعَنِ	اَفَعَصَيْتَ	اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾
جب	تم نے دیکھا انہیں	گمراہ ہوتے	کہ تم پیچھے نہ آئے میرے	تو کیا تم نے نہ مانا	میرا حکم

تو تمہیں کس چیز نے میرے پیچھے آنے سے منع کیا تھا؟ کیا تم نے میرا حکم نہ مانا؟ ○○ (1)

حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حضرت سے طرف

قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَ لَا بِرَاْسِيْ ۚ

قَالَ	يَبْنَؤُمَّ	لَا تَاْخُذْ	بِلِحْيَتِيْ	وَ	لَا	بِرَاْسِيْ (2)
(ہارون نے) کہا	اے میری ماں کے بیٹے	تم نہ پکڑو	میری داڑھی کو	اور	نہ	میرے سر کو

ہارون نے کہا: اے میری ماں کے بیٹے! میری داڑھی اور میرے سر کے بال نہ پکڑو

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کے بعد آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے انہیں شریعت کے احکام پر عمل کرنے کا حکم دیا۔ یہ وعظ و نصیحت کرنے کے معاملے میں انتہائی عمدہ ترتیب ہے اور حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سیرتِ مبارکہ میں وعظ و نصیحت کی اس ترتیب کا انتہائی اعلیٰ نمونہ موجود ہے۔ 1 ..... یہاں دو گول دائرے اس لئے لگائے گئے ہیں کہ اس مقام پر دو آیات کا ترجمہ ایک ساتھ کیا گیا ہے۔ 2 ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو یہ گمان ہوا کہ حضرت ہارون عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے بنی اسرائیل کو پکڑا پرستی سے روکنے میں کامل سختی نہیں کی، اس بنا پر آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے جوشِ غضب میں حضرت ہارون عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے سر اور داڑھی کے بالوں کو پکڑ کر

www.dawateislami.net

اِنِّیْ خَشِیْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَیْنَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ وَ

اِنِّیْ	خَشِیْتُ(1)	اَنْ	تَقُوْلَ	فَرَّقْتَ	بَیْنَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ	وَ
بیشک میں	ڈر رہا تھا	کہ	تم کہو گے	تم نے تفرقہ ڈال دیا	بنی اسرائیل کے درمیان	اور

بیشک مجھے ڈر تھا کہ تم کہو گے کہ (اے ہارون!) تم نے بنی اسرائیل میں تفرقہ ڈال دیا اور

لَمْ تَرْقُبْ قَوْلِیْ ﴿۹۴﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ یٰسَامِرِیُّ ﴿۹۵﴾

لَمْ تَرْقُبْ	قَوْلِیْ ﴿۹۴﴾	قَالَ	فَمَا خَطْبُكَ	یٰسَامِرِیُّ ﴿۹۵﴾
تم نے انتظار نہ کیا	میری بات (کا)	(موسیٰ نے) فرمایا	تو تیرا کیا حال (ہے)	اے سامری

تم نے میری بات کا انتظار نہ کیا ○ موسیٰ نے فرمایا: اے سامری! تو تیرا کیا حال ہے؟ ○

قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ یَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ

قَالَ	بَصُرْتُ	بِمَا	لَمْ یَبْصُرُوْا	بِهٖ	فَقَبَضْتُ
اس نے کہا	میں نے دیکھا	(اس) کو جو	لوگوں نے نہیں دیکھا	اس کو	تو میں نے بھر لی

اس نے کہا: میں نے وہ دیکھا جو لوگوں نے نہ دیکھا تو میں نے فرشتے کے نشان سے

قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَ كَذٰلِكَ سَوَّلَتْ

قَبْضَةً	مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ(2)	فَنَبَذْتُهَا	وَ	كَذٰلِكَ	سَوَّلَتْ
ایک مٹھی	رسول (یعنی جبریل) کے نشان سے	پھر ڈال دیا اسے	اور	اسی طرح	اچھا کر دکھایا

ایک مٹھی بھر لی پھر اسے ڈال دیا اور میرے نفس نے مجھے یہی

لِیْ نَفْسِیْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِی الْحَیٰوةِ

لِیْ	نَفْسِیْ ﴿۹۶﴾	قَالَ	فَاذْهَبْ	فَاِنَّ	لَكَ	فِی الْحَیٰوةِ
میرے لئے	میرے نفس (نے)	(موسیٰ نے) فرمایا	تو تو چلا جا	پس بیشک	تیرے لئے	زندگی میں

اچھا کر کے دکھایا ○ موسیٰ نے فرمایا: تو تو چلا جا پس بیشک زندگی میں تیرے لئے یہ سزا ہے

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سامری سے باز پرس اور اس کا جواب

سامری اور اس کے بچھڑے کا عبرتناک حشر

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) اپنی طرف کھینچا تو حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ کلام فرمایا۔ نوٹ: حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ فعل حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام کی توہین کے طور پر ہرگز نہ تھا بلکہ شدتِ غضب میں ایسا ہوا اور یہ غضب چونکہ رضائے الٰہی کے لئے تھا اس لئے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس فعل پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ (1) ..... حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قوم کو خلافِ شرع کام سے روکنے کی کوشش کی اور چند ہزار افراد کے علاوہ باقی لوگ اپنی حرکت پر ڈٹ گئے اور آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مخالفت پر اتر آئے، چنانچہ حالات کی نزاکت کے پیشِ نظر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام ان سے الگ ہو گئے اور حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام

www.dawateislami.net

اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ص وَّ اِنَّ لَكَ مَوْعِدًا

اَنْ	تَقُوْلَ	لَا مِسَاسَ (1)	وَ	اِنَّ	لَكَ	مَوْعِدًا
یہ (سزا ہے) کہ	تو کہے گا	نہ چھونا	اور	بیشک	تیرے لیے	ایک وعدے کا وقت (ہے)

کہ تو کہے گا: ”نہ چھونا“ اور بیشک تیرے لیے ایک وعدہ کا وقت ہے

لَّنْ تُخْلَفَهٗ ج وَ انْظُرْ اِلٰۤى اِلٰهِكَ الَّذِیْ ظَلْتَ عَلَیْهِ

لَّنْ تُخْلَفَهٗ	وَ	انْظُرْ	اِلٰۤى اِلٰهِكَ	الَّذِیْ ظَلْتَ عَلَیْهِ
تجھ سے ہرگز خلاف ورزی نہ کی جائے گی اس کی	اور	تو دیکھ	اپنے معبود کی طرف	جس (کی پوجا) پر تو رہا

جس کی تجھ سے خلاف ورزی نہ کی جائے گی اور اپنے اس معبود کو دیکھ جس کے سامنے تو سارا دن

عَاكِفًا ط لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِی الْیَمِّ نَسْفًا ﴿۹۷﴾

عَاكِفًا	لَنُحَرِّقَنَّهٗ	ثُمَّ	لَنَنْسِفَنَّهٗ	فِی الْیَمِّ	نَسْفًا ﴿۹۷﴾
جم کر بیٹھا	ضرور ہم جلائیں گے اسے	پھر	ضرور ہم بہادیں گے اسے	دریا میں	ریزہ ریزہ (کر کے)

ڈٹ کر بیٹھا رہا، قسم ہے: ہم ضرور اسے جلائیں گے پھر ریزہ ریزہ کر کے دریا میں بہائیں گے ○

حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا بنی اسرائیل سے خطاب

اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط وَسِعَ

اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِیْ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	وَسِعَ
تمہارا معبود صرف	اللہ (ہے)	وہ جو	نہیں	کوئی معبود	مگر	وہ	اس نے احاطہ کیا ہوا ہے

تمہارا معبود تو وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کا علم

سابقہ امتوں کے واقعات بیان کرنے کی طرف اشارہ اور عظمتِ قرآن

كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَیْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا

كُلَّ شَیْءٍ	عِلْمًا ﴿۹۸﴾	كَذٰلِكَ	نَقُصُّ	عَلَیْكَ	مِنْ اَنْۢبَآءِ (2)	مَا
ہر چیز (کا)	علم (سے)	اسی طرح	ہم بیان کرتے ہیں	تم پر	خبروں میں سے	(اس کی) جو

ہر چیز کو محیط ہے ○ (اے حبیب!) ہم تمہارے سامنے اسی طرح پہلے گزری ہوئی

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کی واپسی تک خاموشی اختیار فرمائی یعنی قوم کو روکنے کی جتنی طاقت تھی وہ استعمال کرلی، اس سے زیادہ نہیں کیا اور اتنا ہی حکمِ الٰہی ہوتا ہے لہٰذا یہ عمل مداہنت ہرگز نہیں کیونکہ مداہنت یہ ہے کہ خلافِ شرع چیز دیکھ کر جتنی قدرت ہے اتنا بھی نہ روکا جائے۔ ❷ ..... جمہور مفسرین کے نزدیک یہاں رسول سے مراد حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ہیں اور اثر سے مراد حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے سواری کے پاؤں کے نیچے کی مٹی ہے۔ ❶ ..... حضرت موسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے اس فرمان کے بعد سامری کا حال یہ ہوا کہ وہ لوگوں کو چھونے سے منع کرتا تھا اور اگر اتفاقاً کوئی اس سے چھو جاتا تو وہ اور چھونے والا دونوں شدید بخار میں مبتلا ہو جاتے تھے۔ اس

(اس صفحے کا حاشیہ) یہاں سے پہلے صفحے کا حاشیہ شروع ہوا

www.dawateislami.net

قرآن سے منہ پھیرنے والوں کا انجام

قَدْ سَبَقَ ج وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿٩٩﴾ مَنْ

قَدْ	سَبَقَ	وَ	قَدْ	اٰتَيْنٰكَ	مِنْ لَّدُنَّا	ذِكْرًا ﴿٩٩﴾	مَنْ
تحقیق	پہلے گزر گیا	اور	بیشک	ہم نے عطا کیا تجھے	اپنے پاس سے	ایک ذکر	جو

خبریں بیان کرتے ہیں اور بیشک ہم نے تمہیں اپنے پاس سے ایک ذکر عطا فرمایا ○ جو

اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾ لا

اَعْرَضَ	عَنْهُ	فَاِنَّهٗ	يَحْمِلُ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وِزْرًا ﴿١٠٠﴾
منہ پھیرے گا	اس سے	تو بیشک وہ	اٹھائے گا	قیامت کے دن	ایک بھاری بوجھ

اس سے منہ پھیرے گا تو بیشک وہ قیامت کے دن ایک بڑا بوجھ اٹھائے گا ○

خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ط وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾ لا

خٰلِدِيْنَ	فِيْهِ	وَ	سَآءَ	لَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	حِمْلًا ﴿١٠١﴾
ہمیشہ رہنے والے	اس میں	اور	بہت برا ہوگا	ان کیلئے	قیامت کے دن	بوجھ

وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے اور وہ قیامت کے دن ان کیلئے بہت برا بوجھ ہوگا ○

قیامت کی ہولناکیاں

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ

يَّوْمَ	يُنْفَخُ (1)	فِي الصُّوْرِ	وَ	نَحْشُرُ	الْمُجْرِمِيْنَ	يَوْمَئِذٍ
(جس) دن	پھونکا جائے گا	صور میں	اور	ہم اٹھائیں گے	مجرموں (کو)	اس دن

جس دن صُور میں پھونکا جائے گا اور ہم اس دن مجرموں کو اس حال میں اٹھائیں گے کہ

زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ صلے يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ

زُرْقًا ﴿١٠٢﴾	يَّتَخَافَتُوْنَ	بَيْنَهُمْ	اِنْ
نیلی آنکھوں والے	وہ آہستہ آہستہ باتیں کریں گے	اپنے درمیان (آپس میں)	نہیں

ان کی آنکھیں نیلی ہوں گی ○ وہ آپس میں آہستہ آہستہ باتیں کریں گے کہ

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے زبانِ انبیاء کو ایسی قوت عطا فرمائی کہ جو بات ان کی زبانِ مبارک سے نکل جاتی وہ پوری ہو جاتی تھی۔ ❷ ..... سابقہ قوموں کے واقعات غیب کی خبریں ہیں اور یہ خبریں حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اللہ تعالیٰ نے بتائی ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو غیب کا علم عطا فرمایا ہے۔ ❶ ..... صور میں دو مرتبہ پھونک ماری جائے گی، پہلی بار جب حضرت اسرافیل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام صور میں پھونک ماریں گے تو اس کی آواز سن کر تمام لوگ مر جائیں گے، آسمان، زمین، پہاڑ، یہاں تک کہ صور، حضرت اسرافیل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور تمام فرشتے فنا ہو جائیں گے، اُس وقت اللہ واحدِ حقیقی

www.dawateislami.net

لَبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿۱۰۳﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ

لَبِثْتُمْ	اِلَّا	عَشْرًا ﴿۱۰۳﴾	نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	اِذْ
تم رہے (دنیا میں)	مگر	دس (رات)	ہم	خوب جانتے ہیں	(اس) کو جو	وہ کہیں گے	جب

تم دنیا میں صرف دس رات رہے ہو ○ ہم خوب جانتے ہیں جو وہ کہیں گے جب

يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿۱۰۴﴾ وَ

يَقُوْلُ	اَمْثَلُهُمْ	طَرِيْقَةً	اِنْ	لَّبِثْتُمْ	اِلَّا	يَوْمًا ﴿۱۰۴﴾ (1)	وَ
کہے گا	ان میں سب سے بہتر	رائے (میں)	نہیں	تم رہے	مگر	ایک دن	اور

ان میں سب سے بہتر رائے والا کہے گا کہ تم صرف ایک ہی دن رہے تھے ○ اور

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾ لا

يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ الْجِبَالِ	فَقُلْ	يَنْسِفُهَا	رَبِّيْ	نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾
وہ پوچھتے ہیں تم سے	پہاڑوں کے بارے	تم کہو	اڑادے گا انہیں	میرا رب	ریزہ ریزہ (کر کے)

آپ سے پہاڑوں کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ تم فرماؤ! انہیں میرا رب ریزہ ریزہ کر کے اڑادے گا ○

فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾ لا لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا

فَيَذَرُهَا	قَاعًا	صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾	لَّا تَرٰى	فِيْهَا	عِوَجًا
تو (بنا) چھوڑے گا اس (زمین) کو	چٹیل میدان	ہموار	تو نہیں دیکھے گا	اس میں	ناہمواری

تو زمین کو ہموار چٹیل میدان بنا چھوڑے گا ○ تو اس میں کوئی ناہمواری دیکھے گا

وَّلَا اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾ ط يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا

وَّ	لَا	اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾	يَوْمَئِذٍ	يَّتَّبِعُوْنَ	الدَّاعِيَ (2)	لَا
اور	نہ	اونچائی	اس دن	لوگ پیچھے چلیں گے	پکارنے والے (کے)	نہیں (ہوگا)

اور نہ اونچائی ○ اس دن پکارنے والے کے پیچھے چلیں گے، (لوگوں کی طرف سے)

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) کے سوا کوئی نہ ہوگا، پھر جب اللہ تعالیٰ چاہے گا تب حضرت اسرافیل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو زندہ فرمائے گا اور صور کو پیدا کر کے دوبارہ پھونکنے کا حکم دے گا، اب صور پھونکتے ہی تمام اوّلین و آخرین، فرشتے، اِنسان، جنات اور حیوانات موجود ہو جائیں گے۔ (1) ..... وقت ایک نفیس نقدی اور لطیف جوہر ہے، اسے کسی حقیر اور فانی چیز کو پانے کے لئے خرچ نہ کیا جائے بلکہ اس سے وہ چیز حاصل کرنے کی کوشش کی جائے جو انتہائی اعلیٰ اور ہمیشہ رہنے والی ہے، لہٰذا عقلمند کو چاہئے کہ وہ اپنے وقت کو صرف دنیاوی زندگی کو پُر سکون بنانے، اس کی لذتوں اور رنگینیوں سے لطف اندوز ہونے اور اس کے عیش و عشرت کے حصول میں صرف کر کے اسے ضائع

www.dawateislami.net

عِوَجَ لَهٗ ؕ وَ خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ

عِوَجَ	لَهٗ	وَ	خَشَعَتِ	الْاَصْوَاتُ
(لوگوں کی طرف سے) اِدھر اُدھر ہونا	اس (داعی) کے لئے	اور	پست ہو جائیں گی	تمام آوازیں

اس داعی کے لئے اِدھر اُدھر ہونا نہ ہو گا اور سب آوازیں رحمٰن کے حضور پست ہو کر رہ جائیں گی

قیامت کے دن شفاعت کون کر سکے گا؟

لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا

لِلرَّحْمٰنِ	فَلَا تَسْمَعُ	اِلَّا	هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾	يَوْمَئِذٍ	لَّا تَنْفَعُ	الشَّفَاعَةُ (۱)	اِلَّا
رحمٰن کے حضور	تو تو نہ سنے گا	مگر	ہلکی سی آواز	اس دن	نفع نہ دے گی	شفاعت	مگر

تو تو ہلکی سی آواز کے سوا کچھ نہ سنے گا ○ اس دن کسی کی شفاعت کام نہ دے گی سوائے

علم الٰہی کی شان

مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَ رَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾ يَعْلَمُ مَا

مَنْ اَذِنَ لَهُ	الرَّحْمٰنُ	وَ	رَضِيَ	لَهٗ	قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾	يَعْلَمُ	مَا
جس کو اجازت دیدی	رحمٰن (نے)	اور	پسند فرمائی	اس کی	بات	وہ جانتا ہے	جو کچھ

اس کے جسے رحمٰن نے اجازت دیدی ہو اور اس کی بات پسند فرمائی ہو ○ وہ جانتا ہے جو کچھ

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	مَا	خَلْفَهُمْ	وَ	لَا يُحِيْطُوْنَ	بِهٖ	عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾
ان کے آگے	اور	جو کچھ	ان کے پیچھے (ہے)	اور	لوگ احاطہ نہیں کر سکتے	اس کا	علم (سے)

ان لوگوں کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے اور لوگوں کا علم اسے نہیں گھیر سکتا ○

بروزِ قیامت لوگوں کا ایک حال اور مشرکوں کی نامرادی

وَ عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَ قَدْ خَابَ

وَ	عَنَتِ	الْوُجُوْهُ	لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ	وَ	قَدْ	خَابَ
اور	جھک جائیں گے	چہرے	خود زندہ، قائم رکھنے والے کے حضور	اور	بیشک	وہ شخص ناکام رہا

اور تمام چہرے اُس کے حضور جھک جائیں گے جو خود زندہ، دوسروں کو قائم رکھنے والا ہے اور بیشک وہ شخص

(پچھلے صفحے کا حاشیہ) نہ کرے بلکہ اپنی آخرت بہتر سے بہتر بنانے میں اپنا کامل وقت استعمال کرے۔ ❷ ..... یہاں داعی سے مراد حضرت اسرافیل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ہیں۔

یہاں سے (اس صفحے کا حاشیہ) ❶ ..... اس آیت میں شفاعت کا ثبوت موجود ہے، چنانچہ علامہ علی بن محمد خازن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ قیامت کے دن مومن کے علاوہ کسی اور کی شفاعت نہ ہو گی اور کہا گیا ہے کہ شفاعت کرنے والے کا درجہ بہت عظیم ہے اور یہ اسے ہی حاصل ہو گا جسے اللہ تعالیٰ اجازت عطا فرمائے گا اور وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پسندیدہ ہو گا۔ (خازن، طٰہٰ، تحت الآیۃ: ۱۰۹، ۳/ ۲۶۴)

www.dawateislami.net

نیک اعمال کی قبولیت ایمان کے ساتھ مشروط ہے

مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ

مَنْ	حَمَلَ	ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾	وَ	مَنْ	يَّعْمَلْ	مِنَ الصّٰلِحٰتِ	وَ	هُوَ
جس نے	بوجھ اٹھایا	ظلم (کا)	اور	جو	کرے	کچھ نیک اعمال	اور (جبکہ)	وہ

ناکام رہا جس نے ظلم کا بوجھ اٹھایا ○ اور جو کوئی اسلام کی حالت میں

قرآن میں وعیدیں بیان کرنے کا مقصد

مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾ وَكَذٰلِكَ

مُؤْمِنٌ	فَلَا يَخٰفُ	ظُلْمًا	وَّ	لَا	هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾	وَ	كَذٰلِكَ
ایمان والا (ہو)	تو اسے خوف نہ ہوگا	زیادتی (کا)	اور	نہ	کمی (کا)	اور	اسی طرح

کچھ نیک اعمال کرے تو اسے نہ زیادتی کا خوف ہوگا اور نہ کمی کا ○ اور یونہی

اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ

اَنْزَلْنٰهُ	قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا	وَّ	صَرَّفْنَا	فِيْهِ	مِنَ الْوَعِيْدِ
ہم نے نازل کیا اسے	عربی قرآن	اور	مختلف انداز سے بیان کیں	اس میں	کچھ وعیدیں

ہم نے اسے عربی قرآن نازل فرمایا اور اس میں مختلف انداز سے عذاب کی وعیدیں بیان کیں

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾

لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	اَوْ	يُحْدِثُ	لَهُمْ	ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾
تاکہ وہ	لوگ ڈریں	یا	وہ (قرآن) پیدا کردے	ان کے (دلوں میں)	کچھ غور و فکر، نصیحت

تاکہ لوگ ڈریں یا قرآن ان کے دل میں کچھ غور و فکر پیدا کرے ○

نزولِ قرآن کے وقت ایک عمل سے پہلے اور عمل میں اضافے کی دعا سکھانے کی ہدایت

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ

فَتَعٰلَى	اللّٰهُ	الْمَلِكُ الْحَقُّ	وَ	لَا تَعْجَلْ (1)	بِالْقُرْاٰنِ	مِنْ قَبْلِ
تو بہت بلند ہے	اللہ	سچا بادشاہ	اور	تم جلدی نہ کرو	قرآن میں	(اس سے) پہلے

تو وہ اللہ بہت بلند ہے جو سچا بادشاہ ہے اور آپ کی طرف قرآن کی وحی کے ختم ہونے سے پہلے

1 ..... جب حضرت جبریل عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام قرآنِ کریم لے کر نازل ہوتے تھے تو سیّد المرسلین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان کے ساتھ ساتھ پڑھتے تھے اور جلدی کرتے تھے تاکہ خوب یاد ہو جائے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور فرمایا گیا کہ اے حبیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، آپ یاد کرنے کی مشقت نہ اٹھائیں۔ پھر سورۂ قیامہ میں اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید کو جمع کرنے اور اسے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زبانِ مبارک پر جاری کرنے کا خود ذمہ لے کر آپ کی اور زیادہ تسلی فرمادی۔

www.dawateislami.net

اَنْ يُّقْضٰۤى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫ وَ قُلْ رَّبِّ

اَنْ	يُّقْضٰى	اِلَيْكَ	وَحْيُهٗ	وَ	قُلْ	رَّبِّ
کہ	پوری کی جائے	تمہاری طرف	اس کی وحی	اور	تم کہو	اے میرے رب

قرآن میں جلدی نہ کرو اور عرض کرو: اے میرے رب!

زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَ لَقَدْ عَهِدْنَاۤ اِلٰۤى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ

زِدْنِيْ (1)	عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾	وَ	لَقَدْ	عَهِدْنَاۤ	اِلٰۤى اٰدَمَ	مِنْ قَبْلُ
زیادہ کردے مجھے	علم (میں)	اور	ضرور بیشک	ہم نے عہد لیا	آدم سے	(اس سے) پہلے

میرے علم میں اضافہ فرما ○ اور بیشک ہم نے آدم کو اس سے پہلے تاکیدی حکم دیا تھا

حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ممنوعہ درخت کے پاس جانا قصداً نہیں تھا

فَنَسِيَ وَ لَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ ع وَ اِذْ قُلْنَا

فَنَسِيَ	وَ	لَمْ نَجِدْ	لَهٗ	عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ (2)	وَ	اِذْ	قُلْنَا
تو وہ بھول گیا	اور	ہم نے نہیں پایا	اس کا	مضبوط ارادہ	اور	جب	ہم نے فرمایا

تو وہ بھول گیا اور ہم نے اس کا کوئی مضبوط ارادہ نہ پایا تھا ○ اور جب ہم نے فرشتوں سے

حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ابلیس کا واقعہ

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِيْسَ ؕ

لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْۤا	اِلَّاۤ	اِبْلِيْسَ
فرشتوں سے	تم سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس (کے)

فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو تو ابلیس کے سوا سب سجدے میں گر گئے،

اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا يٰۤاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَ

اَبٰى ﴿۱۱۶﴾	فَقُلْنَا	يٰۤاٰدَمُ	اِنَّ	هٰذَا	عَدُوٌّ	لَّكَ	وَ
اس نے انکار کردیا	تو ہم نے فرمایا	اے آدم	بیشک	یہ	دشمن (ہے)	تمہارا	اور

اس نے انکار کردیا ○ تو ہم نے فرمایا، اے آدم! بیشک یہ تیرا اور

1 ..... حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تمام مخلوق میں سب سے بڑے عالم ہیں اور آپ کا علم ہمیشہ ترقی میں ہے، اس کے باجود انہیں زیادتیِ علم کی دعا مانگنے کا حکم دیا گیا، اس سے معلوم ہوا کہ علم سے کبھی سیر نہیں ہونا چاہئے بلکہ مزید علم کی طلب میں رہنا چاہئے اور علم کی حرص اچھی چیز ہے۔ 2 ..... یہ آیت حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی عصمت پر بڑی واضح دلیل ہے کہ انہوں نے جان بوجھ کر ممنوعہ درخت سے نہیں کھایا بلکہ اس کی وجہ اللہ تعالیٰ کا حکم یاد نہ رہنا تھا اور جو کام سہواً ہو وہ گناہ نہیں ہوتا۔

www.dawateislami.net

لِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿١١٧﴾

لِزَوْجِكَ	فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا	مِنَ الْجَنَّةِ	فَتَشْقٰى ﴿١١٧﴾
تمہاری بیوی کا	تو وہ ہرگز نہ نکال دے تم دونوں کو	جنت سے	(اگر ایسا ہوا) تو تم مشقت میں پڑ جاؤ گے

تیری بیوی کا دشمن ہے تو یہ ہرگز تم دونوں کو جنت سے نہ نکال دے ورنہ تو مشقت میں پڑ جائے گا ○

اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَ لَا تَعْرٰى ﴿١١٨﴾ وَ

اِنَّ	لَكَ	اَلَّا تَجُوْعَ (1)	فِيْهَا	وَ	لَا تَعْرٰى ﴿١١٨﴾	وَ
بیشک	تیرے لیے	(یہ ہے) کہ تو بھوکا نہ ہوگا	اس (جنت) میں	اور	نہ بے لباس ہوگا	اور

بیشک تیرے لیے جنت میں یہ ہے کہ نہ تو بھوکا ہوگا اور نہ ہی ننگا ہوگا ○ اور

اَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَ لَا تَضْحٰى ﴿١١٩﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ

اَنَّكَ	لَا تَظْمَؤُا	فِيْهَا	وَ	لَا تَضْحٰى ﴿١١٩﴾ (2)	فَوَسْوَسَ	اِلَيْهِ
بیشک تو	پیاسا نہ ہوگا	اس میں	اور	نہ تجھے دھوپ لگے گی	تو وسوسہ ڈالا	اس کی طرف

یہ کہ نہ کبھی تو اس میں پیاسا ہوگا اور نہ تجھے دھوپ لگے گی ○ تو شیطان نے اسے

الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ

الشَّيْطٰنُ	قَالَ	يٰۤاٰدَمُ	هَلْ	اَدُلُّكَ	عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ
شیطان (نے)	کہنے لگا	اے آدم	کیا	میں رہنمائی کروں تمہاری	ہمیشہ رہنے کے درخت پر

وسوسہ ڈالا، کہنے لگا: اے آدم! کیا میں تمہیں ہمیشہ رہنے کے درخت

وَ مُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿١٢٠﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ

وَ	مُلْكٍ	لَّا يَبْلٰى ﴿١٢٠﴾	فَاَكَلَا	مِنْهَا	فَبَدَتْ
اور	(ایسی) بادشاہی (پر)	(جو) فنا نہ ہوگی	تو ان دونوں نے کھالیا	اس (درخت) سے	تو ظاہر ہو گئے

اور ایسی بادشاہت کے متعلق بتادوں جو کبھی فنا نہ ہوگی ○ تو ان دونوں نے اس درخت میں سے کھالیا تو ان پر

1 ..... اس سے معلوم ہوا کہ حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اسی مشہور جنت میں رکھے گئے تھے جو بعدِ قیامت نیکوں کو عطا ہوگی، وہ کوئی دنیاوی باغ نہ تھا کیونکہ دنیاوی باغ میں تو دھوپ بھی ہوتی ہے اور یہاں بھوک بھی لگتی ہے۔

2 ..... جنتی نعمتوں کی بڑی اہمیت ہے، رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے ایسی نعمتیں تیار کی ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی انسان کے دل پر ان کا کوئی خیال گزرا۔ (مسلم، ص ۱۵۱۶، الحدیث: (۲) ۲۸۲۴)

www.dawateislami.net

لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَ طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَ

لَهُمَا	سَوْاٰتُهُمَا	وَ	طَفِقَا يَخْصِفٰنِ	عَلَيْهِمَا	مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ	وَ
ان کے لئے	ان کے شرم کے مقام	اور	وہ چپکانے لگ گئے	اپنے اوپر	جنت کے پتوں سے	اور

ان کی شرم کے مقام ظاہر ہو گئے اور وہ جنت کے پتے اپنے اوپر چپکانے لگے اور

عَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ صلے ثُمَّ

عَصٰۤى (1)	اٰدَمُ	رَبَّهٗ	فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾	ثُمَّ
لغزش واقع ہوئی	آدم (سے)	اپنے رب (کے حکم میں)	تو اس نے (اپنے مقصد کی) راہ نہ پائی	پھر

آدم سے اپنے رب کے حکم میں لغزش واقع ہوئی تو جو مقصد چاہا تھا وہ نہ پایا○ پھر

اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَ هَدٰى ﴿۱۲۲﴾

اجْتَبٰهُ	رَبُّهٗ	فَتَابَ عَلَيْهِ	وَ	هَدٰى ﴿۱۲۲﴾
چن لیا اسے	اس کے رب (نے)	تو اپنی رحمت سے رجوع فرمایا اس پر	اور	(خاص قرب کا) راستہ دکھایا

اس کے رب نے اسے چن لیا تو اس پر اپنی رحمت سے رجوع فرمایا اور خصوصی قرب کا راستہ دکھایا○

قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ

قَالَ	اهْبِطَا	مِنْهَا	جَمِيْعًا	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ
(اللہ نے) فرمایا	نیچے اتر جاؤ	اس (جنت) سے	سب	تمہارے بعض	بعض کے	دشمن (ہیں)

اللہ نے فرمایا: تم دونوں اکٹھے جنت سے اتر جاؤ، تمہارے بعض بعض کے دشمن ہوں گے

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ

فَاِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	مِّنِّيْ	هُدًى	فَمَنِ	اتَّبَعَ
پھر اگر	آئے تمہارے پاس	میری طرف سے	ہدایت	تو جو	پیروی کرے گا

پھر (اے اولادِ آدم) اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت آئے تو جو میری ہدایت کی

1 .....اس آیت میں ظاہری اور صوری اعتبار سے حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرف نافرمانی کی نسبت کی گئی ہے ورنہ جو فعل حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے ہوا وہ درحقیقت کوئی گناہ نہ تھا جیسا کہ اوپر بیان ہوا اور ظاہری و صوری اعتبار سے نافرمانی کی نسبت بھی اس لئے کی گئی ہے کہ حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے بہر حال اس درخت سے کھایا تھا اگرچہ ان کا ارادہ نہ تھا۔ نوٹ: کسی دینی ضرورت جیسے تلاوتِ قرآن وحدیث کے بغیر حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرف معصیت کی نسبت کرنا ناجائز ہے۔

www.dawateislami.net

هُدَایَ فَلَا یَضِلُّ وَ لَا یَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَ مَنْ اَعْرَضَ

هُدَایَ	فَلَا یَضِلُّ	وَ	لَا یَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾	وَ	مَنْ	اَعْرَضَ
میری ہدایت (کی)	تو نہ وہ گمراہ ہو گا	اور	نہ بدبخت ہو گا	اور	جس نے	منہ پھیرا

پیروی کرے گا تو وہ نہ گمراہ ہو گا اور نہ بدبخت ہو گا ○ اور جس نے

عَنْ ذِكْرِیْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِیْشَةً ضَنْكًا وَّ نَحْشُرُهٗ

عَنْ ذِكْرِیْ (1)	فَاِنَّ	لَهٗ	مَعِیْشَةً ضَنْكًا	وَّ	نَحْشُرُهٗ
میرے ذکر سے	تو بیشک	اس کے لیے	تنگ زندگی (ہے)	اور	ہم اٹھائیں گے اسے

میرے ذکر سے منہ پھیرا تو بیشک اس کے لیے تنگ زندگی ہے اور ہم اسے قیامت کے دن

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِیْۤ اَعْمٰى

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾	قَالَ	رَبِّ	لِمَ	حَشَرْتَنِیْۤ	اَعْمٰى
قیامت کے دن	اندھا	وہ کہے گا	اے میرے رب	کیوں	تو نے اٹھایا مجھے	اندھا

اندھا اٹھائیں گے ○ وہ کہے گا: اے میرے رب! تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا

وَ قَدْ كُنْتُ بَصِیْرًا ﴿۱۲۵﴾ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ

وَ	قَدْ	كُنْتُ	بَصِیْرًا ﴿۱۲۵﴾	قَالَ	كَذٰلِكَ	اَتَتْكَ
اور (حالانکہ)	بیشک	میں تھا	دیکھنے والا	اللہ فرمائے گا	اسی طرح	آئی تھیں تیرے پاس

حالانکہ میں تو دیکھنے والا تھا؟ ○ اللہ فرمائے گا: اسی طرح ہماری آیتیں

اٰیٰتُنَا فَنَسِیْتَهَا ۚ وَ كَذٰلِكَ الْیَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَ

اٰیٰتُنَا	فَنَسِیْتَهَا	وَ	كَذٰلِكَ	الْیَوْمَ	تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾	وَ
ہماری آیتیں	تو تو نے بھلا دیا انہیں	اور	اسی طرح	آج	تجھے چھوڑ دیا جائے گا	اور

تیرے پاس آئی تھیں تو تو نے انہیں بھلا دیا اور آج اسی طرح تجھے چھوڑ دیا جائے گا ○ اور

1 ..... یہاں ذکر سے مراد قرآن مجید پر ایمان لانا ہے یا اس سے مراد وہ دلائل ہیں جنہیں اسلام کی حقانیت کے ثبوت کے طور پر نازل کیا گیا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ذکر سے سیّد المرسلین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مقدس ذات مراد ہو کیونکہ ذکر آپ ہی سے حاصل ہوتا ہے۔

www.dawateislami.net

كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ

كَذٰلِكَ	نَجْزِيْ	مَنْ	اَسْرَفَ	وَ	لَمْ يُؤْمِنْۢ	بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ
ایسا ہی	ہم بدلہ دیتے ہیں	(اسے) جو	حد سے بڑھے	اور	ایمان نہ لائے	اپنے رب کی آیتوں پر

ہم اس شخص کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں جو حد سے بڑھے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لائے

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾

وَ	لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ	اَشَدُّ	وَ	اَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾
اور	ضرور آخرت کا عذاب	سب سے شدید	اور	سب سے زیادہ باقی رہنے والا (ہے)

اور بیشک آخرت کا عذاب سب سے شدید اور سب سے زیادہ باقی رہنے والا ہے ○

کفارِ مکہ کی غفلت کا حال

اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ

اَفَلَمْ يَهْدِ (1)	لَهُمْ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ
تو کیا ہدایت نہ دی	ان کو	(اس بات نے کہ) کتنی	ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے پہلے

تو کیا انہیں اس بات نے ہدایت نہ دی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قومیں

مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

مِّنَ الْقُرُوْنِ	يَمْشُوْنَ	فِيْ مَسٰكِنِهِمْ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ
قوموں میں سے	یہ چلتے پھرتے ہیں	ان کی رہائش گاہوں میں	بیشک	اس میں	ضرور نشانیاں (ہیں)

ہلاک کر دیں جن کی رہائش کی جگہوں میں یہ چلتے پھرتے ہیں بیشک اس میں عقل والوں کیلئے

اس امت سے عذابِ عام مؤخر کئے جانے کی وجہ

لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ ع وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾	وَ	لَوْلَا	كَلِمَةٌ (2)	سَبَقَتْ	مِنْ رَّبِّكَ
عقل والوں کے لئے	اور	اگر نہ ہوتی	ایک بات	پہلے گزر چکی	تیرے رب کی طرف سے

نشانیاں ہیں ○ اور اگر تمہارے رب کی طرف سے ایک بات پہلے (طے) نہ ہو چکی ہوتی

1 ..... دل کی سختی یہ ہے کہ انسان پر وعظ و نصیحت اثر نہ کرے اور وہ اپنے گزشتہ گناہوں پر نہ روئے اور آیاتِ الٰہیہ میں غور و فکر نہ کرے۔ قرآن مجید میں کئی مقامات پر سابقہ قوموں کے احوال اور ان کا عبرتناک انجام بیان ہوا ہے، نیز ان کے احوال و انجام میں غور و فکر کر کے عبرت و نصیحت حاصل کرنے کی دعوت بھی دی گئی ہے، لیکن افسوس! فی زمانہ دل کی سختی کا حال یہ ہے کہ لوگ قرآنِ مجید میں موجود یہ سب کچھ سننے کے باوجود بھی عبرت و نصیحت حاصل نہیں کرتے۔

2 ..... یہاں کلمہ سے مراد حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی امت سے قیامت تک عذابِ عام مؤخر کئے جانے کی بات ہے۔

www.dawateislami.net

لَكَانَ لِزَامًا وَّ اَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا

لَكَانَ	لِزَامًا	وَّ	اَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾	فَاصْبِرْ (1)	عَلٰى	مَا
(تو عذاب) ضرور ہو جاتا	لازم	اور	ایک مقررہ مدت (نہ ہوتی)	تو تم صبر کرو	(اس) پر	جو

اور ایک مقررہ مدت نہ ہوتی تو ضرور عذاب انہیں لپٹ جاتا ○ تو ان کی باتوں پر

يَقُوْلُوْنَ وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ

يَقُوْلُوْنَ	وَ	سَبِّحْ (2)	بِحَمْدِ رَبِّكَ	قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ	وَ
وہ کہتے ہیں	اور	پاکی بیان کرتے رہو	اپنے رب کی حمد کے ساتھ	سورج طلوع ہونے سے پہلے	اور

صبر کرو اور سورج کے طلوع ہونے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے

قَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَ مِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَ

قَبْلَ غُرُوْبِهَا	وَ	مِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ	فَسَبِّحْ	وَ
اس کے غروب ہونے سے پہلے	اور	رات کی کچھ گھڑیوں (میں)	تو پاکی بیان کرو	اور

اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتے رہو اور رات کی کچھ گھڑیوں میں اور

اَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ وَ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ

اَطْرَافَ النَّهَارِ	لَعَلَّكَ	تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾	وَ	لَا تَمُدَّنَّ	عَيْنَيْكَ (3)
دن کے کناروں (پر)	تاکہ تم	راضی ہو جاؤ	اور	(اے مخاطب) تو نہ پھیلا	اپنی آنکھیں

دن کے کناروں پر (بھی اللہ کی) پاکی بیان کرو، اس امید پر کہ تم راضی ہو جاؤ ○ اور اے سننے والے!

اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ

اِلٰى	مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ	اَزْوَاجًا	مِّنْهُمْ
(اس) کی طرف	جس کے ساتھ ہم نے فائدہ اٹھانے دیا	مختلف گروہوں (کو)	ان میں سے

ہم نے مخلوق کے مختلف گروہوں کو دنیا کی زندگی کی جو تر و تازگی کی فائدہ اٹھانے کیلئے دی ہے

1 ..... صبر کا معنی ہے نفس کو اس چیز پر روکنا جس پر رکنے کا عقل اور شریعت تقاضا کر رہی ہو یا نفس کو اس چیز سے باز رکھنا جس سے رکنے کا عقل اور شریعت تقاضا کر رہی ہو۔ 2 ..... اس آیت میں فرض نمازوں کا ثبوت موجود ہے کہ طلوعِ آفتاب سے پہلے پاکی بیان کرنے سے مراد نمازِ فجر ادا کرنا، غروبِ آفتاب سے پہلے پاکی بیان کرنے سے مراد ظہر و عصر کی نمازیں ادا کرنا اور رات کی کچھ گھڑیوں میں پاکی بیان کرنے سے مغرب اور عشاء کی نمازیں پڑھنا مراد ہے۔ 3 ..... یہاں بظاہر خطاب حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ہے جبکہ مراد امت ہے۔ نیز معلوم ہوا کہ مسلمان کی اصل توجہ مالِ دنیا کی طرف نہیں بلکہ اخروی رزق کی طرف ہونی چاہئے۔

www.dawateislami.net

زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَ رِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ

زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	لِنَفْتِنَهُمْ	فِيْهِ	وَ	رِزْقُ رَبِّكَ	خَيْرٌ
دنیاوی زندگی کی تروتازگی	تاکہ ہم آزمائیں انہیں	اس میں	اور	تیرے رب کا رزق	سب سے اچھا

تاکہ ہم انہیں اس بارے میں آزمائیں تو اس کی طرف تو اپنی آنکھیں نہ پھیلا اور تیرے رب کا رزق سب سے اچھا

وَّ اَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَ اْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ

وَّ	اَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾	وَ اْمُرْ	اَهْلَكَ [1]	بِالصَّلٰوةِ	وَ
اور	سب سے زیادہ باقی رہنے والا (ہے)	اور حکم دو	اپنے گھر والوں (کو)	نماز کا	اور

اور سب سے زیادہ باقی رہنے والا ہے ○ اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور

خود نماز پر ثابت قدم رہنے اور اہلِ خانہ کو نماز کا حکم دینے کی تاکید

اصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَ

اصْطَبِرْ	عَلَيْهَا	لَا نَسْـَٔلُكَ	رِزْقًا	نَحْنُ	نَرْزُقُكَ	وَ
(خود) ڈٹے رہو	اس پر	ہم نہیں مانگتے تم سے	کوئی رزق	(بلکہ) ہم	رزق دیں گے تمہیں	اور

خود بھی نماز پر ڈٹے رہو۔ ہم تجھ سے کوئی رزق نہیں مانگتے (بلکہ) ہم تجھے روزی دیں گے اور

کفار کی طرف سے نشانی کا مطالبہ اور اس کا جواب

الْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾ وَ قَالُوْا لَوْلَا

الْعَاقِبَةُ	لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾	وَ	قَالُوْا	لَوْلَا
اچھا انجام	پرہیز گاری کے لیے (ہے)	اور	(کافروں نے) کہا	کیوں نہیں

اچھا انجام پرہیز گاری کے لیے ہے ○ اور کافروں نے کہا: یہ نبی

يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَ لَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ

يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ	اَوَ لَمْ تَاْتِهِمْ	بَيِّنَةُ
وہ لاتے ہمارے پاس کوئی نشانی	اپنے رب کی طرف سے	اور کیا نہیں آیا ان کے پاس	(اس کا) بیان

اپنے رب کے پاس سے کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے؟ اور کیا ان لوگوں کے پاس پہلی کتابوں میں

1 ..... حضرت ابو سعید خدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ”جب یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی تو نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم آٹھ ماہ تک حضرت علی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کے دروازے پر صبح کی نماز کے وقت تشریف لاتے رہے اور فرماتے ”اَلصَّلَاۃَ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ ﴿اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْہِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَہْلَ الْبَیْتِ وَیُطَہِّرَکُمْ تَطْہِیْرًا﴾“ (ابن عساکر، ۴۲/۱۳۶) نوٹ: آیت میں موجود خطاب میں حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی امت بھی داخل ہے اور ہر امتی کو بھی یہ حکم ہے کہ وہ اپنے گھر والوں کو نماز ادا کرنے کا حکم دے اور خود بھی نماز ادا کرنے پر ثابت قدم رہے۔

www.dawateislami.net

رسول بھیجنے سے پہلے عذاب نازل نہ کرنے کی حکمت

مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾ وَلَوْ اَنَّاۤ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ

مَا	فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾	وَ	لَوْ	اَنَّاۤ	اَهْلَكْنٰهُمْ	بِعَذَابٍ
جو	پہلی کتابوں میں (مذکور تھا)	اور	اگر	بیشک	ہم ہلاک کر دیتے انہیں	کسی عذاب سے

مذکور بیان نہ آیا ○ اور اگر ہم انہیں رسول کے آنے سے پہلے

مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَاۤ اَرْسَلْتَ

مِّنْ قَبْلِهٖ	لَقَالُوْا	رَبَّنَا	لَوْلَاۤ	اَرْسَلْتَ
اس (رسول) سے پہلے	(تو) ضرور وہ کہتے	اے ہمارے رب	کیوں نہیں	تو نے بھیجا

کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے تو ضرور کہتے: اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف

اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

اِلَيْنَا	رَسُوْلًا	فَنَتَّبِعَ	اٰيٰتِكَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ
ہماری طرف	کوئی رسول	تو ہم پیروی کرتے	تیری آیتوں (کی)	(اس سے) پہلے	کہ

کوئی رسول کیوں نہ بھیجا کہ ہم ذلیل ورسوا ہونے سے پہلے

نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ

نَّذِلَّ	وَ	نَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾	قُلْ (1)	كُلٌّ	مُّتَرَبِّصٌ	فَتَرَبَّصُوْا
ہم ذلیل ہوں	اور	رسوا ہوں	تم کہو	ہر ایک	انتظار کر رہا ہے	تو تم (بھی) انتظار کرو

تیری آیتوں کی پیروی کرتے؟ ○ تم فرماؤ: ہر کوئی انتظار کر رہا ہے تو تم بھی انتظار کرو

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾ ع

فَسَتَعْلَمُوْنَ	مَنْ	اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ	وَ	مَنِ	اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾
پس عنقریب تم جان لوگے	کون (تھے)	سیدھے راستے والے	اور	کس نے	ہدایت پائی

تو عنقریب تم جان لوگے کہ سیدھے راستے والے کون تھے اور کس نے ہدایت پائی؟ ○

مسلمانوں پر حوادث کے منتظر کفار کو جواب

ع ١٧

(1) ..... شانِ نزول: مشرکین نے کہا تھا کہ ہم زمانے کے حوادِث اور انقلاب کا انتظار کر رہے ہیں کہ کب مسلمانوں پر آئیں اور ان کا قصہ تمام ہو۔ اس پر یہ آیت نازِل ہوئی اور بتایا گیا کہ تم مسلمانوں کی تباہی و بربادی کا انتظار کر رہے ہو اور مسلمان تمہاری سزا و عذاب کا انتظار کر رہے ہیں۔ عنقریب جب خدا کا حکم آئے گا اور قیامت قائم ہوگی تو تم جان لوگے کہ سیدھے راستے والے کون تھے اور کس نے ہدایت پائی؟ (خازن، طٰہٰ، تحت الآیۃ: ۱۳۵، ۳/۲۷۰)

www.dawateislami.net